

انسدادِ سود کا مقدمہ اور وفاقی شرعی عدالت کے 14 سوال

حافظ عاطف وحید

تقدیم

یہ بات ایک اٹل حقیقت ہے جس کا انکار ممکن نہیں کہ پاکستان اسلام کے نام اور کلمہ طیبہ کے اعلان و اقرار پر وجود میں آیا۔ لاکھوں جانوں کی قربانی اور ہزاروں عصمتیں لٹوانے کے بعد قائم ہونے والے ملک میں اسلامی شریعت کے علاوہ کسی دوسرے قانون کی بالادستی نہ عقلاً قابل تسلیم ہے اور نہ شرعاً قابل قبول۔ یہی وجہ ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح کا پاکستان کے لیے ایک اسلامی فلاحی مملکت کا وژن اُن کے دسیوں خطابات سے واضح ہوجاتا ہے جو انہوں نے تحریک پاکستان کے لیے جدوجہد کے دوران اور بعد میں ارشاد فرمائے۔

1948ء میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائد کا یہ بیان تاریخی ریکارڈ کا حصہ ہے۔ انہوں نے فرمایا:

I shall watch with keenness the work of your Research Organization in evolving" banking practices compatible with Islamic ideas of social and economic life. The economic system of the West has created almost insoluble problems for humanity and to many of us it appears that only a miracle can save it from disaster that is not facing the world. It has failed to do justice between man and man and to eradicate friction from the international field. On the contrary, it was largely responsible for the two world wars in the last half century. The Western world, in spite of its advantages, of mechanization and industrial efficiency is today in a worse mess than ever before in history. The adoption of Western economic theory and practice will not help us in achieving our goal of creating a happy and contended people. We must work our destiny in our own way and present to the world an economic system based on true Islamic concept of equality of manhood and social justice. We will thereby be

fulfilling our mission as Muslims and giving to humanity the message of peace which

"...alone can save it and secure the welfare, happiness and prosperity of mankind

جناب قائد کا یہ بیان ایک نوع کا پالیسی سٹیٹمنٹ ہے جو اپنے مفہوم اور مدعا میں بالکل واضح اور غیر مبہم ہے۔ پاکستان کے مرکزی مالیاتی ادارہ کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے اس اصولی موقف کا اظہار اس امر کا غماز ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی آئینی تاریخ اور سود کی حرمت کا مسئلہ بالکل آغاز ہی سے پہلو بہ پہلو رہا ہے۔

1956 کے آئین اور 1962 میں تشکیل پائے جانے والے آئین' دونوں میں صاف اور غیر مبہم طور پر یہ بات درج تھی کہ حکومت ِ پاکستان نظامِ معیشت سے سود کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے بھرپور کوشش کرے گی۔ اس کے بعد 1973 کے آئین' جو کہ ہماری تاریخ کا متفقہ آئین اور دستور مانا جاتا ہے' کے آرٹیکل 38 کی ذیلی دفعہ F میں کہا گیا ہے ''حکومت جس قدر جلد ممکن ہو سکے ربا کو ختم کرے گی۔''

1962 میں آئین کی تشکیل کے علاوہ قومی سطح پر اسلامی نظریاتی کونسل کے نام سے ایک دستوری ادارہ قائم کیا گیا جس میں تمام مسالک اور مکاتب ِفکر سے تعلق رکھنے والے مستند علماء کرام کو نمائندگی دی گئی۔ اس ادارے کے فرضِ منصبی میں یہ بات شامل کی گئی کہ یہ ادارہ ایسی تجاویز مرتب کرے گا جن پر عمل کر کے پاکستانی عوام کی زندگیوں کو اسلامی ڈھانچے میں ڈھالا جا سکے۔

چنانچہ 3 دسمبر 1969ء کو اسلامی نظریاتی کونسل نے اپنی آئینی ذمہ داری ادا کرتے ہوئے اپنی ایک رپورٹ میں اتفاقِ رائے سے اس امر کا اظہار کیا کہ ''ربا اپنی ہر صورت میں حرام ہے اور شرح سود کی کمی بیشی سود کی حرمت پر اثر انداز نہیں ہوتی''۔ مزید یہ کہ موجودہ بینکاری نظام کے تحت افراد' اداروں اور حکومتوں کے درمیان قرضوں اور کاروباری لین دین میں اصل رقم پر جو اضافہ یا بڑھوتری لی یا دی جاتی ہے وہ ربا کی تعریف میں آتی ہے۔ سیونگ سرٹیفکیٹ میں جو اضافہ دیا جاتا ہے وہ بھی سود میں شامل ہے۔ پروویڈنٹ فنڈ اور پوسٹل بیمہ زندگی وغیرہ میں جو سود دیا جاتا ہے وہ بھی ربا میں شامل ہے اور اس کے ساتھ ساتھ صوبوں' مقامی اداروں اور سرکاری ملازمین کو دیے گئے قرضوں پر اضافہ بھی سود ہی کی ایک قسم ہے' لہٰذا یہ تمام صورتیں حرام اور ممنوع ہیں۔

کونسل کی مذکورہ بالا رپورٹ کے 8 سال بعد 1977ء میں صدرِ پاکستان جنرل محمد ضیاء

الحق نے کونسل کو ہدایت کی کہ کونسل ضروری تحقیق اور تفتیش کے بعد ایسے طریقے بھی تجویز کرے جن کو اپنا کر سود جیسی لعنت کا خاتمہ کیا جا سکے۔ چنانچہ کونسل نے بینک ماہرین' اقتصادیات کے ماہرین اور علماء سے طویل گفتگو اور مباحث کے بعد اور عالمی سطح پر اس مسئلے کی پیچیدگیوں کے گہرے مطالعے کے بعد 25 جون 1980ء کو اپنی رپورٹ

صدرِ پاکستان کے سامنے پیش کردی۔ اس رپورٹ میں سود کو ختم کر کے اس کے متبادل نظام کی جملہ تفصیلات درج تھیں اور کہا گیا تھا کہ ان تجاویز پر عمل درآمد سے دو سال کے اندر اندر پاکستان کی معیشت سود سے مکمل طور پر پاک ہو سکتی ہے۔

اس رپورٹ کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ سعودی عرب کی کنگ عبدا لعزیز یونیورسٹی جدہ نے اس کا عربی زبان میں ترجمہ کر کے اپنی حکومت ' اہل علم اور عوام کے استفادے کے لیے شائع کیا۔ لیکن قابلِ افسوس بات یہ ہے کہ اسلام کے نام پر حاصل ہونے والے ملک کی افسر شاہی نے اس رپورٹ پر عمل درآمد کے ضمن میں سنجیدہ کوششیں نہیں کیں اور کچھ نیم دلانہ انداز میں اور بہت ہی محدود پیمانے پر مشارکہ ' مضاربہ 'مرابحہ اور بیع مؤجل ایسے انداز سے متعارف کروائیں کہ خاطر خواہ نتیجہ اور خیر برآمد نہ ہوسکا۔ چنانچہ کونسل نے ایک اور revised report تیار کی جن میں ان الفاظ میں تنبیہہ اور اظہارِ افسوس کیا گیا کہ ''کونسل نے 1980-81 میں کیے جانے والے ان اقدامات کا جائزہ لیا جو حکومت نے اسلامی نظامِ معیشت کے نفاذ کے سلسلے میں انجام دیے ہیں' ان میں خاتمہ سود کے لیے کیے جانے والے اقدامات ان سفارشات کے بالکل برعکس ہیں جو کونسل نے تجویز کیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حکومت نے وہ طریقہ اختیار کیا جو مقصد کو فوت کرنے کا سبب بن گیا۔''

کونسل کی تنبیہات کا حکومتِ وقت پر جب کوئی اثر نہ ہوا تو 1990میں ایک پاکستانی محمود الرحمن فیصل نے وفاقی شرعی عدالت' جو کہ اسلامی قوانین کے مطابق اور اسلامی احکام کے تحت فیصلہ دینے کے لیے وجود میں لائی گئی تھی ' میں ایک پٹیشن نمبر 30/1داخل کی اور عدالت سے استدعا کی کہ رائج الوقت سودی نظامِ معیشت کو غیر اسلامی قرار دے کر اس پر پابندی عائد کی جائے اور حکومتِ وقت کو ہدایت کی جائے کہ پاکستان کے معاشی نظام سے سود جیسی لعنت کا خاتمہ کیا جائے۔ وفاقی شرعی عدالت نے اس کیس اور اسی سے ملتے جلتے 114دیگر کیسز کی مشترک سماعت کی۔ دورانِ سماعت بینکرز ' اکانومسٹس ' حکومتی نمائندوں اور علماء کو تفصیلی طور پر سنا اور دقیق بحثیں کیں اور تحریری اور زبانی بیانات حاصل کیے اور اکتوبر 1991میں 157 صفحات

پر مشتمل اپنا تاریخی فیصلہ سنایا۔ اُس وقت کی وفاقی شرعی عدالت جسٹس تنزیل الرحمن صاحب بطور چیف جسٹس' جسٹس فدا محمد خان صاحب اور جسٹس عبید اللہ خان صاحب پر مشتمل تھی۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں نہ صرف یہ کہ سود کی ایسی تعریف متعین کی جسے معیار بنا کر مروّجہ نظامِ معیشت میں پائے جانے والے سودی معاملات اور آئین اور دستور میں مذکور سودی دفعات کا جائزہ لیا جاسکتا تھا' بلکہ رائج تمام سودی قوانین (22قوانین) کا جائزہ لے کر بینکنگ سمیت تمام سودی لین دین کو حرام قرار دیا اور وفاقی حکومت اور تمام صوبوں سے بھی کہا کہ وہ 30جون 1992ء تک متعلقہ قوانین میں تبدیلی کرلیں اور یہ بھی کہ یکم جولائی 1992ء سے تمام سودی قوانین غیر آئینی ہوجائیں گے اور تمام

سودی کاروبار غیر اسلامی ہونے کی بنا پر ممنوع قرار پائے گا۔

وفاقی شرعی عدالت کے مذکورہ بالا فیصلے کو عوامی سطح پر زبردست پذیرائی ملی اور یہ امید پیدا ہوگئی کہ شاید پاکستان کے قیام کے 45 سال بعد اب ہمارا معاشی قبلہ درست ہوجائے گا اور عوام کو سود جیسے استحصالی اور ظالمانہ ہتھکنڈے سے نجات مل جائے گی۔ لیکن دوسری طرف سود خوروں اور بینکوں کو فکر لاحق ہوگئی کہ ان کا پھیلایا ہوا سودی قرضوں کا جال کہیں کمزور نہ پڑ جائے اور حکومت کو یہ فکر لاحق ہوئی کہ کہیں بین الاقوامی سطح پر قرضوں کے حصول میں مشکلات نہ پیدا ہو جائیں... اور یہ بھی کہ کہیں تجارتی سرگرمیاں موقوف نہ ہوجائیں۔ چنانچہ 30 جون کے آنے سے پہلے پہلے مالیاتی اداروں ‘بینکوں اور بعض افراد نے سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بینچ میں وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیلیں دائر کر دیں۔

یہ اپیلیں فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے نفاذ کی راہ میں رکاوٹ بن گئیں اور سات سال تک سرد خانے میں پڑی رہیں۔ بالآخر 1999 کے اوائل میں سپریم کورٹ آف پاکستان میں ایک شریعت اپیلیٹ بینچ تشکیل دیا گیا جس نے کئی ماہ تک مسلسل ان اپیلوں کی سماعت کی۔ پانچ رکنی اس بینچ میں جناب جسٹس خلیل الرحمن خان بطور چیئرمین شریک تھے‘ جبکہ جناب جسٹس وجیہہ الدین ‘ جناب جسٹس منیر اے شیخ‘ جناب جسٹس مفتی مولانا تقی عثمانی اور جناب جسٹس ڈاکٹر محمود احمد غازی بطور ممبر شامل تھے۔ معزز عدالت نے سماعت کے دوران مقدمہ میں زیرِ بحث آنے والے اہم فقہی‘ معاشی‘ معاشرتی‘ قانونی اور آئینی ایشوز پر رہنمائی حاصل کرنے کے لیے فریقین کے وکلاء حضرات کے علاوہ ماہرین علم و فن سے بھی اپیل کی کہ وہ زیرِ بحث مسئلہ کے حوالے سے عدالت کی معاونت کریں۔ چنانچہ پاکستان سمیت اسلامی دنیا کے متعدد نامور محققین اور قانون دان حضرات نے فاضل عدالت کو assist کرتے ہوئے اپنی آراء اور

تجاویز سے تحریری طور پر اور زبانی مستفید کیا‘ اور جدید و قدیم معاشی کتب و جرائد کے بے بہا ذخیرے میں سے اہم اقتباسات کی نقول عدالت کے ریکارڈ پر لائی گئیں۔

اس سارے مواد کی چھان پھٹک اور علماء اور وکلاء کی بحثوں کی سماعت کرنے کے بعد سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بینچ نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کو عمومی طور پر درست قرار دیتے ہوئے جدید بینکاری سمیت تمام دیگر سودی قوانین کو اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں ممنوع اور حرام قرار دے دیا اور حکومت ِ وقت کو مزید مہلت دیتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ وہ جون 2001 تک تمام غیر اسلامی قوانین کو نئے قوانین سے بدل کر بینکنگ سمیت دیگر معاشی معالات کو سود سے پاک کردے۔

شریعت اپیلیٹ بینچ کا یہ فیصلہ ایوان ہائے اقتدار و طبقہ ہائے استحصال کے لیے ایک شمشیر برہنہ کی

صورت اختیار کرگیا اور اُن تمام مفاد یافتہ طبقات نے یک زبان اعلیٰ عدالت سے ''دادرسی'' کے لیے رجوع کیا جن کے مفادات پر حرف آنے کا امکان پیدا ہوگیا تھا۔ چنانچہ جون 2001ء آنے سے پہلے پہلے حکومت نے ایک درخواست شریعت بینچ کے سامنے دائر کی جس میں فاضل عدالت سے درخواست کی گئی تھی کہ سودی نظام کو ختم کرنے کے لیے مزید دو سال کی مہلت دی جائے۔ بظاہر یہ درخواست حکم امتناعی کی عرضی تھی جو جون 2001ء سے پہلے ہی UBL کے ذریعے داخلِ دفتر کروائی گئی تھی۔ چنانچہ اس عرضی کی بنیاد پر عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے دو سال کی بجائے ایک سال کی مہلت دی اور ہدایت کی کہ جون 2002ء تک مطلوبہ آئینی و انتظامی اقدامات مکمل کرلیے جائیں۔ ایمانداری کا تقاضا تو یہ تھا کہ حکومت ِ وقت اپنی استدعا پر حاصل ہونے والی اس مہلت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے خلوصِ نیت کے ساتھ قوانین کی تبدیلی کا کام مکمل کرتی۔ لیکن عملاً کوئی خاطر خواہ پیش رفت نہ کی گئی بلکہ حسبِ معمول سود کی بنیاد پر نئی سکیموں کا اجراء اور نئے قرضے حاصل کرنے کا اہتمام کیا جاتا رہا۔

جب عدالت کی دی ہوئی مہلت ختم ہونے کو آئی تو UBL کی جانب سے اب نظر ثانی کی ایک درخواست عدالت میں داخل کی گئی۔ اس دوران ایک بڑا واقعہ یہ رونما ہوچکا تھا کہ PCO پر حلف نہ اٹھانے کی بنا پر جسٹس خلیل الرحمن خان اور جسٹس وجیہہ الدین احمد ریٹائیر کردیے گئے۔۔۔ ' جسٹس محمود احمد غازی بھی ایک اور حکومتی عہدے پر فائز ہونے کی بنا پر شریعت اپیلیٹ بینچ کا حصہ نہ رہے۔ صرف جسٹس منیر اے شیخ اور جسٹس مفتی مولانا محمد تقی عثمانی بطورِ فاضل جج بینچ کا حصہ باقی رہ گئے۔ لیکن سماعت سے متصلاً قبل ایک بڑا ''دھماکہ'' یہ کیا گیا کہ

جسٹس مولانا تقی عثمانی' جو سود سے متعلق اپیل کا فیصلہ لکھنے والے ججوں میں شامل تھے اور اپنی علمی و دینی وجاہت کے اعتبار سے باقی تمام ججز میں نمایاں حیثیت رکھتے تھے' انہیں بغیر کوئی وجہ بتائے اپیلیٹ بینچ سے فارغ کردیا گیا' اور علماء نشستوں پر نئے بینچ میں جناب علامہ خالد محمود اور جناب رشید احمد جالندھری کو شامل کرلیا گیا۔ اس طرح نظر ثانی کی درخواست کی سماعت جس بینچ نے کی اُس میں سابقہ بینچ کے شرکاء میں سے صرف جسٹس منیر اے شیخ باقی رہ گئے اور باقی تمام حضرات کی نئے ججز کے طور پر تقرری عمل میں لائی گئی۔ چنانچہ اس نئے بینچ میں جسٹس شیخ ریاض احمد کو بطور چیئر مین منتخب کیا گیا۔ جبکہ جسٹس قاضی محمدفاروق' جسٹس ڈاکٹر خالد محموداور جسٹس رشید احمد جالندھری کو اس بینچ کا حصہ بنا دیا گیا۔

اس نئے تشکیل کیے گئے شریعت اپیلیٹ بینچ میں ہونے والی کارروائی کا خلاصہ اور حاصل یہ ہے کہ نظر ثانی کی اس درخواست پر UBL کے وکیل راجہ محمد اکرم نے 12جون 2002ء کو بحث کا آغاز کیا۔ راجہ اکرم نے قرآنِ مجید کی آیت سے استدلال کرتے ہوئے یہ دلیل پیش کی کہ جدید بینکنگ کا نظام ''بیع'' کے وسیع تر مفہوم پر پورا اترتا ہے' اس لیے بینک انٹرسٹ کو ربا قرار دے کر ممنوع کردینا درست نہیں۔ گویا یہ بات از سرِ نو طے کی جائے کہ

بینک انٹرسٹ ربا ہے یا نہیں۔۔۔؟ نیز انہوں نے یہ موقف بھی اختیار کیا کہ اسلام کے نزدیک سود کی صرف ظالمانہ شرح ہی ناجائز ہے اور سمپل انٹرسٹ اُن کے بقول ظالمانہ نہیں۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ سود کی تعلیمات قانونی درجے کی نہیں ہیں بلکہ اخلاقی درجے کی ہیں۔ اس لیے سود کی ممانعت بذریعہ قانون نافذ کرنا انصاف کے مطابق نہیں۔

حکومت پاکستان کے وکیل رضا کاظم نے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ حکومت UBLکی درخواست اور معروضات سے پورا اتفاق کرتی ہے۔ شریعت اپیلیٹ بینچ اور وفاقی شرعی عدالت کے فیصلوں پر عمل درآمد ناممکن ہے۔ انہوں نے یہ بھی ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ربا اور سود کے امتناع سے ملک میں معاشی انارکی پھیلے گی اور تمام کاروبارِ معیشت درہم برہم ہوجائے گا۔ اس لیے انہوں نے سابقہ فیصلے کی تنسیخ کا مطالبہ کیا اوریہ دعویٰ بھی کیا کہ حکومت نے غیر سودی نظام نافذ کرنے کے سلسلے میں 53اسلامی ممالک سے رابطہ کیا ہے' لیکن تمام ممالک نے یہی مشورہ دیا ہے کہ سود سے پاک بینکنگ کا نظام ناقابلِ عمل ہے۔۔۔بلکہ یہ بھی کہ یہ معیشت کے لیے تباہ کن ثابت ہوگا۔۔۔ اور اس طرح ہم بین الاقوامی برادری سے کٹ جائیں گے۔۔۔ اور ہمارا زندہ رہنا مشکل ہوجائے گا۔

8

اس مرحلے پر حکومتی وکیل نے اپنے ساتھی ڈاکٹر ریاض الحسن گیلانی کو بھی عدالت کے سامنے اپنی معروضات اور دلائل دینے کے لیےپیش کیا۔ ڈاکٹر ریاض الحسن گیلانی نے اپنے مخصوص انداز میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ سابقہ بینچ نے قرآن و سنت کے متعدد احکامات سے انحراف کیا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ اور دیگر فقہاء کے نظریات کو مسخ کرکےپیش کیا گیا ہے اور سب سے بڑھ کریہ کہ پاکستان کے تمام شہریوں کو' چاہے وہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم' ایک ہی لاٹھی سے ہانکا گیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے دعووں کے حق میں قرآن و سنت اور امام ابوحنیفہ کے اقوال سے واضح ثبوت فراہم نہیں کیے' تاہم دعوے اس اذعان کے ساتھ کیے کہگویا۔۔۔۔ جو کہا ہے بالکل درست ہے۔

ڈاکٹر ریاض الحسن گیلانی کے بعد اٹارنی جنرل آف پاکستان مخدوم علی خان نے بھی عدالت کے سامنے سابقہ فیصلوں پر تنقید کرتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا کہ وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلیٹ بینچ نے سماعت کرتے ہوئے آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 30،29(2)،38(F)، 121(C) ،81(C)میں بیان کیے گئے ضوابط کے مطابق نہ تو اپنے اختیاراتِ سماعت کا خیال رکھا اور نہ ہی اس بات کا کہ وفاقی شرعی عدالت یا شریعت اپیلیٹ بینچ کے سامنے یہ مقدمات دائر بھی کیے جاسکتے ہیں یا نہیں۔

دوسری طرف سے جناب محمد اسمٰعیل قریشی' جناب جسٹس (ریٹائرڈ) خضر حیات اور جناب حشمت علی حبیب نے بھی عدالت کے سامنے دلائل پیش کیے اور انہوں نے موجودہ بینچ کی تشکیل پر اعتراض کرتے ہوئے یہ نکتہ بھی اٹھایا کہ بینچ آئین کے ضوابط کے مطابق تشکیل نہیں دیا گیا۔ نیزیہ دلیل بھی پیش کی گئی کہ نظرثانی کے معاملے

میں عدالت کے اختیارات بہت محدود ہوتے ہیں۔ اور جن قوانین ' ضوابط اور حقائق کا جائزہ فیصلہ دینے والی عدالت عظمیٰ تفصیل سے لے چکی ہو انہیں نظر ثانی کی آڑ میں دوبارہ نہیں اٹھایا جاتا۔ جبکہ مخالف وکلاء نے جن امور کو نظر ثانی کی بنیاد بنایا ہے ان سب پر تفصیل سے بحث و سماعت کرنے کے بعد ہی سابقہ فیصلے صادر کیے گئے تھے۔ یہ دلیل بھی پیش کی گئی کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر جزوی عمل ہوچکا ہے' اب قانون اس پر نظر ثانی کی اجازت نہیں دیتا۔

چند دن کی مختصر سماعت کے بعد نظر ثانی کے لیے تشکیل کردہ بینچ نے انتہائی عجلت میں 24 جون 2002ء کو اپنا فیصلہ سناتے ہوئے شریعت اپیلیٹ بینچ کا 23 دسمبر 1999 کا فیصلہ اور وفاقی شرعی عدالت کا 14 نومبر 1991 کا فیصلہ یک جنبش قلم منسوخ کردیا اور مقدمے کو ازسرِ نو

سماعت کے لیے دوبارہ وفاقی شرعی عدالت میں بھیجنے کے احکامات صادر کردیے۔ اس طرح اس عدالت نے سابقہ نصف صدی کی طویل کوششوں اور جاں گسل محنتوں کو صفر سے ضرب دے کر معاملہ وہاں پہنچا دیا کہ گویا ہنوز روزِ اوّل است۔

مذکور بالا تاریخی حقائق کو سامنے رکھا جائے تو چند اہم سوالات بلکہ اشکالات سر اٹھاتے ہیں:

۱ سب سے پہلا اشکال یہ ہے کہ ''نظر ثانی'' اور ''اپیل'' میں ایک بنیادی فرق ہوتا ہے۔ اپیل میں نئے سوالات کی محدود حد تک پذیرائی ہوسکتی ہے مگر نظر ثانی میں نئے سوالات نہیں اٹھائے جاسکتے۔ آخر کیا وجہ تھی کہ عدالت نے نہ صرف نئے سوالات اٹھانے دیے بلکہ اُن نئے سوالات کی بنیاد پر وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلیٹ بینچ کے فیصلوں کو بھی ردّ کردیا؟

۲) اس فیصلے کا سب سے نمایاں وصف بلکہ نقص یہ ہے کہ اس بینچ کے جج صاحبان نے وہ وجوہات بیان ہی نہیں کیں جن کی بنیاد پر وہ اتنے اہم اور دُور رس فیصلوں کو کالعدم قرار دے رہے تھے۔ فیصلے میں صرف وہ بحثیں نقل کی گئیں ہیں کہ فلاں وکیل نے یہ کہا اور فلاں نے یہ۔ اور جن وکلاء کے دلائل نقل کیے گئے ہیں وہ بھی صرف وہ ہیں کہ جنہوں نے سابقہ فیصلے کے خلاف دلائل دیے۔ دوسری طرف کے وکلاء کی بحثوں اور دلائل کو قابلِ ذکر ہی خیال نہیں کیا گیا۔ اسی طرح نہ تو دلائل کو پرکھا گیا اور نہ ہی انہیں یکجا کر کے بتایا گیا کہ یہ یہ وجوہات ہیں کہ جن کی بنیاد پر نظر ثانی کی جارہی ہے اور یہ یہ وجوہات ہیں کہ جن کی بنا پر سابقہ فیصلوں کو کالعدم قرار دینا ناگزیر قرار پاتا ہے۔ کیا اس طرح سے دیے گئے فیصلے کا کوئی تقدس باقی رہ جاتا ہے؟

۳) نظر ثانی کی سماعت کرنے والے فاضل اراکینِ بینچ (جو PCO پر بھی حلف اُٹھائے ہوئے تھے) کی اہلیت' نیک نامی اور علمی مرتبہ 1999 کے شریعت اپیلیٹ بینچ میں شامل فاضل ججز کے مقابلے میں کہیں کم نظر آتا ہے۔ عوامی رائے کے مطابق موجودہ بینچ کسی بھی اعتبار سے سابقہ بینچ کے پاسنگ بھی نہیں تھا۔ اس کے باوجود

موجودہ بینچ اخلاقی و قانونی norms کو بائی پاس کرتے ہوئے سابقہ دونوں عدالتوں کے فیصلوں کو کالعدم قرار دے رہا ہے۔۔۔ گویا نظر ثانی کی PCO عدالت شاید سپریم کورٹ کی آزاد عدالت سے بھی بالا تر کوئی عدالت تھی؟ آخر ایسا کیوں ہوا؟

---

۴) 1999ء کے بینچ نے جب ربا کے کیس کی سماعت شروع کی تو ہفتہ بھر تک وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ پڑھوا کر کورٹ میں سنا۔ جبکہ 2002ء کی عدالت نے نہ تو سماعت کے دوران وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ سنا اور نہ ہی شریعت اپیلیٹ بینچ 1999ء کا فیصلہ سنا گیا۔ کیا اس طرح اس فیصلے کی حیثیت قانونی اور اخلاقی طور پر مجروح نہیں ہوجاتی؟

۵) سب سے اہم اشکال یہ ہے کہ اگر سابقہ عدالتوں کے فیصلے میں کچھ نقائص رہ گئے تھے تو موجودہ نظر ثانی کے بینچ کی یہ ذمہ داری تھی کہ وہ اتنے اہم سوالات کی خود سماعت کرتی اور پھر اُن پر اپنا فیصلہ سناتی' ایسا کیوں نہ کیا گیا؟ اس کے برعکس سابقہ دونوں فیصلوں کی نفی کرتے ہوئے سود کے مقدمے کو دوبارہ ایک نچلی عدالت میں بھیجنے کا صاف مطلب تو یہی نظر آتا ہے کہ پھر ایک طویل عرصے کے لیے سود پر مبنی ظالمانہ غیر اسلامی نظام کو غیر معینہ مہلت دے کر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے خلاف علمِ بغاوت بلند کردیا ہے۔

* * *

انسدادِ سود کی کوششوں کا دورِ ثانی 2012 سے شروع ہوتا ہے۔ تنظیم اسلامی کی مرکزی سطح پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ فیڈرل شریعت کورٹ میں انسدادِ سود کا معاملہ سپریم کورٹ آف پاکستان سے ریمانڈ شدہ 2002 سے معرضِ التواء میںپڑا ہے' لہٰذا کوشش کی جائے کہ اسے سماعت کے لیے ''Fix'' کروایا جائے۔ چنانچہ 4؍ اگست 2012 کو ایک درخواست بعنوان "Application to Fix for Hearing" خالد محمود عباسی (تنظیم اسلامی کے ایک اہم ذمہ دار) بمقابلہ فیڈریشن آف پاکستان بذریعہ سپریم کورٹ کے وکیل کوکب اقبال صاحب' فیڈرل شریعت کورٹ میں داخل کی گئی' جس میں انسدادِ سود کی سابقہ کوششوں اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے 1999 اور 2002 کو بنیاد بناتے ہوئے یہ استدعا کی گئی کہ:

"It is therefore, respectfully prayed that the above case (PLD 2002, SC 800) may kindly be ordered to be fixed for hearing at a very early date convenient to this Honourable Court."

اس درخواست کے جواب میں 17؍ اگست 2012ء کو فیڈرل شریعت کورٹ کی جانب سے یہ جواب

وصول ہوا کہ چونکہ درخواست گزار متذکرہ بالا کیس میں ایک ''پارٹی'' نہیں ہے اور چونکہ یہ درخواست فیڈرل شریعت کورٹ کے Procedure 1981 کے مطابق نہیں' اس لیے یہ درخواست رد کی جاتی ہے۔

اس جواب کے موصول ہونے پر 28جولائی 2013ء کو خالد محمود عباسی کی جانب ہی سے ایک دوسری درخواست بعنوان "Petition under article 203-D of the Constitution of Pakistan 1973" دائر کی گئی جو کہ ایک آئینی درخواست تھی جو فیڈرل شریعت کورٹ میں آئین کے سیکشن34-CPC/ Interest being against the injunction of Islam کے تحت تھی۔ اس درخواست میں پاکستان کے آئینی تشخص اور ریاست پاکستان کی آئینی ذمہ داریوں کو سامنے رکھتے ہوئے یہ استدعا کی گئی تھی:

In this spirit that this petition is being filed and the petitioner believes that Allah and Prophet Muhammad (S.A.W) will be pleased with all those who will strive to achieve this noble case and will be displeased who will show reluctant in the matter.

It is therefore, respectfull prayed that a declaration may be made to the effect that interest (Ribah) in all its forms is Haram/prohibited in Islam and the Government of Pakistan may be directed to take prompt measures for the eradication of the evil of interest from the Islamic Republic of Pakistan (Ribah).

اس petition کے دائر کیے جانے کے نتیجے میں فیڈرل شریعت کورٹ نے 26 ستمبر 2013 کو اپنے مراسلے میں یہ petition برائے سماعت قبول کر لی اور 22 اکتوبر 2013 کی تاریخ برائے ابتدائی سماعت دے دی اور اس جیسی دوسری متعدد درخواستوں کو یکجا کرتے ہوئے مشترکہ طور پر تمام کیسز سننے کا عندیہ ظاہر کیا۔

22 اکتوبر 2013 سے تادم تحریر چند رسمی کارروائیوں کے علاوہ اس کیس میں کوئی قابل ذکر نوعیت کی پیش رفت نظر نہیں آتی۔ پہلی اور ابتدائی سماعت میں محض اس کیس اور اس کے ساتھ lumped دیگر 117 کیسسز کو acknowledge کیا گیا اور کہا گیا کہ دوسری سماعت پر دلائل کا جائزہ لیا جائے گا اور petitioner کو اپنی بات کہنے کا موقع ہوگا۔

دوسری پیشی پر ڈپٹی اٹارنی اور اٹارنی جنرل کی غیر موجودگی کو بنیاد بنا کر ایک نئی تاریخ دینے کی نوید سنائی گئیـ نیز یہ بھی بتایا گیا کہ ایک سوال نامہ تمام petitioners اور ماہرین قانون، علماء اور فنانشل ایکسپرٹس کو ارسال کیا جائے گا جس کی روشنی میں ڈیمانڈ کردہ اس کیس

پر بحث کی جائے گی۔ چنانچہ 14 سوالات پر مشتمل ایک سوالنامہ فیڈرل شریعت کورٹ کی جانب سے بذریعہ مراسلہ واخباری اطلاع بھیجا گیا اور کہا گیا کہ اس کا جواب تیار کر کے فیڈرل شریعت کورٹ کے رجسٹرار کو حسب ِ استطاعت و توفیق ارسال کیا جائے۔

تنظیم کی طرف سے ان 14 سوالات کے جوابات مفصل طور پر تیار کر کے وکلاء کے ذریعے فیڈرل شریعت کورٹ میں داخل دفتر کروادیے گئے اور کورٹ سے استدعا کی گئی کہ معاملے کی اہمیت و نزاکت کے پیش نظر اس کیس کو تیزی سے نمٹایا جائے۔

کورٹ کو assist کرنے کے لیے ہماری جانب سے تین مزید وکلائے سپریم کورٹ کی خدمات حاصل کی گئیں' جن میں رائے بشیر احمد' غلام فرید سنوترہ اور اسد منظور بٹ شامل ہیں۔ ہمارے علاوہ بعض دوسرے افراد اور آرگنائزیشنز کی طرف سے بھی جوابات داخل کیے گئے جن میں متحدہ ملی مجلس' جماعت اسلامی اور شیخ ابراہیم ودیلو اور دوسرے شامل ہیں۔

2014ء کے آغاز تک یہ تمام کارروائی مکمل ہوگئی تھی اور اب اس بات کا انتظار تھا کہ یہ معاملہ کورٹ میں ایک نئی قوت کے ساتھ زیر بحث آئے گا اور ہم سود کی اس لعنت سے نجات حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔ لیکن تادمِ تحریر فیڈرل شریعت کورٹ میں اس معاملے پر باقاعدہ بحث کا آغاز نہیں ہوسکا اور معاملہ ایک مرتبہ پھر نامعلوم مدت تک کے لیے التواء کا شکار ہے۔

* * *

اس دوران راقم نے مختلف وکلاء اور ماہرین سے رابطہ جاری رکھا اور اس بات کے امکانات کا جائزہ لیا کہ کیا اس کیس کو از سر نو سپریم کورٹ آف پاکستان میں کھلوایا جاسکتا ہے یا نہیں۔ راقم کا تاثر یہ تھا کہ چونکہ سپریم کورٹ کے شریعت ایپلٹ بنچ کا 1999ء والا فیصلہ ایک حجت کی حیثیت رکھتا ہے جسے بعد میں 2002ء میں PCO پر حلف اٹھائی ہوئی کورٹ نے کالعدم قرار دے دیا تھا' لہٰذا اگر موجودہ سپریم کورٹ سے یہ استدعا کی جائے کہ 1999ء والا فیصلہ بعض ریاستی اور غیر ریاستی اداروں کے دباؤ پر معطل کیا گیا تھا اس لیے اسے کالعدم قرار دیا جائے تو امید کی جاسکتی ہے کہ یہ مراحل آسانی سے سَر ہو جائیں گے۔

اس خواہش اور امید کے پیش نظر راقم نے متعدد ماہرین سے رابطہ کیا اور سپریم کورٹ میں اس کیس کی نمائندگی کے لیے مختلف وکلاء سے رابطہ کیا۔ کافی سوچ بچار اور مشاورت کے بعد راجہ محمد ارشاد صاحب' جو کہ انجمن خدام القرآن سندھ سے طویل عرصہ وابستہ رہے ہیں اور بانیٔ

تنظیم کے فکر سے کافی حد تک آگاہ اور متفق ہیں اور عدالتی طور طریقوں سے بخوبی واقف ہیں' انہیں اس کام کی ذمہ داری سونپنے کا فیصلہ کیا گیا۔

راجہ صاحب نے اپنے ساتھ سپریم کورٹ کے دو اور وکلاء جناب سردار محمد غازی اور شمشاد اللہ چیمہ کو ٹیم میں شامل کیا۔ راقم نے ان حضرات کے ساتھ اسلام آباد میں متعدد ملاقاتیں کیں اور انہیں اس کیس کی تاریخ اور معاملے کے مالہ' اور ما علیہ سے آگاہ کیا۔

وکلاء کے اس گروپ نے تمام کیس کا جائزہ لے کر یہ رائے قائم کی کہ 1999ء کا فیصلہ بحال کرانا بوجوہ آسان نہ ہوگا' بلکہ اس کے بجائے اس معاملے کو آئین کی دفعہ F-38 کے تحت اٹھانا یا پیش کرنا زیادہ موزوں رہے گا۔ چنانچہ انہوں نے 30 مارچ 2015 ء کو یہ کیس انہی بنیادوں پر تیار کیا اور اسے امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید صاحب کی طرف سے ایک Constitution Petition بمقابلہ فیڈریشن آف پاکستان بعنوان Petition under article 184(3) of the Constitution of Pakistan تیار کیا اور سپریم کورٹ میں داخل کروادیا۔ اس Constitution Petition میں یہ درخواست کی گئی تھی کہ :

In view of the above, it is therefore, respectfully prayed that this Hon'ble Court may graciously be pleased to issue direction to the respondents to implementArticle 38-F of the constitution to eliminate "Riba" as early as possible to save this country from the wrath of Almighty Allah."

مورخہ 9 مئی 2015ء رجسٹرار آفس سے یہ جواب موصول ہوا کہ متعدد وجوہات کی بنا پر یہ درخواست مسترد کر دی گئی ہے' لہذا یہ قابل سماعت نہیں۔

چونکہ بیان کردہ وجوہات نامعقول اور غیر آئینی تھیں لہذا 23 مئی 2015ء کو ایک Civil Miscellaneous اپیل داخل کی گئی' جس میں یہ تقاضا کیا گیا تھا کہ رجسٹرار آفس اس بات کا مجاز نہیں ہے کہ کسی ایسی آئینی پٹیشن کو رد کر سکے جس میں بنیادی حقوق کا معاملہ پیش نظر ہو۔ لہذا یہ درخواست کی گئی کہ رجسٹرار آفس کی طرف سے عائد کردہ اعتراضات مسترد کرتے ہوئے ہماری پٹیشن کو کورٹ کے سامنے پیش کیا جائے۔

اس درخواست کو قبول کرتے ہوئے رجسٹرار نے معاملے کو جسٹس سرمد جلال عثمانی کے پاس پیش کیا جنھوں نے کیس کا جائزہ لے کر یہ رائے دی کہ معاملے کی نزاکت کے پیش نظر اس

کیس کو ایک سے زائد ججز کا سماعت کرنا مناسب ہوگا۔ چنانچہ 5؍اکتوبر 2015ء کو ایک دوسرے جج جسٹس عظمت سعید کو جسٹس سرمد جلال عثمانی کے ساتھ شامل کر کے اس کیس کی سماعت کی گئی اور ایک مختصر سی کارروائی کے بعد ان دونوں ججز نے اس بنیاد پر کہ معاملہ پہلے سے فیڈرل شریعت کورٹ میں subjudice ہے اس لیے اس درخواست کو مسترد کردیا گیا۔

اس فیصلے سے قطع نظر، ججز کے جو ریمارکس اور بیانات اخبارات میں رپورٹ ہوئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان اعلیٰ عدالتوں میں ایسے ''نامور'' ججز کا تعین کیا جانا بجائے خود ایک لمحہ فکریہ ہے اور اس سے ان کی اہلیت پر متعدد سوالات اٹھتے ہیں۔

* * *

قصہ مختصر یہ کہ اب سود کا مقدمہ ایک مرتبہ پھر اپنے بالکل ابتدائی مرحلے میں پہنچ کر وفاقی شرعی عدالت کے سامنے ہے اور اس میں 2002ء کی PCO عدالت کے فیصلے کے ذریعے بہت سے ایسے مباحث کو دوبارہ کھول دیا گیا ہے جن پر سابقہ دو مقدمات میں تفصیل کے ساتھ بحث ہوچکی ہے اور بہت وضاحت کے ساتھ فیصلہ دیا جاچکا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ بہت سے نئے مباحث کا ڈول بھی ڈال دیا گیا ہے جو اس مقدمے کو ایک نئی جہت کی طرف لے جانے کی ایک ناکام کوشش ہے۔ حکومت پاکستان اپنے آئین کی رو سے اس بات کی پابند ہے کہ سود کو ختم کرے، جس کے حکومت نے بارہا وعدے بھی کیے ہیں۔ اب وفاقی شرعی عدالت نے نظرثانی کے لیے مقدمہ کی سماعت شروع کر دی ہے۔ فاضل عدالت سے درخواست ہے کہ اپنے سابقہ فیصلہ کو بحال کر دے اور حکومت کو اس کی تنفیذ کے لیے اقدامات کرنے کا حکم جاری کر دے۔ فاضل عدالت کے سابقہ فیصلہ پر پہلے بھی دنیا بھر کے علماء اور فقہاء اور دینی جماعتوں نے اظہارِ مسرت کیا اور فاضل عدالت کو خراج تحسین پیش کیا، اب بھی فاضل عدالت اپنا فیصلہ بحال کرے گی تو امتِ مسلمہ کی عظیم خدمت ہو گی اور عدالت کا فیصلہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ ان شاء اللہ!

وفاقی شرعی عدالت کے
14 سوال اور ان کے جوابات

فیڈرل شریعت کورٹ نے معاملے کی ازسرنو سماعت کے لیے چودہ سوالات پر مشتمل ایک سوالنامہ جاری کیا ہے جس کا جواب حافظ عاطف وحید، انچارج شعبہ تحقیق نے تیار کر کے کورٹ میں submit کروا دیا ہے۔ معاملے کی اہمیت کے پیش نظر اور ابلاغ کی غرض سے یہ چودہ سوال اور ان کے جواب پیش خدمت ہیں:

Question 1:

What is the authoritative definition of the term Riba, in the light of commentaries of the Holy Quran Is there any difference between Riba, Usury and Interest? Can the term Riba be also applied to commercial and productive loans given by the banks and financial institutions on the basis of Interest?

Question 2:

What is the definition of the term Qarz? Whether the term Qarz is synonymous to the term " Loan"? In what meaning the term Qarz has been used in the Holy Quran?

Question 3:

'Whether the expression 'Bai' or "sale" which has been permissible in the Holy بیع Quran has any relevancy with the present interest banking transactions? Whether "these transactions are covered by the term "Bai بیع?

:Question 4

Explain "Riba-ul-Fadl" with specific reference to its applicability in present day ?banking transactions

:Question 5

or legal cause of the prohibition of Riba? What is the moral and علت "What is the "Illat legal aspects of its prohibition in the light of Quran, Sunnah of the Holy

Prophet and the views of Jurists of various schools of though? Whether the legal ?ca n be applied in the case of Riba "الحكم يدورمع العلة وجوبًا وعدمًا" maxim

:Question6

The criteria set by the Constiution for the Federal Shariat Court to declare any law repugnant to Islamic injunctions, is the Holy Quran and Sunnah of the Holy Prophet; in the presence of the clear injunctions of the Holy Quran and Sunnah of the Holy Prophet what is the value of the views of contemporary Ulema regarding the legality ?or illegality of any issue

:Question7

Can the prohibition of Riba be applied on non Muslims citizens of Islamic State also? Can the prohibition of Riba be extended to the loans obtained from non Muslim States while the fact is that the laws of foreign countries, their national policies and ?international monetary laws are beyond the control of Pakistan

:Question8

What is your opinion regarding the permissibility or otherwise of indexation keeping in view the devaluation and inflation during the period of borrowing with specific reference to the juristic views of contemporary jurist

:Question 9

What is meant by "Ra'as-ul-Mal" as appeared in the Holy Quran? It is fact that the value of the paper currency has a trend of decrease in the inflationary situation. If a debtor who has borrowed a particular amount of paper currency repays the same amount to his creditor after a lapse of substantial time, the creditor can suffer the effects of inflaction. If he demands his debtor to pay more in order to

compensate him for loss of value, he has suffered, can this demand be treated as a demand of Riba؟

:Question10

Are the current fixed return modes like Murabaha diminishing Musharaka etc as used/practiced by the contemporary Islamic banks in line with the higher purposes of Shariah? Whether these modes can be termed as real alternatives of Interest؟

:Question11

What are the objectives of Islamic finance? Does the modern Islamic finance fulfill

؟these objectives

:Question12

What is the Islamic alternative to the present discounting of bills? Are the modes used/practiced by the Islamic banks for discounting are in line with the spirit of ?Shariah

:Question13

Are the priority banking services given to current account holders in conformity ؟with the principles of Shariah

:Question14

If all transactions based on Interest are declared prohibited to Islamic injunctions. what procedure will be adopted with regard to previous foreign loans, past ؟transactions and agreeements with non Muslims and Muslims countries

* * *

تفصیلی جوابات

سوال 1: تفاسیر کی روشنی میں ربا (سود) کی مستند تعریف کیا ہے؟ کیا ربا' یوژری اور انٹرسٹ میں کوئی فرق ہے؟ کیا ربا کا اطلاق اس انٹرسٹ پر بھی ہوتا ہے جو بینک اور مالیاتی ادارے تجارتی اور پیداواری مقاصد کے لیے دیے گئے قرضوں پر وصول کرتے ہیں؟

جواب: چونکہ ربا کی مستند تعریف کے لیے ہمیں قرآن و سنت کی تعلیمات کو پیش نظر رکھنا ہوگا' اس لیے اس سوال میں اُٹھائے گئے نکات پر براہِ راست گفتگو سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قرآن و سنت کی حتمی اور ناقابل تردید تعلیمات کا خلاصہ پیش کردیا جائے۔

قرآن مجید میں سود کے ضمن میں واردشدہ تعلیمات

(۱) {اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمۡ بِالَّیۡلِ وَ النَّہَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً فَلَہُمۡ اَجۡرُہُمۡ عِنۡدَ رَبِّہِمۡ ۚ وَ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ﴿۲۷۴﴾ اَلَّذِیۡنَ یَاۡکُلُوۡنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوۡمُوۡنَ اِلَّا کَمَا یَقُوۡمُ الَّذِیۡ یَتَخَبَّطُہُ الشَّیۡطٰنُ مِنَ الۡمَسِّ ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمۡ قَالُوۡۤا اِنَّمَا الۡبَیۡعُ مِثۡلُ الرِّبٰوا ۘ وَ اَحَلَّ اللّٰہُ الۡبَیۡعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنۡ جَآءَہٗ مَوۡعِظَۃٌ مِّنۡ رَّبِّہٖ فَانۡتَہٰی فَلَہٗ مَا سَلَفَ ؕ وَ اَمۡرُہٗۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ وَ مَنۡ عَادَ فَاُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ ہُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۷۵﴾ یَمۡحَقُ اللّٰہُ الرِّبٰوا وَ یُرۡبِی الصَّدَقٰتِ ؕ وَ اللّٰہُ لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیۡمٍ ﴿۲۷۶﴾ } (البقرۃ)

''جو لوگ سود کھاتے ہیں' نہیں کھڑے ہوں گے (قیامت کے روز) مگر جس طرح ایسا شخص کھڑا ہوتا ہے جسے شیطان نے لپٹ کر خبطی بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ بیع بھی تو ربا کے مثل ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال کیا ہے اور ربا کو حرام قرار دیا ہے۔ پس جس کو اس کے رب کی طرف سے نصیحت پہنچی اور وہ باز آگیا تو جو کچھ پہلے لے لیا ہے وہ اس کا ہوا۔ اور اُس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے۔ اور جو شخص پھر ربا کی طرف لوٹا تو یہ لوگ دوزخی ہیں' اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ربا کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے' اور اللہ تعالیٰ ہر کافرگنہگار کو ناپسند کرتا ہے۔''

(۲) {یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ ذَرُوۡا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰۤوا اِنۡ کُنۡتُمۡ

مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۲۷۸﴾ فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا فَاۡذَنُوۡا بِحَرۡبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوۡلِهٖ ۚ وَ اِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَـكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ ۚ لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَ لَا تُظۡلَمُوۡنَ ﴿۲۷۹﴾} (البقرۃ)

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور چھوڑ دو باقی ربا جو تم نے لینا ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔ اگر تم اس پر عمل نہ کرو گے تو اعلانِ جنگ سن لو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے۔ اور اگر تم توبہ کرو گے تم کو تمہارے اصل اموال مل جائیں گے' تم ظلم نہ کرو گے اور تم پر ظلم نہ کیا جائے گا۔''

ان آیات کے الفاظ {وَ اِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَـكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ ۚ}سے اس قدر بات تو بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ سود دراصل قرض کی اصل رقم پر اضافے کا نام ہے۔ ان آیاتِ مبارکہ سے یہ بات بھی صراحت سے معلوم ہو رہی ہے کہ اس اضافی رقم کا مطالبہ قرض خواہ کی طرف سے کیا جاتا ہے۔ تاہم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مقروض نے بھی قرض خواہ سے قرض لیتے وقت اس اضافے کو شرط کے طور پر شدید مجبوری یا حاجت کے پیش نظر قبول کر لیا ہو' یا پھر اس نے منافع کے طمع میں باہمی رضامندی سے رأس المال پر یہ مشروط اضافہ ادا کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہو' لیکن قرآن پاک کا قرض خواہوں کو یہ انتباہ کرنا کہ وہ سود کے بقایا جات چھوڑ دیں اور اصل اموال پر اکتفا کریں اس بات کی دلیل ہے کہ سود کا مطالبہ اپنے مفاد کے لیے قرض خواہ ہی کرتا ہے۔

(۳) {وَ اِنۡ كَانَ ذُوۡ عُسۡرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيۡسَرَةٍ ؕ وَ اَنۡ تَصَدَّقُوۡا خَيۡرٌ لَّـكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿ ۲۸۰ ﴾}(البقرۃ)

''اور اگر قرض دار تنگی والا ہے تو اسے مہلت دو آسانی تک' اور قرض اس پر بالکل چھوڑ دینا تمہارے لیے اور بھلا ہو اگر تم جانو۔''

اس آیت مبارکہ میں اللہ ربّ العزت نے قرض خواہ کو حکم دیا ہے کہ اگر مقروض تنگ دست ہو تو وہ اسے آسانی حاصل ہونے تک مہلت دے۔ یہاں اقتضاء النّص یہی ہے کہ قرض خواہ بغیر کسی مالی منفعت کے یہ مہلت دے' کیونکہ مذکورہ آیت میں تو قرض خواہ کو یہ تعلیم دی جا رہی ہے کہ اگر مقروض زیادہ تنگ دست ہو تو وہ اسے یہ رقم صدقہ کر دے' اس دستور کے برعکس جو حرمت ِسود کے متعلق احکام نازل ہونے سے قبل عرب میں رائج تھا' یعنی مقروض اگر مقررہ مدت تک قرض کی واپسی کرنے سے معذور ہوتا تو اسے زائد رقم کے عوض مزید مہلت دی جاتی تھی' جیسا کہ کئی مفسرین نے نقل کیا ہے۔

احادیث رسول ﷺ میں ربا سے متعلق ارشادات

نبی ﷺ نے اپنے متعدد ارشادات میں سود کی مذمت فرمائی ہے اور قرآنی آیات کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا:

(۱) ((اِنَّ الرِّبَا وَاِنْ کَثُرَ فَاِنَّ عَاقِبَتَہٗ تَصِیرُ اِلٰی قَلٍّ)) (مشکوۃ المصابیح، باب الربوٰا بحوالہ ابن ماجہ)

''سود اگرچہ زیادہ منافع دے اس کا انجام غربت اور ناداری ہے۔''

(۲) عن جابررضی اللہ عنہ قال: لعن رسولُ اللہ ﷺ آکِلَ الرِّبَا وَمُوکِلَہٗ وَکَاتِبَہٗ وَشَاھِدَیْہِ وَقَالَ : ھُمْ سَوَائٌ (رواہ مسلم)

''رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے اور کھلانے والے پر اور اس کی تحریر لکھنے اور اس کے گواہوں پر لعنت کی ہے اور فرمایا: یہ اس کے گناہ میں برابر کے شریک ہیں۔''

(۳) عن عبداللّٰہ بن حنظلہ رضی اللہ عنہ غسیل الملائکۃ قال قال رسول اللہ ﷺ: ((دِرْھَمُ رِبًا یَاْکُلُہُ الرَّجُلُ وَھُوَ یَعْلَمُ اَشَدُّ مِنْ سِتَّۃٍ وَثَلٰثِیْنَ زَنْیَۃً)) (احمد)

عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ عنہ غسیل الملائکہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص جانتے بوجھتے سود کا ایک درہم کھاتا ہے اس کا گناہ اتنا ہے جتنا چھتیس مرتبہ زنا کرنا ہے۔''

(۴) عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسولُ اللہ ﷺ : ((اتیتُ لیلۃً اسری بی علی قوم بُطونُھُم کالبُیوت فیھا الحیَات تُری من خارجِ بُطونِھم، فقلتُ : مَنْ ھٰؤُلَائِ یَا جِبْرَئِیْل؟ قال: ھٰؤُلَائِ اٰکَلَۃُ الرِّبَا)) (احمد ابن ماجہ)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں معراج کی رات ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا جن کے پیٹ گھروں کی طرح تھے جن میں سانپ تھے اور باہر سے نظر آرہے تھے۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں؟ جبرائیل علیہ السلام نے جواب دیا: یہ سود خور ہیں۔''

(۵) عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ : ((کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ نَفْعًا فَھُوَ رِبًا))(بخاری فی التاریخ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر قرض جو نفع کھینچے تو وہ ربا ہے۔''

(۶) عن فضالۃ بن عبیدرضی اللہ عنہ قال: ((کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَۃً فَھُوَ وَجْہٌ مِنْ وُجُوْہِ الرِّبَا)) (اعلاء السنن)

''ہر قرض جو نفع کھینچے وہ سود کی قسموں میں سے ایک قسم ہے۔''

(۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کسی کو قرض

دے تو اگر مقروض اسے ہدیہ دے یا سواری دے تو اس پر سوار نہ ہو اور ہدیہ قبول نہ کرے' اِلاّ یہ کہ ان میں پہلے سے تعلقات تھے اور ایک دوسرے کو ہدیہ دیتے اور سواری پیش کرتے تھے۔''

اسے ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔ اس سے پتہ چلا کہ قرض خواہ کو مقروض سے ہدیہ کی صورت میں معمولی منفعت حاصل کرنے سے بھی روک دیا گیا ہے۔

عمارہ ہمدانی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

قال رسول اللہﷺ : ((کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ نَفْعًا فَهُوَ رِبًا))۔ (المطالب العالیہ از ابن حجر: جلد ۱'ص ۴۴۱' رقم ۴۴۱ طبع بیروت)

اصل میں یہ حدیث حارث بن محمد بن ابی اسامہ التمیمی البغدادی (متوفی: ۲۸۲ھ) کی کتاب ''مسند حارث'' میں سند کے ساتھ نقل ہوئی ہے اور اس حدیث مبارکہ نے بھی وضاحت کر دی کہ قرض خواہ کو قرض کی اصل رقم سے زائد جو بھی فائدہ حاصل ہو وہ سود ہے۔ علامہ ابن عبد البر رحمہ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے منقول سود کی تعریف پر پوری اُمت کا اجماع ہے۔ انہوں نے یہ تعریف یوں نقل کی ہے۔

اشتراط الزیادۃ فی السلف ربا و لو کان قبضۃ من علف او حبۃ (التمہید لابن عبد البر: ج ۴'ص ۶۸۱' طبع لاہور' ۱۹۸۳ء)

قرض کے اصل مال پر اضافہ اور زیادہ کی شرط لگانا سود ہے اگرچہ یہ اضافہ مٹھی گھاس (جانوروں کے لیے چارہ) یا ایک دانہ ہی کیوں نہ ہو۔

ربا کا شرعی حکم

* قرآن مجید میں جو وعید سودی لین دین پر کی گئی ہے وہ کسی دوسرے گناہ پر نہیں کی گئی ۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ سود بہت بڑا ظلم ہے اور حقوق اللہ اور حقوق العباد پر ڈاکا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی قائم کردہ اسلامی ریاست میں ہر قسم کے سودی لین

دین کی ممانعت فرما دی تھی اور اسے خلافِ قانون قرار دے دیا تھا 'حتیٰ کہ غیر مسلموں سے جو معاہدے ہوئے ان میں انہیں اس بات کا پابند کیا گیا کہ وہ اپنے علاقوں میں سودی کاروبار نہیں کریں گے اور اگر انہوں نے اس کی خلاف ورزی کی تو معاہدہ منسوخ ہو جائے گا اور مسلمان ان کے خلاف ہتھیار اٹھا لیں گے ۔ نجران کے عیسائیوں کے ساتھ اسی طرح کا معاہدہ ہوا ۔ عرب کے قبیلہ بنو مغیرہ سود پر قرض کی رقمیں دینے میں مشہور تھے۔ فتح مکہ کے بعد نبی کریم ﷺ نے ان کا پورا سود منسوخ کر دیا اور مکہ میں اپنے عامل سے کہا کہ اگر یہ لوگ سودی لین دین جاری رکھیں تو ان کے خلاف جنگ کر کے انہیں اس کام سے روکیں ۔ حضور ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ دورِ جاہلیت

کے بڑے کاروباری تھے اور سود کا لین دین کرتے تھے' لوگوں کو قرضے دے کر ان پر سود لیتے تھے ۔ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر صاف اعلان فرما دیا: ''دورِ جاہلیت کا پورا سود کالعدم ہو گیا اور سب سے پہلے میں اس سود کو منسوخ کرتا ہوں جو میرے چچا عباس بن عبدالمطلب کا لوگوں کی طرف رہتا ہے۔''

* قرآن پاک میں 'بیع' مال کے بدلے میں مال کو کہا گیا ہے اور 'ربا' مہلت کے بدلے میں مال کو کہا گیا ہے ۔ ارشاد ہے: {وَ اَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا} ''اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال قرار دیا ہے اور ربا کو حرام۔'' اس لیے کہ بیع میں فریقین مال کا تبادلہ کرتے ہیں۔ خریدار روپیہ دیتا ہے اور بائع چیز فراہم کرتا ہے ۔ جس چیز کے حصول کے لیے اس نے محنت کی ہے' تھوڑا یا زیادہ سفر کیا ہے' وہ اپنی محنت کے بدلہ میں خریدار سے نفع لیتا ہے' جبکہ ربا میں مقروض جو روپیہ لیتا ہے اس پر اضافی رقم دیتا ہے۔ اس زائد رقم کے عوض میں قرض دینے والے نے اس کو کچھ نہیں دیا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: {وَ اِنْ تُبْتُمْ فَلَکُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِکُمْ} ''اگر تم سود خوری سے تائب ہو جاؤ تو تمہیں تمہارا اصل سرمایہ 'رأس المال' ملے گا۔'' اور دوسری آیت میں فرمایا: {وَ اِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ} ''اگر مقروض تنگ حال ہو تو اسے مہلت دی جائے آسانی تک۔'' یعنی مدت کے بدلہ میں عوض نہ لو' صرف مہلت دو اور مہلت کا عوض نہ لو۔ ان آیات سے ربا کی حقیقت واضح ہو گئی ۔ اسے ربا القرآن اور ربا النسیئۃ کہا جاتا ہے 'دورِ جاہلیت میں ربا کی یہی صورت جاری تھی ۔

---

* ایک آدمی عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور کہا کہ میں ایک آدمی کو قرض دیتا ہوں اور شرط لگاتا ہوں کہ مجھے اس سے زیادہ دو گے جو میں نے دیا ہے' تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''یہی تو ربا ہے ۔''

* زید بن اسلم تابعی فرماتے ہیں کہ جاہلیت میں ربا کی شکل یہ ہوتی تھی کہ جب ادائیگی کی میعاد آجاتی تو دائن اپنے مدیوں کو کہتا کہ حق دیتے ہو یا سود دیتے ہو؟ اگر وہ اسے قرض واپس دیتا تو لے لیا جاتا اور اگر ادا نہ کر سکتا تو قرض کی میعاد میں اضافہ کر لیا جاتا (اور اس کے بدلے میں مدت بڑھا دی جاتی) اور سود بھی بڑھا دیا جاتا۔ (مؤطا امام مالک)

حرمت ربا پر اجماع امت ہے:

''ربا'' یعنی سود کی حرمت قطعی ہے ۔ قرآن و سنت سے بلا شک و شبہ ثابت ہے کہ ''ربا'' کا لین دین ناجائز

ہے ۔ اُمت مسلمہ صدرِ اوّل سے آج تک اس کی حرمت پر متفق ہے۔ صحابہ کرام ؓ تابعین ؒ تبع تابعین ؒ ائمہ مجتہدین کا ہر دور میں اس پر اجماع رہا ہے۔

ابن عبدالبرؒ (متوفی ۴۶۲ھ) فرماتے ہیں : قد اجمع المسلمون نقلا عن نبیھم ان اشتراط الزیادۃ فی السلف ربا و لو کان قبضۃ اوحبۃ ۔ ''مسلمانوں نے اپنے نبی ﷺ سے نقل کی بنا پر اجماع کیا ہے کہ قرض کے اصل مال پر اضافہ اور زیادتی کی شرط لگانا سود ہے اگرچہ یہ اضافی ایک مٹھی گھاس ہو یا ایک دانہ ہی ہو ۔''

امام المفسرین ابن جریر طبریؒ ،امام طحاویؒ ،ابوبکر جصاص ؒ ،امام بغویؒ ،قاضی ابوبکر بن عربیؒ ،امام فخر الدین رازی ؒ سب نے یہی کہا ہے کہ قرض کی اصل رقم پر جو زائد رقم بطور شرط و معاہدہ لی جاتی ہے وہ ربا ہے ۔

(۱) امام بغوی رحمہ اللہ (متوفی:۵۱۶ھ) فرماتے ہیں:

أن أھل الجاھلیۃ کان أحدھم اذا حل مالہ علی غریمہ فطالبہ فیقول الغریم لصاحب الحق: زدنی فی الأل حتی أزیدک فی المال،فیفعلان ذلک (معالم التنزیل: جلد ۱: ص ۲۶۲)

''جاہلیت کے زمانے میں جب کسی کے مال کی ادائیگی کی میعاد پوری ہو جاتی تو وہ اپنے قرض کا مطالبہ کرتا تو اس کا مقروض کہتا مدت بڑھا دو تو میں تمہارے قرض (کی رقم) میں اضافہ کر دوں گا۔ چنانچہ دونوں ایسا معاملہ کر لیتے۔''

---

(۲) امام ابو محمد عبد المنعم بن عبد الرحیم رحمہ اللہ (متوفی: ۵۴۷ھ) فرماتے ہیں:

ما کانت العرب تفعلہ من تاخیر الدَّین بزیادۃ فیہ فیقول احدھم لغریمہ: أتقضی أم تربی؟ (احکام القرآن: جلد ۱: ص ۴۰۰)

''اہل عرب قرض کی ادائیگی میں تاخیر کی بنا پر اس میں زیادتی کا معاملہ کرتے تھے۔ پس قرض خواہ تاخیر کے سبب مقروض کو کہتا کہ قرض دیتے ہو یا مع سود دو گے؟

(۳) امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ علیہ (متوفی:۶۰۶ھ) نے زمانہ جاہلیت کے اس معمول کی یوں وضاحت کی ہے:

و أما ربا النسیئۃ فھو الأمر الذی کان مشھورًا متعارفًا فی الجاھلیۃ، وذلک أنھم کانوا یدفعون المال علی أن یأخذوا کل شھر قدرًا معینًا ، ویکون رأس المال باقیًا ،ثم اذا حل الدَّین طالبوا المدیون برأس المال، فان تعذر علیہ الأداء زادوا فی الحق و الأجل ،فھذا ھو الربا الذی کانوا فی الجاھلیۃ یتعاملون بہ (التفسیر الکبیر: جلد ۷: ص ۷۲)

''ادھار کا سود جاہلیت کے زمانے میں معروف و مشہور تھا۔ اس کی شکل یہ ہوتی تھی کہ لوگ اپنا ادھار مال اس شرط پر لوگوں کو دیتے کہ اتنی مقدار ماہانہ سود دینا ہو گا اور اصل رقم بدستور باقی رہے گی۔ جب ادائیگی کی میعاد پوری ہو جاتی تو قرض دار سے ادائیگی کا مطالبہ کرتے۔ اگر وہ ادائیگی سے معذور ہوتا تو میعاد بڑھا دی جاتی اور اس میعاد کے بدلے میں

سود بھی بڑھا دیا جاتا۔ یہی وہ ربا تھا جس پر جاہلیت کے زمانے میں معاملات ہوتے تھے۔''

امام فخر الدین رازی اور امام بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے سود کے حوالے سے جو تعریفات بیان کیں، ہم انہیں پہلے ہی نقل کر چکے ہیں۔

(۴) پیر محمد کرم شاہ الازہری لکھتے ہیں:

''لغت عرب میں ربا کا معنی زیادتی ہے۔ اصطلاح میں اس مقررہ زیادتی کو ربا کہا جاتا تھا جو کسی رقم کی ادائیگی میں دیر کرنے پر ادا کی جاتی تھی۔ اس کی مروجہ شکلیں یہ تھیں کہ کسی نے کوئی چیز خریدی، اگر وہ قیمت نقد ادا نہ کر سکتا تو ایک میعاد مقرر کی جاتی اور اگر وہ اس میعاد پر بھی قیمت ادا نہ کر سکتا تو میعاد بھی لمبی کر دی جاتی اور قیمت میں بھی اضافہ کر دیا جاتا۔ مثلاً دس روپے کی کوئی چیز لی اور ایک ماہ کے بعد قیمت ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ مہینہ گزرنے کے بعد اگر اسے دس روپے میسر نہ آئے تو وہ ایک مہینہ کی مہلت مزید طلب کرتا

اور دس کی بجائے بارہ روپے ادا کرنے کا اقرار کرتا۔ ایک شکل یہ بھی تھی کہ کسی سے سو روپیہ مثلاً قرض لیا اور طے یہ پایا کہ مقروض ہر سال سو کے ساتھ دس روپے زائد ادا کرے گا۔ ان دونوں شکلوں کو اس وقت ربا کہا جاتا۔'' (ضیاء القرآن: ج ۱، ص ۱۹۳)

(۵) مولانا ابو الاعلیٰ مودودیؒ رقم طراز ہیں:

''اصطلاحاً اہل عرب اس لفظ ''ربوٰا'' کو اس زائد رقم کے لیے استعمال کرتے تھے جو ایک قرض خواہ اپنے قرض دار سے ایک طے شدہ شرح کے مطابق اصل کے علاوہ وصول کرتا ہے۔ اسی کو ہماری زبان میں سود کہتے ہیں۔'' (تفہیم القرآن: ج ۱، ص ۲۱۰)

(٦) مولانا امین احسن اصلاحیؒ ربا کی تعریف یوں فرماتے ہیں:

''رَبَا یَرْبُوْ، رِبَاءً کے معنی بڑھنے اور زیادہ ہونے کے ہیں۔ اسی سے ''ربوٰ'' ہے جس سے مراد وہ معین اضافہ ہوتا ہے جو ایک قرض دینے والا ایک مجرد مہلت کے عوض اپنے مقروض سے اپنی اصل رقم پر وصول کرتا ہے۔ جاہلیت اور اسلام دونوں میں یہ اصطلاح مذکورہ مفہوم کے لیے مشہور رہی ہے۔ اس کی شکلیں مختلف رہی ہیں لیکن اس کی اصل حقیقت یہی ہے کہ قرض دینے والا قرض دار سے ایک معین شرح پر صرف اس حق کی بنا پر اپنے دیے ہوئے روپے کا منافع وصول کرے کہ اس نے ایک خاص مدت کے لیے اس کو روپے کے استعمال کی اجازت دی ہے۔'' (تدبر قرآن: ج ۱، ص ۵۸٦)

قرآن و سنت، اجماع امت اور مفسرین و فقہاء کی مذکورہ بالا تصریحات کی روشنی میں ہماری یہ رائے ہے کہ سپریم کورٹ کے شریعت اپیلیٹ بینچ کے دسمبر ۱۹۹۹ء کے تاریخ ساز فیصلے میں سود کی جو تعریف کی گئی ہے وہ ایک

مستند اور جامع و مانع تعریف ہے۔یہ تعریف اس طرح ہے:

Any amount big or small over the principal, in a contract of loan or debt is Riba prohibited by the Holy Quran regardless of whether the loan is taken for the purpose of consumption or some production activity.

یہ تعریف سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۷۵ سے اخذ کی گئی ہے' جس میں فرمایا گیا:

''اے ایمان والو! اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور چھوڑ دو جو کچھ سود میں سے باقی ہے اگر تم (واقعی) مؤمن ہو۔ تو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی طرف سے جنگ کا اعلان سن لو۔ اور تم باز آجاؤ تو تمہارے رأس المال کا حق تمہیں حاصل ہے۔ نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے۔''

ترجمے کے جلی الفاظ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرض کے طور پر دیے گئے اصل زر میں کسی بھی قسم کا اضافہ سود کے زمرے میں شمار ہو گا' قطع نظر اس کے کہ یہ سود مفرد ہے یا سود مرکب' آیا اصل زر میں یہ زیادتی اشیاء/ خدمات کی فراہمی کی مد میں کی گئی ہے یا پھر کسی قسم کے پیداواری عمل کے ضمن میں۔ اس تعریف کے مستند اور معتبر ہونے کا جواز یہ ہے کہ سود کی توضیح و تصریح کے حوالے سے ابن جریر طبری' ابوبکر جصاص' بغوی' ابن العربی' امام رازی جیسے مفسرین کرام کے علاوہ دوسرے نامور شارحین قرآن نے بھی جو نقطۂ نظر بیان کیا ہے' یہ اس کے عین مطابق ہے۔ ان علماء کرام نے سود کی وضاحت دورِ جاہلیت میں مروج درج ذیل تین صورتوں کے تناظر میں کی ہے:

i) قرض کا معاہدہ اصل زر سے زیادہ رقم کی ادائیگی سے مشروط ہوتا تھا۔ چنانچہ قرض دیتے وقت ہی سود کی شرح طے کر لی جاتی تھی۔ ابوبکر جصاص اپنی کتاب ''احکام القرآن'' میں لکھتے ہیں:

''عربوں میں سود کا یہ طریق رائج تھا کہ وہ ایک مخصوص مدت کے لیے درہم یا دینار کی صورت میں قرض دیتے تھے اور اصل زر سے زیادہ کوئی رقم ابتدا ہی میں طے کر لی جاتی تھی۔''

ii) قرض اس شرط پر (بھی) دیا جاتا تھا کہ قرض خواہ ایک مخصوص مدت تک ہر ماہ ایک طے شدہ رقم وصول کرے گا جبکہ اصل زر محفوظ رہے گا۔ بعدازاں' جب قرض کی ادائیگی کا وقت آتا تو قرض دار سے اصل زر کی ادائیگی کا مطالبہ کیا جاتا۔ اگر قرض دار ایسا کرنے سے معذور ہوتا تو قرضے کی مدت اور قابل ادائیگی رقم میں اضافہ کر دیا جاتا۔

iii) (کبھی) کوئی شے مؤخر ادائیگی کی بنیاد پر فروخت کی جاتی تھی۔ جب ادائیگی کا وقت قریب آتا تو مال بیچنے والے کی طرف سے خریدار کو مزید مہلت دیتے ہوئے واجب الادا رقم میں اضافہ کر دیا جاتا۔ اس عمل کے بارے میں سیوطی لکھتے ہیں:

''عربوں میں ایک دستور یہ بھی تھا کہ وہ کسی شے کو مؤخر ادائیگی کی بنیاد پر خرید لیتے تھے۔ ادائیگی کے لیے طے شدہ تاریخ پر فروخت کنندہ ادا کی جانے والی اصل رقم میں اضافہ کرتے ہوئے مدتِ ادائیگی کو بڑھا دیتا۔''
چنانچہ بسا اوقات قرض کا معاہدہ طے کرتے وقت اس میں اصل زر میں اضافے کی کوئی شق نہیں رکھی جاتی تھی بلکہ ایسا اُس وقت کیا جاتا جب معاہدے کی مدت ختم ہو جاتی اور ادائیگی کا وقت قریب آتا۔

سود کی درج ذیل تعبیر کو بھی مستند' معتبر اور معیاری قرار دیا جا سکتا ہے:
''ربا کسی قرض یا ادھار کے معاہدے میں سرمائے پر مبنی وہ اضافہ ہے جس کے مقابل کسی رقم' محنت یا ذمہ داری کا بدل نہ ہو۔''
اس تعریف کا خاص پہلو یہ ہے کہ اسے نبی اکرم ﷺ کے قول الخراج بالضمان (نفع کے استحقاق کا انحصار نقصان کی ذمہ داری لینے پر ہے) کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کی تطبیق یہ ہے کہ ایک سودی معاہدے میں قرض خواہ اپنے طور پر کوئی محنت کیے بغیر یا نقصان کی ذمہ داری کا خطرہ مول لیے بنا منافع کماتا ہے۔

شریعت کی رُو سے' سود اور یوژری میں کوئی فرق نہیں ہے۔ لہٰذا' ربا کی اصطلاح اُن تجارتی اور پیداواری قرضوں پر بھی منطبق ہوتی ہے جو بینکوں یا مالیاتی اداروں کی جانب سے دیے جاتے ہیں۔

یہ نکتہ بھی لائق توجہ ہے کہ انٹرنیشنل فقہ اکیڈمی اور دنیا کے دوسرے معروف فقہی اداروں نے ربا کی جو تعریف کی ہے' اس میں بینکنگ اور بینکوں کے تجارتی منافع کی موجودہ شکل کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ امت مسلمہ کے مجتہدین کا اس مسئلے پر ایک نوع کا اتفاقِ رائے اور اجماع ہے۔ چنانچہ ربا کی تعریف اور ربا' سود اور یوژری (usury) کے درمیان فرق سے متعلق ہے تو اس کے بارے میں ہم سپریم کورٹ آف پاکستان کے شریعت اپیلیٹ بینچ کے ۲۳ دسمبر ۱۹۹۹ء کے فیصلہ میں مذکور گفتگو سے پوری طرح متفق ہیں اور اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہ تعریف اس فیصلہ کے درج ذیل صفحات میں آئی ہے:

Judgement of Justice Khalil Ur Rehman PLD page no. 82 to 85 (publisher: Shariah Academy, International Islamic University, Islamabad)

Judgement of Justice Mufti Muhammad Taqi Usmani Sb PLD page no. 667 to 681 (Publisher: Malik Muhammad Saeed, Pakistan Educational Press Lahore)

اسی طرح تجارتی اور پیداواری قرضوں پر اطلاق سے متعلق معاملہ ہے' اس کے بارے میں بھی ہم سپریم کورٹ آف پاکستان کے شریعت اپیلیٹ بینچ کے ۲۳ دسمبر ۱۹۹۹ء کے فیصلہ میں مذکور گفتگو سے پوری طرح متفق ہیں اور اسی کو اختیار (adopt) کرتے ہیں۔ اس کے متعلق گفتگو اس فیصلہ کے درج ذیل صفحات میں آئی ہے:

Judgement of Justice Khalil Ur Rehman PLD page no.127 to 140 (publisher: Shariah Academy, International Islamic University, Islamabad)

Judgement of Justice Mufti Muhammad Taqi Usmani Sb PLD page no. 667 to 681 (Publisher: Malik Muhammad Saeed, Pakistan Educational Press Lahore)

چنانچہ ربا' سود (Usury) اور Interest میں کوئی فرق نہیں کیونکہ تینوں میں وہ تین مشترکہ باتیں پائی جاتی ہیں جو ربا کی تعریف میں شامل ہیں۔

(۱) قرض کی اصل رقم پر مہلت کے عوض اضافہ

(۲) اضافہ کی شرح کا متعین ہونا

(۳) اضافہ کی شرط کا معاہدہ قرض میں شامل ہونا

جدید معاشی اصطلاحات میں بھی Interest اور Usuryمیں کوئی فرق نہیں ہے۔ تمام مستند ڈکشنریوں میں دونوں کا مفہوم سود ہی بیان کیا گیا ہے۔ اگر کوئی فرق ہے تو وہ صرف شرح سود کا ہے' اس لیے کہ Usuryمیں شرح سود نسبتاً زیادہ ہوتی ہے۔ چار ہزار سال پہلے کے قانونِ حمو رابی سے لے کر آج تک یوژری اور انٹرسٹ ایک ہی سمجھے گئے ہیں۔ شرح سود مختلف ادوار اور مختلف ممالک میں ۲ فیصد سے لے کر ۶۰ فیصد بھی رہی ہے اور محض شرح سود کے فرق سے ایک کو جائز اور دوسرے کو ناجائز نہیں کہا جا سکتا۔

ربا کا اطلاق اس سود پر بھی ہوتا ہے جو بینک تجارتی اور پیداواری قرضوں پر وصول کرتے ہیں 'کیونکہ ربا یعنی سود سے مراد نہ تو کسی خاص قسم کا سود ہے' جیسے سود مفرد یا سود مرکب اور نہ ہی اس کا اطلاق کسی مخصوص قسم کے قرض پر ہوتا ہے 'جیسے صرف صرفی قرضوں پر یا تجارتی وپیداواری قرضوں پر' بلکہ ربا کے احاطے میں ہر طرح کا سود آجاتا ہے اور ہر قسم کے قرض پر حاصل کیا جانے والا مشروط اور معین اضافہ "الربٰوا" ہی کہلائے گا 'خواہ یہ قرض کوئی فرد یا ادارہ یا بینک تجارتی اور پیداواری مقاصد کی خاطر ہی کیوں نہ جاری کرے۔ اس ضمن میں ہمارے دلائل حسب ذیل ہیں:

(۱) ربا کی حرمت کا حکم عام ہے 'یعنی اسے کسی خاص قرض یا کسی ایک نوع کے سود کے ساتھ مخصوص نہیں کیا گیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

{وَ اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا } (البقرۃ:۲۷۵)

''اللہ نے بیع کو حلال اور ربا کو حرام کیا ہے۔''

اس آیت مبارکہ میں لفظ 'الربٰوا' مفرد ہے جس پر الف لام استغراقی وارد ہوا ہے جو اس کے عام ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اصول سرخسی میں ہے کہ لفظ عام کی تقریباً سات قسمیں ہیں جن میں ایک قسم یہ ہے کہ وہ لفظ مفرد ہو اور اس پر الف لام استغراقی وارد ہوا ہو۔

هو اللفظ الذی یستغرق جمیع ما یصلح لہ من الافراد (اصول سرخسی: ج ۱ ص ۱۲۵)

عام وہ لفظ ہے جو ان تمام افراد و اقسام کو شامل ہو جو اس کے مفہوم میں شامل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ چنانچہ لفظ الربٰوا کے عام ہونے کا معنی یہی ہے کہ اس کا اطلاق صرف صرفی قرضوں پر نہیں کیا جا سکتا بلکہ یہ ہر قسم کے قرضوں پر محیط ہو گا۔ اصول سرخسی میں ہی ہے کہ وہ الفاظ بھی عام ہونے پر دلالت کرتے ہیں جن کے حقیقی معنی میں عموم و شمول موجود ہو' جیسے کل ' جمیع ' عامۃ ' کافۃ وغیرہ۔ عام کی اس قسم کو سامنے رکھا جائے تو یہ قسم درج ذیل حدیث مبارکہ کے حوالے سے ہر نوع کے قرض پر ربا کا اطلاق کیے جانے پر دلالت کرتی ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

((کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ نَفْعًا فَهُوَ رِبًا)) (المطالب العالیہ از ابن حجر: ج ۱ ص ۴۴۱ رقم: ۱۳۷۳ طبع بیروت)

''ہر قرض جو فائدہ کھینچے وہ ربا ہے۔''

یہ حدیث پہلے بھی حوالہ کے ساتھ نقل کر دی گئی ہے۔ اس حدیث مبارکہ میں لفظ ' کُلُّ' کی وسعتوں میں ہر قرض سما جاتا ہے 'خواہ وہ کسی بھی مقصد کے لیے لیا گیا ہو' کیونکہ جب سود کی حرمت اور اس کی تعریف متعین کرنے والی مذکورہ نصوص کے متن کے الفاظ عام ہیں اور ان عام الفاظ کے بعد کوئی فقرہ شرطیہ یا استثنائیہ موجود نہیں اور نہ ہی دیگر نصوص میں سے کوئی اس عام حکم میں تخصیص و استثناء پیدا کرتی ہے تو پھر مذکورہ نص کے الفاظ کو عام میں ہی شامل کیا جائے گا' جس سے کسی مخصوص قرض کے استثناء کی گنجائش خود بخود ختم ہو جاتی ہے اور اس کا اطلاق ہر اُس قرضے پر ہو گا جس کے معاہدہ میں اصل رقم پر معینہ اضافہ کی شرط عائد ہو 'خواہ اس قرض کے مقاصد کچھ بھی ہوں۔

(۲) غالباً معزز عدالت کی طرف سے یہ سوال پوچھنے کا سبب مروجہ نظام بینکاری کے حامیوں کا یہ پراپیگنڈا بھی ہے کہ اسلام نے اس سود کو حرام قرار دیا ہے جو ان قرضوں پر وصول کیا جاتا جنہیں مجبور لوگ اپنی صرفی ضروریات کے لیے لیتے تھے اور قرض خواہ پھر ان مظلوموں سے بھاری بھاری سود وصول کرتے تھے جبکہ تجارتی قرضوں کا تو اُس زمانے میں رواج ہی نہیں تھا۔ مولانا امین احسن اصلاحی ؒ نے اس حوالے سے آیت مبارکہ {وَ اِنۡ کَانَ ذُوۡ عُسۡرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیۡسَرَۃٍ ؕ} پر گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے:

''عربی زبان میں 'اِنْ' کا استعمال عام اور عادی حالات کے لیے نہیں ہوتا بلکہ بالعموم نادر اور شاذ حالات کے بیان کے لیے ہوتا ہے۔ عام حالات کے بیان کے لیے عربی میں 'اِذَا' ہے۔ اس روشنی میں غور کیجیے تو آیت کے الفاظ سے یہ بات صاف نکلتی ہے کہ اس زمانہ میں عام طور پر قرض دار ذُومَیسَرہ (خوش حال) ہوتے تھے لیکن گاہ گاہ ایسی صورت بھی پیدا ہوتی تھی کہ قرض دار غریب ہو یا قرض لینے کے بعد غریب ہو گیا ہو تو اس کے ساتھ رعایت فرمائی۔'' (تدبر قرآن: ج ۱ ' ص ۵۹۴' ۵۹۵)

انہوں نے اسی مقام پر اپنے استاذ گرامی مولانا حمید الدین فراہیؒ کی رائے بھی نقل کی ہے جس کا بیان خالی از فائدہ نہیں ہے:

{وَاِنۡ کَانَ ذُوۡ عُسۡرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیۡسَرَۃٍ ؕ وَ اَنۡ تَصَدَّقُوۡا خَیۡرٌ لَّکُمۡ} یلوح من ھذا الکلمات انھم کانوا یاخذون الربوٰ من ذی میسرۃ و القریش کانت تجارا و اصحاب الربوٰ فلا اریٰ فرقا بین حالھم و حال ابناء زماننا فی الربوٰ ' واللہ اعلم بالصواب (تدبر قرآن: ج ۱ ' ص ۵۹۵)

وَ اِنۡ کَانَ ذُوۡ عُسۡرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیۡسَرَۃٍ ؕ الآیۃ کے الفاظ سے یہ بات صاف نکلتی ہے کہ اہل عرب خوش حالوں سے بھی سود لیتے تھے۔ پھر قریش تاجر لوگ تھے اور سودی بیوپار ان میں رائج تھا۔ اس وجہ سے اس معاملے میں ان کے اور ہمارے حالات کے درمیان کوئی خاص فرق ہمیں درباب سود نظر نہیں آتا۔ واللہ اعلم بالصواب!

(۳) ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

{یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا تَدَایَنۡتُمۡ بِدَیۡنٍ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکۡتُبُوۡہُ ؕ

وَ لۡیَکۡتُبۡ بَّیۡنَکُمۡ کَاتِبٌۢ بِالۡعَدۡلِ ۪ وَ لَا یَاۡبَ کَاتِبٌ اَنۡ یَّکۡتُبَ کَمَا عَلَّمَہُ اللّٰہُ فَلۡیَکۡتُبۡ ۚ وَ لۡیُمۡلِلِ الَّذِیۡ عَلَیۡہِ الۡحَقُّ وَ لۡیَتَّقِ اللّٰہَ رَبَّہٗ وَ لَا یَبۡخَسۡ مِنۡہُ شَیۡئًا ؕ } (البقرۃ:۲۸۲)

''اے ایمان والو! جب تم کسی سے مقررہ مدت تک آپس میں قرض کا لین دین کرو تو اسے لکھ لیا کرو' اور تمہارے درمیان کسی کاتب کو عدل کے ساتھ دستاویز لکھنی چاہیے' اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے لکھنا سکھایا ہو اُس کو لکھنے سے انکار نہیں کرنا چاہیے' اور جس شخص پر قرض ہو لکھوانا اُسی کی ذمہ داری ہے اور اُس کو اللہ سے ڈرنا چاہیے' جو اُس کا ربّ ہے اور وہ اس (قرض) سے کچھ کم نہ کرے۔''

یہ آیت جسے ''آیۃُ الدَّین'' بھی کہا جاتا ہے' قرآن پاک کی سب سے لمبی آیت ہے۔ ہم نے اس کا ابتدائی حصہ نقل کیا ہے۔ اس آیت کے متن سے بھی یہ بات آشکار ہو رہی ہے کہ یہاں کسی مسکین یا محتاج کو ذاتی ضروریات کے

لیے اُدھار یا قرض دینے کی بات نہیں ہو رہی بلکہ بڑے بڑے مقاصد جیسے تجارتی وپیداواری اغراض کی خاطر قرض لینے دینے کی بات ہو رہی ہے' کیونکہ یہاں اہتمام کے ساتھ معاہدۂ قرض کو تحریر کرنے کی بات کی گئی ہے۔ پھر اس تحریر پر گواہان بھی ضروری ہوں گے ورنہ یہ معتبر نہیں ہو گا۔ اس لیے اسی آیت مبارکہ میں اس طریق کار کو ثبوت بذریعہ گواہی کے لیے بھی درست قرار دیا گیا ہے۔صاف ظاہر ہے یہ اہتمام ذاتی ضرورت کے لیے حاصل کیے گئے معمولی اور دست بدست اُدھار کے حوالے سے موزوں معلوم نہیں ہوتا بلکہ یہ ان قرضوں کے لیے ہی مناسب ہو گا جو ایک خاص مدت کے لیے ایک معاہدہ کی صورت میں دیے اور لیے جا رہے ہیں'جیسے کاروباری اور تجارتی مقاصد کے لیے دیے اور لیے جانے والے قرضے۔ اس آیت مبارکہ میں قرض خواہ اور مقروض کو جو ہدایات دی گئی ہیں ان کا مقصد باہمی شکوک و شبہات کا ازالہ تھا۔ ہماری اس بات کی تائید حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس میں انہوں نے واضح فرما دیا کہ یہ آیت مبارکہ گندم کی بیع سلم کے متعلق نازل ہوئی ہے اور بیع سلم اُدھار کی بیع ہے۔

امام ابن جریر روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

نزلت هذه الأية: {يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى } فى السلف فى الحنطة فى كيل معلوم الى اجل معلوم۔(جامع البيان:ج۳'ص ۱۵۹)

''یہ آیت گندم کی بیع سلم کے متعلق نازل ہوئی ہے [گندم کی قیمت کی پیشگی ادائیگی کر دی جائے اور فصل کٹنے کے بعد گندم کو وصول کر لیا جائے] اس میں گندم کی مقدار بھی معلوم ہو اور اس کی مدت بھی معلوم ہونی چاہیے۔''

(۴) پیر محمد کرم شاہ الازہری ؒ نے بھی ''وَ اَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا'' کے تحت صرفی اور تجارتی قرضوں کے ضمن میں فکر انگیز باتیں کی ہیں:

''یہاں ایک اور بات تحقیق طلب ہے کہ کیا اُس وقت کے لوگ نجی ضروریات کے لیے ہی قرض لیا کرتے تھے یا کاروبار کرنے کے لیے بھی سودی قرض کا اس وقت عام رواج تھا؟ بعض لوگ جنہیں عرب کے حالات اور رسم و رواج کے تفصیلی مطالعہ کی فرصت نہیں ملی' کہتے ہیں کہ اُس وقت صرف ذاتی ضروریات کے لیے ہی قرض لیا جاتا تھا اور کاروبار کے لیے قرض لینے کا اس قدیم غیر متمدن معاشرہ میں کوئی تصور نہیں تھا 'لیکن اگر وہ دنیا کا نقشہ ملاحظہ فرمائیں تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ اُس وقت جبکہ نہر سویز نہیں کھدی تھی' جبکہ بڑے بڑے بحری جہاز معرضِ وجود میں نہیں آئے تھے' مشرق و مغرب کی تجارت خشکی کے راستے سے ہوتی تھی اُس وقت تجارتی کاروانوں کی راہ گزر جزیرہ عرب تھا۔ عرب کے لوگ عموماً اور اہل مکہ خصوصاً تجارت میں خوب حصہ لیتے تھے اور اس امر کا تذکرہ تو خود قرآن حکیم میں ہے کہ اہل مکہ کے تجارتی قافلے سردیوں میں یمن و فارس کی طرف اور گرمیوں

میں شام و روم کی طرف باقاعدگی سے جاتے تھے اور یہی ان کا ذریعہ معاش تھا۔ اور تاریخ اس پر شاہد ہے کہ جو قافلہ شام سے ابو سفیان کی قیادت میں مکہ واپس آ رہا تھا جس کا مسلمانوں نے مدینہ طیبہ سے نکل کر محاصرہ کرنے کا ارادہ کیا تھا اس میں تمام اہل مکہ کا سرمایہ تھا۔ مکہ میں کوئی گھر ایسا نہ تھا جس نے اس میں اپنا حصہ نہ ڈالا ہو اور حصہ ڈالنے کی دو مختلف شکلیں رائج تھیں۔ یا تو سرمایہ دینے والا نفع میں شریک ہوتا تھا یا وہ اپنا مقررہ حصہ ٹھہرا لیا کرتا خواہ قرض لینے والے کو نفع ہو یا نقصان۔ ان تاریخی حقائق کی موجودگی میں یہ فرض کر لینا کب روا ہے کہ اس وقت کے اہل عرب کاروبار کے لیے سودی قرض نہیں لیا کرتے تھے۔ قرآن نے ہر ربا کو حرام کیا۔ کہیں آپ کاروباری سود لینے کی اجازت نہیں دکھا سکتے۔'' (ضیاء القرآن: ج ۱، ص ۱۹۳)

جیسا کہ ہم نے واضح کر دیا کہ اصولی طور پر اسلام نے سود کے اطلاق کے حوالے سے

صرفی اور پیداواری قرضوں میں کوئی فرق نہیں کیا اور نہ ہی پیداواری مقاصد کے لیے دیے جانے والے قرضوں پر سود کو جائز قرار دیا ہے۔ آج تک پیداواری قرضوں کے فرق کی بنا پر سود کے جواز کے قائلین اپنے موقف کی تائید میں کوئی نص قرآنی تو درکنار صحیح الاسناد حدیث بھی نہیں پیش کر سکے، جبکہ ہم نے بعض قرآنی آیات کی تشریح سے یہ واضح کر دیا ہے کہ سود کے اطلاق کے اعتبار سے کاروباری اغراض کے لیے دیے جانے والے قرضوں کا استثناء یا تخصیص، کتاب و سنت کے منضبط احکام سے میسر نہیں آتی ہے۔ ہم نے یہ بھی واضح کر دیا کہ زمانہ جاہلیت میں بھی صرفی ضروریات کے ساتھ تجارتی اور پیداواری ضروریات کے لیے بھی قرض کا لین دین رائج تھا اور ایسے قرضوں پر بھی سود لیا اور دیا جاتا تھا۔ اب ہم چند ایسی روایات پیش کرتے ہیں جن سے یہ معاملہ بالکل بے غبار ہو جائے گا کہ زمانہ جاہلیت میں ہی نہیں بلکہ سود کی حرمت کا قطعی حکم آنے سے پہلے حضور ﷺ کے مکی اور مدنی دَور میں نہ صرف تجارتی و پیداواری قرضوں کا رواج تھا بلکہ ان پر سود کا لین دین بھی ہوتا تھا۔ کئی روایات سے پتا چلتا ہے کہ آیت ربا نزول کے اعتبار سے قرآن حکیم کی آخری آیت تھی ۔یہ روایات حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور حضرت عمر فاروقؓ جیسے جلیل القدر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہیں۔ خود حضور ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے دوران اسقاطِ سود کا حکم جاری فرمایا اور اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سود کو ساقط قرار دیا۔

قدیم مفسر امام ابن جریر طبری نے {یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۲۷۸﴾} (البقرۃ) کے شانِ نزول کے حوالے سے یہ روایات نقل کی ہیں۔ ان روایات کو بعد میں آنے والے مفسرین نے بھی نقل کیا ہے جن میں صاحب تفسیر دُرِّ منثور صاحب تفسیر مظہری، صاحب تفسیر روح البیان جیسے عظیم المرتبت مفسرین شامل ہیں۔ حضرت ضحاک بن مزاحم تابعی فرماتے ہیں:

كان ربا يتبايَعُونَ به فى الجاهلية، فلما اسلموا امروا ان يأخذوا رؤوس اموالهم۔ (جامع البیان: ج ۳، ۱۴۷)

''جاہلیت کے دَور میں لوگ سودی کروبار کرتے تھے۔ جب یہ لوگ مسلمان ہو گئے تو ان کو حکم دیا گیا کہ صرف اصل رقم ہی وصول کرو۔''

انہوں نے ''وَذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوا'' کا شانِ نزول بیان کرتے ہوئے امام سدی کے حوالہ سے لکھا ہے:

نزلت هذا الأیۃ فی العباس بن عبد المطلب و رجل من بنی المغیرۃ کانا شریکین فی الجاهلیۃ سلفا فی الربا الی اناس من ثقیف من بنی عمر و بن عمیر' فجاء الاسلام و لهم اموال عظیمۃ فی الربا فانزل الله وَذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰا۔

''یہ آیت حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور بنو مغیرہ کے ایک شخص کے بارے میں نازل ہوئی تھی جو زمانہ جاہلیت میں کاروبار میں شریک تھے۔ انہوں نے بنو ثقیف قبیلے کی ایک شاخ بنو عمرو کو سودی قرض پر اپنے اموال دے رکھے تھے ۔جب اسلام کا دور آیا (اور سود حرام کر دیا گیا) تو ان کا بہت سا مال سود میں لگا ہوا تھا۔ اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ چھوڑ دو جو بھی بقایا ہے سود میں سے۔''

اس روایت میں دو تاجروں کے اس سودی قرضے کا ذکر ہے جو انہوں نے بنو عمرو قبیلے کو دے رکھا تھا اور یہ زیادہ مال تھا جو بنو عمرو کے ذمے بقایا تھا۔ امام ابن جریر نے ابن جریج سے نقل کیا ہے کہ بنو عمرو بھی بنو مغیرہ کو سودی قرضے دیا کرتے تھے۔

و کانت بنو عمرو بن عمیر بن عوف یأخذون الربا من بنی المغیرۃ وکانت بنو المغیرۃ یربون لهم فی الجاهلیۃ' فجاء اسلام و لهم علیهم مال کثیر، فاتاهم بنو عمر و یطلبون رباهم' فابی بنو المغیرۃ ان یعطوهم فی الاسلام، ورفعوا ذلک الی عتاب بن اسید' فکتب عتاب الی رسول اللہﷺ فانزل الله {یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰواالی قوله وَ لَا تُظْلَمُوْنَ} فکتب رسولُ اللہ ﷺ الی عتاب و قال ان رضوا و الا فاذنهم بحرب (جامع البیان: ج۳'ص۱۴۷)

''دَورِ جاہلیت میں بنو عمرو اور بنو مغیرہ کے درمیان سودی قرضوں کا لین دین تھا۔جب اسلام کا دَور آیا تو بنو عمرو کا بنو مغیرہ پر بہت سا مال واجب الادا تھا'چنانچہ بنو عمرو بنو مغیرہ کے پاس آئے اور ان سے سود کا بقایا طلب کیا۔ بنو مغیرہ نے اسلام کے دَور میں سود دینے سے انکار کر دیا (دونوں قبیلے مسلمان ہو گئے تھے)وہ مقدمہ حضرت عتاب بن اسید کے پاس لے گئے'حضرت عتاب نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں خط لکھا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کا خوف کرو اور جو بھی بقایا ہے سود کا اسے چھوڑ دو۔رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت لکھ کر عتاب کو بھجوا دی اور ساتھ یہ بھی

لکھا کہ اگر یہ لوگ چھوڑنے پر راضی ہوں تو بہت اچھا ورنہ ان لوگوں کو جنگ کا الٹی میٹم دے دو۔''

امام ابن جریر طبری ؒ نے یہاں عکرمہ ؒ سے یہ روایت بھی نقل کی ہے:

كانوا يأخذون الربا على بنى المغيرة يزعمون أنهم مسعود وعبد ياليل وحبيب وربيعة بنو عمرو بن عمير،فهم الذين كان لهم الربا على بنى المغيرة ،فأسلم عبد ياليل و حبيب وربيعة وهلال ومسعود۔ (جامع البیان: ج۳،ص۱۵۷)

''وہ یہ گمان کرتے تھے کہ مسعود، عبد یالیل، حبیب اور ربیعہ بنی عمرو بن عمیر، بنو مغیرہ کی ذمہ داری پر سود لیتے تھے۔ پس یہ وہ لوگ تھے جن کا بنی مغیرہ پر سود ہوتا تھا۔ پھر عبد یالیل، حبیب، ربیعہ، ہلال اور مسعود نے اسلام قبول کر لیا۔''

پہلی روایت میں واضح طور پر مذکور ہے کہ سود کی حرمت کا قطعی حکم آنے سے پہلے لوگ سودی کاروبار کرتے تھے اور یہاں سودی کاروبار سے مراد تجارتی قرضوں پر سود کا لین دین ہی ہے۔ مؤخر الذکر تینوں روایات سے یہ بات وضح ہو جاتی ہے کہ ان کے مابین قرضوں کا لین دین تجارتی نوعیت کا تھا، کیونکہ صرفی قرضوں میں باہم تبادلہ ممکن نہیں ہوتا۔ اور ایک دوسرے کے ذمے مال کثیر ہونا یہی دلالت کرتا ہے کہ یہ قرضے تجارتی مقاصد کے لیے حاصل کیے گئے تھے، ورنہ ذاتی ضروریات کے لیے بڑے قرضے حاصل کرنے کی کوئی تک نہیں بنتی۔ پھر قرضوں کے اس لین دین میں جن شخصیات کے نام لیے گئے ہیں وہ بنو ثقیف اور طائف کے سرداروں میں سے ہیں جن کے بارے میں یہ گمان کرنا ہی محال ہے کہ وہ ذاتی ضروریات کے لیے قرض لیتے تھے۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ابتداءً وفاقی شرعی عدالت ۱۹۹۱ء میں اور بعد میں شریعت اپیلیٹ بینچ ۱۹۹۹ء میں ٹھوس دلائل سامنے آنے پر یہ فیصلہ دے چکے ہیں کہ سود کے اطلاق کے حوالے سے صرفی اور پیداواری قرضوں میں فرق کرنا درست نہیں ہے اور یہ کہ بینکوں کی طرف سے پیداواری اور تجارتی مقاصد کے لیے دیے جانے والے قرضوں پر حاصل ہونے والے سود پر ''الربوٰ'' کا اطلاق ہوتا ہے، اور ہم دونوں معزز عدالتوں کی طرف سے کیے گئے فیصلوں کے ان اجزاء سے مکمل موافقت اختیار کرتے ہیں۔ شریعت اپیلیٹ بینچ کے فیصلے کے یہ (باقی صفحہ 16 پر) اجزاء PLD کے مندرجہ ذیل صفحات پر درج ہیں:

---

1. Judgement of justice Khalil Ur Rehman PLD page No: 127 to 140 (Publisher: Shariah Academy International Islamic University Islamabad)
2. Judgement of Justice Mufti Muhammad Taqi Usmani Sb PLD page No: 667 to 681 (Publisher: Malik Muhammad Saeed Pakistan Educational press, Lahore.)

سوال نمبر2 : ''قرض'' کی کیا تعریف ہے؟ کیا ''قرض'' اور ''اُدھار'' (Loan) ہم معنی اصطلاحات ہیں؟ قرآن مجید

میں ''قرض'' کا لفظ کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟
جواب: قرآن حکیم میں قرض' قرض حسنہ اور دَین کی اصطلاحات استعمال ہوئی ہیں' دَین اور قرض قریب المعنی اصطلاحات ہیں جبکہ قرض حسنہ کو صدقات کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے اور یہ عبادت کے مفہوم میں سے ہے 'جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد فرمایا گیا:

{مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یُقۡرِضُ اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗۤ اَضۡعَافًا کَثِیۡرَۃً ؕ وَ اللّٰہُ یَقۡبِضُ وَ یَبۡصُۜطُ ۪ وَ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۴۵﴾} (البقرۃ)

''کوئی ہے کہ اللہ کو قرض حسنہ دے کہ وہ اس کو کئی حصے زیادہ دے گا ۔اور اللہ روزی کو تنگ کرتا ہے اور (وہی اسے) کشادہ کرتا ہے' اور تم اُسی کی طرف لوٹ کر جائو گے۔''

پہلی بات تو یہ ہے کہ اردو زبان میں ایک لفظ استعمال ہوتا ہے ''ادھار''۔بسا اوقات قرض' دَین' ''Loan debt اور ادھار مترادف کے طور پر استعمال ہوتے ہیں جبکہ اصل صورتحال یہ ہے کہ لفظ ''ادھار'' انگریزی اصطلاح Credit کا ترجمہ ہے جبکہ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں لفظ Loan صرف قرض یا دَین کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ لفظ ادھار' نقد کا متضاد ہے جو قرض کی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے اور یہ بالعموم بیع اور تجارت میں رائج ہے 'جیسے ہم کہتے ہیں کہ فلاں نے فلاں شے نقد خریدی یعنی فوری قیمت ادا کر کے خریدی۔ اس کے برعکس اگر کوئی کسی شے کی خریداری کے لیے فوری قیمت ادا کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو اور ادائیگی کے لیے مہلت کا طلب گار ہو تو اسے اُدھار کہا جاتا ہے جو مقررہ مدت کے بعد واجب الادا ہوتا ہے' البتہ اُدھار عاریت کے معنوں میں بھی آتا ہے۔

علامہ شامیؒ دَین کی تعریف یوں کرتے ہیں:

الدَین: ما وجب فی الذمۃ بعقد أو استھلاک ' و ما صار فی ذمۃ دینًا

باستقراضہ فھو أعم من القرض (رد المحتار علی الدر المختار' جلد ۷' کتاب البیوع' ص ۴۰۰)

''جو چیز کسی عقد یا کسی چیز کے ضائع و ہلاک کرنے سے کسی کے ذمہ واجب ہوگئی یا کسی چیز کو قرض (ادھار) لینے کی وجہ سے کسی کے ذمہ لازم ہو گئی ہو وہ ''دَین'' ہے۔ دَین قرض سے عام ہے 'اس میں مدت کا مقرر کرنا واجب ہے۔''

اس کے برعکس امام ابن عابدین شامیؒ قرض میں مدت کے تعین کو لازم نہیں سمجھتے' البتہ جائز سمجھتے ہیں 'جبکہ صاحب ہدایہ نہ تو مدت کا تعین لازم سمجھتے ہیں اور نہ ہی وہ اس کو جائز قرار دیتے ہیں۔ دونوں جید فقہاء کا قرض میں مدت کے تعین کو لازم نہ سمجھنا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان کے نزدیک قرض سے مراد چیزوں کا عاریتہ لین دین

ہے‘ کیونکہ چیزوں کے عاریتہ لین دین میں مدت کا تعین کرنا لازم نہیں ہوتا۔

أنه يصح تاجيله مع كونه غير لازم فللمقرض الرجوع عنه ‘ لكن قال فى الهداية: فان تاجيله لا يصح (رد المحتار على الدر المختار‘ جلد ۷‘ كتاب البيوع‘ ص ۴۰۲)

’’اور قرض میں مدت کا تعین کرنا لازم نہیں ہے‘ یعنی اگر قرض میں مدت کا تعین کر دیا جائے تو وہ غیر لازم ہونے کے باوجود صحیح ہے اور قرض دینے والا مدت کا تعین کرنے کے بعد اس سے رجوع کر سکتا ہے‘ لیکن ھدایہ میں لہا ہے کہ قرض میں مدت کا تعین کرنا صحیح نہیں ہے۔‘‘

خلاصہ کلام یہ ہے کہ ’’قرض‘‘ اور ’’ادھار‘‘ قریب المعنیٰ اصطلاحات ہیں۔ ’’لون‘‘ کا لفظ عموماً قرض کے لیے استعمال ہوتا ہے ‘تاہم بعض اوقات یہ عاریت کے معنی میں بھی آتا ہے (ملاحظہ کیجیے المورد)۔ تاہم بینکنگ اور مالیاتی اداروں کے معاملات میں لفظ ’’ لون‘‘ صرف قرض کے معنی میں ہی استعمال ہوتا ہے۔ جہاں تک اس کا موجودہ بینکوں کے کاروبار سے تعلق ہے تو اس کے متعلق یہ عرض کر دینا کافی ہے کہ کنوینشنل بینکوں کا پورا نظام سودی قرضہ یعنی ربا پر ہی مبنی ہے۔ قرض کی تعریف یوں کی جا سکتی ہے کہ: کسی بدل پذیر (استہلاکی) مال کی ملکیت ایک ایسے شخص کو منتقل کرنا جو مستقبل میں اسی نوع کا مال واپس کرنے پر راضی ہو‘‘۔ یا بالفاظ دیگر ’’اپنا کچھ مال دوسرے کو دینا تاکہ (اس کا مثل) بعد میں مل جائے‘‘۔ مسلمہ اسلامی قانون میں اسے عام طور پر on demand liability سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ فقہ مالکی میں قرض کی

ادائیگی کے لیے وقت کی تعیین ضروری سمجھی جاتی ہے۔ AAOIFI نے اس نقطۂ نظر کی توثیق کی ہے۔ یہ امر قابل توجہ ہے کہ اسلامی قانون میں ’’قرض‘‘ اور ’’قرضِ حسنہ‘‘ کی اصطلاحات کوئی الگ الگ مفہوم نہیں رکھتیں۔ اسلامی فقہ کے مستند علماء کی تحریروں میں ’’قرض حسنہ‘‘ کی اصطلاح کہیں نظر نہیں آتی۔AAOIFI نے اپنے standards میں قرض کی تعریف یہ کی ہے کہ: ’’کسی بدل پذیر شے کی ملکیت ایک ایسے شخص کو منتقل کرنا جو اسی نوع کا مال واپس کرنے کا پابند ہو‘‘۔ اصلاً یہ انتقال نقدی کی صورت میں ہوتا ہے۔ تاہم‘ دوسری بدل پذیر اشیائے صرف بھی ادھار کا مواد ہو سکتی ہیں۔ قرآن مجید میں قرض کا لفظ کسی اصطلاحی یا قانونی مفہوم میں استعمال نہیں ہوا۔ اس کا بیان فی سبیل اللہ کسی خیراتی عمل اور دولت کے اصراف کے معنوں میں ہوا ہے۔(البقرۃ2:245‘ الحدید57:11,18‘ التغابن64:17‘ المزمل73:20)

سوال 3 : کیا ’’بیع‘‘ یا ’’فروخت‘‘ جسے قرآن مجید میں جائز قرار دیا گیا ہے‘ کی کسی قسم کی مماثلت‘ منافع کی بنیاد پر قائم موجودہ بینکاری لین دین سے قائم کی جا سکتی ہے؟ کیا یہ لین دین ’’بیع‘‘ کے زمرے میں شمار ہوتے ہیں؟

جواب: مروجہ نظام کے تحت بینکوں کا کام یہ ہے کہ وہ مختلف ذرائع سے دولت کو قرض (ادھار) پر حاصل کریں' اسے جمع کریں' دوسروں کو قرض دیں اور اپنے مالی ذخائر میں اضافہ کریں۔ اس طرح ان کی حیثیت رقوم جمع کرانے والوں اور اسے حقیقی طور پر استعمال کرنے والوں کے درمیان ایک مالیاتی عامل یا وسیلے (financial intermediary) کی سی ہے۔ سرمایہ فراہم کرنے اور اسے خرچ کرنے والوں کے ساتھ بینکوں کے معاہدے درحقیقت قرض لینے اور قرض دینے کی نوعیت کے ہوتے ہیں۔ اشیاء کی فروخت یا تجارت سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہوتا' جس کا قرآن میں حکم دیا گیا ہے۔ مزید برآں' بینکنگ کمپنیز آرڈیننس بھی اس کی اجازت نہیں دیتا کہ بینک اشیاء کے کاروبار میں حصہ لیں۔ البتہ موجودہ اسلامی بینکاری پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا' اور نہ ہی ہونا چاہیے۔

سوال 4: ''ربا الفضل'' کسے کہتے ہیں؟ موجودہ بینکاری لین دین میں اس کے قابل اطلاق ہونے کی وضاحت کریں۔

جواب: ربا النسیئہ قرض اور ادھار پر سود کی صورت ہے جس کی حرمت کا صریح حکم قرآن حکیم میں وارد ہوا ہے۔ اس کے برعکس ربا الفضل کو ربا الحدیث اور ربا النقد بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی حرمت اور ممانعت کا حکم احادیث مبارکہ میں وارد ہوا ہے۔ ربا الفضل اس زیادتی کو کہتے ہیں جو ایک ہی جنس کی دو اشیاء کے دست بدست لین دین میں ہو۔ ربا الفضل کو ربا حکمی بھی کہا جاتا ہے کہ اس پر ربا کا حکم نافذ ہوتا ہے۔ اسے ربا خفی بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ ربا النسیئہ کی طرح بظاہر کھلا سود نہیں ہے بلکہ کھلے سود کا ذریعہ حیلہ اور چور دروازہ ہے۔ احادیث صحیحہ سے اس کی حرمت ثابت ہے اور اِس حرمت کا ایک پہلو سدِّذریعہ کے طور پر ہے۔ خود حضور ﷺ نے رباالفضل کی حرمت کی یہی حکمت بیان فرمائی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

((لا تأخذوا الدینار بالدینارین ‘ولا الدرهم بالدرهمین ولا الصاع بالصاعین ‘انی اخاف علیکم الربا)) (کنز العمال: ج۴‘۱۱۷)

ترجمہ: ''ایک دینار کو دو دینار کے عوض اور ایک درہم کو دو درہموں کے عوض اور ایک صاع کو دو صاع کے عوض فروخت نہ کرو‘مجھے خوف ہے کہ کہیں تم سود خوری میں مبتلا نہ ہو جائو۔''

علامہ ابن قیم ؒفرماتے ہیں:

الربا نوعان: نوع حرم لما فیه من المفسدة و هو ربا النسیئة ‘و نوع حرم تحریم الوسائل ‘و سداً للذرائع (اعلام الموقعین: ج۳‘ص۱۳۴)

ترجمہ: ''ربا کی دو قسمیں ہیں: ایک ربا النسیئہ جو ذاتی خرابی کی وجہ سے حرام کیا گیا ہے اور دوسری وہ قسم ہے جو اس

لیے حرام کی گئی کہ یہ ربا النسیئہ کا ذریعہ نہ بن سکے۔''

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایک جنس کی دو اشیاء کی آپس میں بیع یا تبادلہ کی ضرورت صرف اس وقت پیش آتی ہے جبکہ اتحادِ جنس کے باوجود ان کی قسم اور معیار مختلف ہوں ‘مثلاً چاول ‘گندم یا سونے کی ایک قسم کی بیع یا تبادلہ دوسری قسم سے ہو اور اس صورت میں دونوں اقسام کے معیار میں فرق ہو۔ اس صورتحال کے ازالہ کے لیے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی حضور ﷺ کی ایک حدیث مبارکہ ہے:

جاء بلال بتمر برنی، فقال لہ رسول اللہ ﷺ: من این ھذا؟ فقال بلال: تمر کان عندنا ردی ‘ فبعتُ منہ صاعین بصاع لمطعم

النبیﷺ، فقال رسول اللہ عند ذلک: ((أوہ ! عین الربا ‘ لا تفعل ‘ ولکن اذا أردتَ ان تشتری التمر فبعہ بیع أخر، ثم اشتر بہ)). لم یذکر ابن سھل فی حدیثہ: ''عند ذلک'' (صحیح مسلم‘کتاب البیوع‘باب بیعالطعام‘رقم: ۴۰۷۳)

ترجمہ:''ایک دفعہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں برنی کھجوریں لے کر آئے۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ یہ کہاں سے لائے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہمارے پاس گھٹیا قسم کی کھجور تھی ‘میں نے وہ دو صاع دے کر ایک صاع خریدلی‘ توآپ ﷺ نے تعجب کا اظہار فرماتے ہوئے فرمایا کہ قطعی سود۔ ایسا ہرگز نہ کیا کرو اور تمہیں اچھی کھجوریں خریدنی ہوں تو اپنی کھجوریں درہم یا کسی اور چیز کے عوض بیچ دو‘ پھر اس کی قیمت سے اچھی کھجور خرید لو۔''

ایک اور حدیث شریف ملاحظہ ہو:

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ: ((الذھب بالذھب والفضۃ بالفضۃ و التمر بالتمر والبر بالبر و الشعیر بالشعیر والملح بالملح مثلاً بمثل یدا بید‘ فمن زاد او استزاد فقد اربی الآخذ والمعطی فیہ سواء)) (صحیح مسلم‘کتاب المساقات‘باب الصرف‘رقم: ۴۰۶۴)

''حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے میں‘چاندی چاندی کے بدلے میں‘کھجور کھجور کے بدلے میں‘گندم گندم کے بدلے میں‘جو جو کے بدلے میں اور نمک نمک کے بدلے میں بیچے جا سکتے ہیں‘مگر شرط یہ ہے کہ برابر برابر ہو اور دست بدست ہوں۔ جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا تو اس نے سود کا لین دین کیا۔ لینے والا اور دینے والا دونوں برابر ہیں۔''

ان روایات سے چند امور بالکل واضح ہو گئے:

(۱) حضور ﷺ نے چھ ہم جنس اشیاء کے باہمی تبادلے یا بیع کی اجازت کے لیے پہلی شرط یہ رکھی کہ دونوں برابر برابر ہوں یعنی یہ برابری Quantity (مقدار) میں ہو۔

(۲) اگر ایک ہی جنس کی مختلف اقسام کا مقداراً برابری کی بنیاد پر تبادلہ/بیع ایک فریق کو فائدہ دے تو یہ سود ہے جس سے بچنے کا طریقہ حضور ﷺ نے یہ بتایا کہ ایک فریق پہلے اپنی چیز بازار میں فروخت کرے اور پھر حاصل کردہ رقم سے مطلوبہ قسم کی خریداری کرے۔

(۳) اس بیع اور تبادلے کی دوسری شرط یہ رکھی گئی ہے کہ یہ بیع/تبادلہ دست بدست یعنی نقد ہو۔ اگر اس میں ادھار کا عنصر شامل ہو گیا ہو تو یہ ربا ہو گا خواہ ایک فریق کی طرف سے تبادلہ/بیع میں دی جانے والی شئے کی مؤخر ادائیگی کی صورت میں مقداراً برابری ہی ہو۔ اس کی وجہ بظاہر یہ ہے کہ اگر ایک فریق آج دوسرے فریق کو دس کلو گندم فروخت کرتا ہے اور اس کے بدلے چھ ماہ بعد دوسرے فریق سے ۱۰ کلو ہی گندم حاصل کرتا ہے تو عین ممکن ہے کہ چھ ماہ قبل گندم کی قیمت ۵ روپے فی کلو ہو اور چھ ماہ بعد اس کی قیمت ٦ روپے کلو ہو جائے اور یوں پہلے فریق کو ۱۰ روپے کا فائدہ حاصل ہو جائے اور یہ بھی ربا الفضل ہونے کی بنا پر قابل اجتناب ہے۔

(۴) جمہور فقہاء نے حدیث شریف میں بیان کردہ چھ اشیاء پر قیاس کرتے ہوئے اُن تمام ہم جنس اشیاء کی بیع/تبادلہ کو شامل کیا ہے 'خواہ وہ اجناس ثمن سے ہوں یا مطعومات میں سے'لیکن وہ ماپ اور وزن سے بکتی ہوں۔ بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ وہ تعداد سے بکتی ہوں۔ جیسے ۵۰ اخروٹ'۱۲ کیلے یا ۲۴ سیب وغیرہ۔ البتہ علمائے ظاہر چونکہ قیاس کے قائل نہیں اس لیے وہ دیگر اشیاء کو شامل نہیں کرتے اور ان کے نزدیک حدیث شریف میں بیان کردہ چھ اشیاء یعنی سونا'چاندی'گندم'جو'کھجور اور نمک کے علاوہ دیگر اشیاء میں کمی و زیادتی کے ساتھ بیع حرام نہیں ہے۔ موجودہ بینکاری کا پورا نظام چونکہ قرض کی بنیاد پر ہے اور ربا الفضل نقد اور ادھار کا سود ہے جو ہم جنس اشیاء کے تبادلے یا بیع کی صورت میں حاصل ہوتا ہے یا مختلف نوع کی اجناس کے ادھار تبادلے یا بیع کی صورت میں حاصل ہوتا ہے۔ لہٰذا ربا الفضل کا اطلاق موجودہ بینکاری لین دین پر بھی ہوتا ہے'اس لیے قرض میں بھی لی جانے والی اور دی جانے والی شے (یعنی رقم) ہم جنس ہوتی ہے۔

یہاں ہم ربا الفضل کی اس تعریف'جسے ربا کے معاملے میں عدالت عظمیٰ کے تاریخی فیصلے کی روشنی میں وضع کیا گیا'میں بہتری کے لیے ایک ترمیم تجویز کرنا چاہیں گے۔ معزز عدالت نے ربا کی ابتدائی صورت'یعنی قرض اور لین دین کا سود' واضح کرنے کے بعد ربا کی مزید شکلوں کا ذکر کیا ہے۔

1. A transaction of money for money of the same denomination where the quality on both sides is not equal, either in a spot transaction or in a transaction

.based on deferred payment

.2 A barter transaction between two weighable or measureable commodities of the same kind, where the quantity on both sides is not equal, or where the delivery from any side is deferred.

.3 A barter transaction between two different weighable or measureable commodities where delivery from one side is deferred.

یعنی:

(۱) ایک ہی نوع کی کرنسی کا باہمی تبادلہ جبکہ اس کی ''قدر'' دونوں جانب برابر نہ ہو' چاہے یہ لین دین موقع پر ہو یا مؤخر ادائیگی کی بنیاد پر۔

(۲) ایک ہی نوع کی دو قابل وزن / قابل پیمائش اشیاء کا ''مال کے بدلے مال'' (بارٹر) کی بنیاد پر باہمی لین دین' جبکہ دونوں جانب سے مقدار برابر نہ ہو یا کسی ایک فریق کی طرف سے مال کی حوالگی مؤخر کر دی گئی ہو۔

(۳) دو مختلف انواع کی قابل وزن / قابل پیمائش اشیاء کا بارٹر کی بنیاد پر باہمی لین دین' جبکہ کسی ایک فریق کی جانب سے مال کی حوالگی مؤخر کر دی گئی ہو۔

ہماری رائے یہ ہے کہ مذکورہ بالا نکتہ (1) میں لفظ quality (قدر) کو quantity (مقدار یا رقم) سے تبدیل کر دینا چاہیے' کیونکہ یکساں نوع کی حامل اکائیوں کے تبادلے کی صورت میں اسلامی قانون کا تقاضا یہ ہے کہ قدر کی بجائے دونوں جانب مقدار برابر ہونی چاہیے۔ لہٰذا اگر دس روپے کے نوٹ کا سودا بارہ روپے میں کیا جائے گا تو یہ تبادلہ ربا کے زمرے میں آئے گا۔

اس فہرست میں چوتھی قسم یہ بھی ہو سکتی ہے کہ: ''کسی رقم کی مختلف نوع کی حامل مالیتی اکائیوں کا باہمی تبادلہ جبکہ کسی ایک فریق کی جانب سے رقم کی فراہمی مؤخر کر دی گئی ہو۔'' ربا کی یہ بہت اہم اور رائج قسم ہے جسے فیصلے میں کوئی جگہ نہیں دی گئی۔ مذکورہ فیصلے میں اسے چوتھی صورت کے طور پر شامل کیا جانا چاہیے۔ اگر ڈالر کا تبادلہ روپے سے کرنا مقصود ہو تو اسلامی قانون کی رو سے لازم ہے کہ یہ لین دین دست بدست ہونا چاہیے۔ کسی ایک فریق کی جانب سے مؤخر ادائیگی کی صورت میں ربا وجود میں آئے گا۔

سوال5: ربا کی حرمت کی علت کیا ہے؟ اور قرآن و سنت اور مختلف مکاتب فکر کے علماء کی رائے میں اس کے اخلاقی اور قانونی مضمرات کیا ہیں؟ کیا ''الحکم یدو ر مع العلۃ وجوبًا وعدمًا'' کے فقہی قاعدہ کا اطلاق ربا کے مسئلے پر بھی ہو سکتا ہے؟

جواب: کسی اصول کی علت کو اس کی حکمت کے ساتھ الجھانا نہیں چاہیے۔ درحقیقت علت ایک ایسی غیر مبہم اور غیر متغیر خاصیت ہے جس پر قانون کے اطلاق کا انحصار ہوتا ہے۔ علت کو ''اصل'' کے ایک ایسے وصف کے طور پربیان کیا جاتا ہے جو مستقل اور واضح ہے' اور قانونِ شریعت سے خاص تعلق کا حامل ہے۔ یہ کوئی حقیقت' واقعہ یا مصلحت ہو سکتی ہے جسے مدنظر رکھتے ہوئے قانون دہندہ نے کوئی حکم جاری کیا ہو۔

حکمت سے مراد وہ بصیرت' دانش اور سبب ِعقلی ہے جس کی بنیاد پر کوئی قانون ترتیب دیا جاتا ہے۔ حکمت کا مقصد فائدہ پہنچانا اور نقصان سے بچانا ہے' جس کے سبب اسے کسی قانون کی تشکیل کے حتمی مقصد کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔

چونکہ کسی قانون کے پس منظر میں کارفرما حکمت پوشیدہ اور غیرواضح ہوتی ہے یا پھر تغیرپذیر' اس لیے قانون سازی کے لیے علت کو بنیاد بنایا جاتا ہے جو واضح' معین اور غیرمتغیر صفات کی حامل ہے' جبکہ حکمت نہ تو مستقل ہوتی ہے اور نہ ہی حتمی طور پر اس کی تعیین ممکن ہے۔

ایک مثال سے علت اور حکمت کے مقاصد کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ حق شفعہ کے اصول کے تحت' کسی غیر منقولہ جائیداد کے مشترکہ مالک یا ہمسائے کا یہ حق مقدم ہے کہ جب بھی اس کا ساجھی یا ہمسایہ اسے بیچنے کا قصد کرے' وہ اس جائیداد کو خرید سکے ۔ حق شفعہ میں علت خود مشترکہ ملکیت ہے' جبکہ اس قانون کی حکمت یہ ہے کہ شراکت دار/ پڑوسی کو اُس ممکنہ نقصان سے بچایا جا سکے جو یہ جائیداد کسی فریق ثالث کو فروخت کرنے کی صورت میں انہیں پہنچ سکتا ہے۔ یہاں جس جسمانی یا ذہنی تکلیف کو روکنے کی کوشش کی گئی ہے' یہ ضروری نہیں کہ واقعتا اس کا ظہور بھی ہو۔ یوں حکمت مستقل نہیں ہے۔ لہٰذا حق شفعہ کی علت مشترکہ ملکیت ہے جو حکمت کے برعکس مستقل اور غیر مبدل ہے کیونکہ حالات کے تبدیل ہونے سے اس میں کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔ چنانچہ جائیداد بیچنے والے کے شراکت دار یا پڑوسی کا یہ استحقاق قائم رہتا ہے کہ وہ ایسی صورت میں بھی کسی عام خریدار کے مقابلے میں اپنے حق کا مطالبہ کر سکیں جب فریق ثالث کو جائیداد کی فروخت انہیں کسی قسم کے نقصان' پریشانی یا زحمت سے دوچار نہ بھی کرے۔

قرآن و سنت کی نصوص اور اہل تاویل کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ ربا کی ممانعت میں علت وہ اضافہ ہے جس کی کوئی متبادل قیمت / قدر نہ ہو۔ ربا کی حرمت میں کارفرما حکمت یا برہان کا تعلق استحصال' ناانصافی

اور ارتکازِ زر سے ہے۔ اسلامی قانون میں کسی اصول کی بنیاد علت کو بنایا جاتا ہے نہ کہ حکمت کو۔ ربا کے ضمن میں علت اصل زر میں وہ اضافی رقم ہے جسے ترتیب دیتے وقت اس کے مقابل کوئی بدل موجود نہ ہو۔ چنانچہ ایسا کوئی بھی معاہدہ جس میں اس نوع کی کوئی شق شامل ہو' سودی معاہدہ کہلائے گا' قطع نظر اس کے کہ یہ لین دین ناانصافی یا استحصال کا موجب بنتا ہے یا نہیں۔ یہ بہت مشکل ہے کہ ہر سودی معاہدے کو ناانصافی (ظلم) اور ناجائز فائدے کی کسوٹی پر پرکھا جا سکے۔ ربا کا معاملہ چونکہ قانونِ عامہ سے متعلق ہے اس لیے ربا کے امتناع کے لیے قانونی ضابطہ تشکیل دینا ناگزیر ہے۔

سوال 6:آئین پاکستان میں ہے کہ وفاقی شرعی عدالت کسی قانون کے اسلام کے مطابق ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ قرآن و سنت کی بنیاد پر کرے گی۔ بنا بریں قرآن و سنت کے صریح احکام کی موجودگی میں کسی معاملے کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کے بارے میں ہم عصر علماء کی رائے کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: شرعی مصادر میں یہ گنجائش موجود ہے کہ ایک قابل اور اہل مسلمان فقیہہ کسی مسئلے پر شریعت کا مؤقف واضح کر سکے۔ کسی الوہی قانون کی تشریح کے لیے کوئی بھی اہل فقیہہ اپنا یہ اختیار قرآن و سنت کی روشنی میں استعمال کرتا ہے (دیکھئے: سورۃالنساء' آیت83)۔ اگر اس کا نقطۂ نظر شریعت کے اصول' مقاصد اور مزاج کے مطابق ہو تو اسے قانونی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔

ہماری رائے یہ ہے کہ آئین پاکستان میں یہ خلا ہے کہ وفاقی شرعی عدالت صرف قرآن و سنت کے صریح احکام کی موجودگی میں کسی معاملے کے اسلامی یا غیر اسلامی ہونے کے حوالے سے فیصلہ کرے۔ مآخذ شریعت میں کتاب و سنت کے بعد اجماع اور قیاس کا درجہ بھی آتا ہے۔ کئی احکام شرعی اجماع کے ذریعے اخذ کیے گئے ہیں' اسی طرح کئی احکام شرعی اجتہاد یعنی قیاس کے ذریعے بھی اخذ کیے جاتے ہیں' جس پر تقریباً تمام امت متفق ہے۔ اگر امت کے کسی گروہ کا اس پر اختلاف بھی ہو تو کم از کم یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ تمام مقلدین اور جمہور امت اس پر متفق ہے۔ لہٰذا کسی قانون کے مطابق یا مخالف اسلام ہونے کی پرکھ کے حوالے سے ہمیں

آئین پاکستان میں اجماع اور قیاس کا بھی ذکر کتاب و سنت کے بعد کرنا چاہیے۔ اہل علم کے ہاں اس مسئلہ میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ ائمہ اربعہ کے بعد کیا اجتہاد کا دروازہ بند ہو گیا ہے یا علماء امت عصری مسائل پر اجتہاد کر سکتے ہیں؟ مذاہب اربعہ کی تاریخ بتاتی ہے کہ ائمہ اربعہ کے بعد آنے والی جید اور معتبر علمی شخصیات نے اپنے اپنے امام کے بعض اجتہادات سے اختلاف کیا 'بلکہ بعض صورتوں میں ان کے اجتہاد کے بالکل برعکس علمی موقف اختیار کیا 'اور ایسا بھی ہوا کہ بعد میں آنے والوں کا یہ علمی موقف راجح قرار پایا اور ان کے بعد میں آنے والے انہی کے موقف کو

اختیار کرتے رہے اور اسی پر فتوے دیتے چلے آرہے ہیں۔ خود فقہ حنفی میں امام اعظم ابو حنیفہ کے صاحبین امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے بعض مسائل پر امام صاحب کی رائے سے اختلاف کیا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ یہ اختلافات علمی دلائل کی بنیاد پر پیدا ہوتے تھے اور بعد میں آنے والے جید حضرات یہ سمجھتے تھے کہ ان کے امام معصوم نہیں تھے بلکہ ان سے اجتہادی غلطی ہو سکتی تھی۔ پھر ان میں سے بعض اختلافات کی نوعیت ایسی نہ تھی کہ مختلف فیہ مسئلہ میں محض اولیٰ اور خلافِ اولیٰ کا تعین کیا جا رہا ہو بلکہ وہ اختلافات جواز و عدم جواز اور حلت و حرمت کے حوالے سے تھے۔ جیسے مزارعت (بٹائی کی بنیاد پر غیر حاضر زمینداری کے مسئلہ کو ہی لے لیجیے تو امامِ اعظمؒ اسے ناجائز سمجھتے تھے جبکہ امام ابو یوسفؒ نے اس کے جواز کا موقف اختیار کیا ہے۔ اسی طرح کا معاملہ خود ائمہ اربعہ کے مابین بھی ان کے اجتہادات کے حوالے سے نظر آتا ہے۔ امام شافعیؒ ائمہ ثلاثہ کی آراء کے برعکس مزارعت کی بعض صورتوں کو جائز سمجھتے ہیں۔

اسی نوع کا اختلاف ان کے ہاں مسلمان حکمرانوں کے خلاف خروج کے جواز اور عدم جواز پر بھی پایا جاتا ہے۔ لہٰذا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ کسی بھی معاملہ کے اسلامی یا غیر اسلامی قرار دیے جانے کے حوالے سے معاصر علماء کی آراء کی اہمیت درج ذیل اعتبارات سے ہے:

(۱) قرآن و سنت کے کسی حکم کے صریح ہونے کے بارے میںوہ رائے دے سکتے ہیں۔

(۲) قرآن و سنت کے کسی بھی حکم کی شرح و تبیین اور تخصیص و تقیید کے حوالے سے عدالت کی معاونت کر سکتے ہیں۔

(۳) اجماع اور قیاس سے اخذ کردہ احکام کی وضاحت اور تشریح کر سکتے ہیں۔

(۴) ائمہ مجتہدین کے اجتہادات اور فقہی آراء میں سے کتاب و سنت کے قریب ترین ہونے کی بناء پر کسی رائے کو راجح قرار دے سکتے ہیں۔

---

(۵) موجودہ دور میں ''اجتماعی'' اور ''ادارہ جاتی اجتہاد'' اسلامی فقہ کے غیر روایتی مسائل پر قانونی بحث اور شریعت کی ترجمانی کا ایک مقبول ذریعہ بن چکا ہے۔ فقہی مجالس کی آراء اور ان کے فیصلے' جو فقہاء و مجتہدین کے اجماعی فیصلوں کا نتیجہ ہوتے ہیں' معتبر گردانے جاتے ہیں اور ان کی حیثیت مسلمہ ہوتی ہے۔

زیر نظر مسئلہ میں بھی اجتماعی اجتہاد کے مذکورہ بالا اداروں کی rulings کو انفرادی آراء کے مقابلے میں اسی بنا پر اضافی اہمیت حاصل ہے۔

سوال 7:کیا سود کی حرمت کا اطلاق اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں پر بھی ہوتا ہے؟ کیا اس کا اطلاق غیر

مسلم حکومتوں و ریاستوں سے لیے گئے قرضوں پر بھی ہو گا جب کہ غیر مسلم ممالک کی پالیسیوں اور بین الاقوامی مالیاتی قوانین پر حکومت پاکستان کا کوئی کنٹرول نہیں ہے؟

جواب: ایک اسلامی ملک کے غیر مسلم شہریوں پر بھی یہ لازم ہو گا کہ وہ سود سے دُور رہیں، کیونکہ یہ قانونِ عامہ (پبلک لاء) کے زمرے میں آتا ہے۔ اس ضمن میں رہنمائی ہمیں اُس معاہدے سے حاصل ہوتی ہے جو آنحضور ﷺ اور نجران کے عیسائیوں کے درمیان طے پایا تھا۔ اس معاہدے میں صراحت کے ساتھ مذکور تھا کہ عیسائی سودی کاروبار نہیں کریں گے جبکہ اُنہیں شراب اور سؤر کا گوشت استعمال کرنے کی اجازت تھی۔ مسلمان ریاست پر یہ بھی واجب ہے کہ وہ بیرونی ممالک کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کی پاسداری کرے۔

معزز عدالت کی طرف سے اٹھایا جانے والا سوال خاص اور متعین ہے اور اس میں مسلمان اور غیر مسلم کے درمیان سودی لین دین کی دیگر کئی صورتوں سے صرف نظر کر کے صرف یہ پوچھا گیا ہے کہ اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں پر بھی سود کی حرمت کا اطلاق ہو گا یا نہیں۔ البتہ یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہاں اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں کے مابین باہم سودی لین دین کی بات کی جا رہی ہے کیونکہ اسلامی ریاست میں ان کا کسی مسلمان سے سودی لین دین نہ کر سکنا تو اس قدر واضح ہے کہ اسے ہم نے خارج از بحث ہی رکھا ہے۔

اس کے جواب میں ہمارے دلائل حسب ذیل ہیں:

اولاً: سود کی حرمت کا قطعی حکم آنے کے بعد حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر اسقاطِ سود کے حوالے سے جو حکم دیا وہ بھی عام اور مطلق ہے۔

47

قَضَى اللهُ اَنَّهٗ لَا رِبًا ،وَاِنَّ اَوَّلَ رِبًا أَضَعُ رِبَا عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاِنَّهٗ مَوضُوعٌ كُلَّه (ضیاء النبی: ج۴، ص ۷۵۳)

''اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا کہ کوئی سود نہیں۔ سب سے پہلے جس ربا کو میں کالعدم کرتا ہوں وہ عباس بن عبد المطلب کا سود ہے، یہ سب کا سب معاف ہے۔''

اسی طرح خود آیت ربا میں جس ربا کا ذکر کیا گیا ہے وہ عام اور مطلق ہے، یعنی اس میں سود لینے دینے کی تمام صورتوں کو حرام قرار دیا گیا ہے اور قرآن حکیم میں کسی مقام پر بھی اس عام اور مطلق حکم کی کوئی تخصیص اور تقیید نہیں کی گئی، جس سے اسلامی ریاست میں رہنے والے غیر مسلم شہریوں کے لیے سودی لین دین کی گنجائش پیدا ہوتی ہو۔ احناف کے ہاں تو قرآن حکیم کے حکم قطعی کو صحیح حدیث رسول (خبر واحد) سے بھی مقید کرنا درست نہیں ہے، جبکہ ہمارے سامنے تو کوئی ایسی حدیث شریف بھی نہیں جو صحیح الاسناد اور صریح الدلالۃ ہو، جس سے اس عام اور مطلق حکم میں تخصیص اور تقیید کرنے کے لیے راستے پیدا کیے جا سکیں، تاکہ اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں کو

سودی لین دین کی اجازت مل جائے۔

ثانیًا: امام سرخسی کی ذکر کردہ احادیث سے یہ وضاحت ہو جاتی ہے کہ حضور ﷺ نے اسلامی ریاست کے ساتھ عقد ذمہ کرنے والوں کو بھی باہم سودی لین دین سے روک دیا تھا۔

کتب الٰی نصاری نجران: مَنْ اَرْبٰی فَلَیْسَ بَیْنَنَا وَبَیْنَہٗ عَھْدٌ وکتب الٰی مجوس ھجر: اِمَّا اَنْ تَدَعُوا الرِّبَا اَوْ تَأْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔ (کتاب المبسوط ،ج ۱۴ ،باب الصرف: ۷۲)

''نجران کے نصاریٰ کو آپ ﷺ نے خط لکھ دیا کہ جو ربا (سود) کا کاروبار کرے پس ہمارے اور ان کے درمیان کوئی معاہدہ نہیں ،اور ہجر کے مجوسیوں کو لکھ دیا کہ جو سود کی دعوت دے وہ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کے لیے تیار ہو جائے۔''

سنن ابو دائود کی ایک روایت میں بھی منقول ہے:

ولا یفتنوا عن دینھم مالم یحدثوا حدثًا و یاکلوا الربا (ابو داؤد ،رقم: ۲۶۴۴)

''انہیں ان کے دین سے برگشتہ نہیں کیا جائے گا (یہ معاہدہ اُس وقت تک قائم رہے گا) جب تک کہ وہ اس کی خلاف ورزی نہ کریں یا سود نہ کھائیں۔''

ثالثًا: فقہاء کے مابین یہ اختلاف تو پایا جاتا ہے کہ دار الحرب میں مسلمان اور حربی کے درمیان

سودی لین دین جائز ہے کہ نہیں ،لیکن اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں اور مسلمان شہریوں کے درمیان یا غیر مسلم شہریوں کے مابین باہم سودی لین دین کی ممانعت ایسے مسلمات میں سے ہے کہ اس میں کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے۔ یہاں ذہن میں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ جب اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں پر دیگر محرمات کا اطلاق نہیں ہوتا تو سودی حرمت کا اطلاق کیونکر ہو گا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ربا کی حرمت کا قرآنی حکم عام ہے جس کا منشا یہ ہے کہ اسلامی ریاست میں ربا کا بالکلیہ استیصال ہو جائے اور اس کے شہریوں میں سے کسی کو بھی اجازت نہ ہو کہ وہ سودی لین دین کر سکے خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم ،جبکہ دیگر محرمات جیسے شراب حتیٰ کہ خنزیر کا گوشت نہ کھانے پینے کے حوالے سے جو احکام وارد ہوئے ہیں وہ مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضور ﷺ نے نجران کے عیسائیوں کے ساتھ جو معاہدہ کیا تھا اس میں صراحت کے ساتھ مذکور تھا کہ عیسائی سودی کاروبار نہیں کریں گے۔

ومن أکل ربا من ذی قیل فذمتی منہ بریئۃ (کتاب الخراج ،لابی یوسف: ۷۸)

''جو صاحب ریاست بھی ربا کھائے گا اس سے میری ذمہ داری ساقط ہو جائے گی۔''

حضور ﷺ کے اس عمل مبارک کی حکمت یہ نظر آتی ہے کہ دیگر محرمات کے مقابلے میں سود کا ضرر

معاشرتی اور اقتصادی اعتبار سے بھی بہت زیادہ ہے۔ اگر کسی اسلامی ریاست کے عیسائیوں کو سودی لین دین کی اجازت دے دی جائے تو اس کے اسلامی معاشرت اور ریاست کی اقتصادی صورتحال پر بڑے گہرے اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ ہو گا۔ غالباً اس حکمت کی بنیاد پر حضور ﷺ نے نجران کے عیسائیوں کو سودی لین دین سے روک دیا تھا۔ اہل علم نے اسلامی ریاست کے غیر مسلم شہریوں کو سودی لین دین سے منع کرنے کی حکمتیں بھی بیان کی ہیں۔ ایک حکمت تو یہ ہے کہ سود کی حرمت کا حکم سابقہ آسمانی شرائع میں بھی دیا گیا ہے۔ لہٰذا انہیں سود سے روکنا صرف اسی غرض سے نہ تھا کہ انہیں شریعت اسلامیہ کے احکام کی پیروی پر مجبور کیا جائے بلکہ ان پر آسمانی شرائع کی متفق علیہ ہدایات میں سے ایک ہدایت کا نفاذ تھا۔ یہ بات پیش نظر رہے کہ قرآن حکیم نے تو محض تصدیق کے لیے بیان کیا ہے کہ یہود کو سود کی ممانعت تھی جبکہ بائبل اور زبور میں متعدد مقامات پر سود کی حرمت اور ممانعت کا تذکرہ ملتا ہے۔ علامہ سید سابق نے تمام اہل کنیسہ کا اس کی حرمت پر اتفاق نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:

واتفقت کلمۃ رجال الکنیسۃ علی تحریم الربا تحریماً قاطعًا۔

''کنیسہ کے پادریوں اور عالموں کا سود کی قطعی حرمت پر اتفاق ہے''۔(فقہ السنۃ: ج۳،ص ۱۳۰،۱۳۲)

امام سرخسی نے نجران کے عیسائیوں کو سودی لین دین سے روک دینے کی حکمت یہی بیان کی ہے:

قد صح ان رسول اللہ ﷺ کتب الی اھل نجران بأن تدعوا الربا او تاذنوا بحرب من اللہ و رسولہ، وکان ذلک لھذا المعنی انہ فسق منھم فی الدیانۃ، فقد ثبت بالنص حرمۃ ذلک فی دینھم، قال اللہ تعالیٰ: وَاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ (شرح السیر الکبیر: ۱۵۴۶/۴،۱۵۴۷)

''صحیح سند سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اہل نجران کو لکھا کہ سودی لین دین چھوڑ دو یا پھر اللہ اور اس کے رسول کے طرف سے اعلانِ جنگ سن لو۔ اس کی وجہ یہی تھی کہ سود ان کے مذہب میں گناہ کا کام تھا۔ چنانچہ قرآن مجید سے صراحۃً ثابت ہے کہ یہ ان کے مذہب میں حرام ہے۔ فرمایا: ''اور یہود کا ایک جرم سود لینا بھی تھا حالانکہ انہیں اس سے منع کیا گیا تھا۔''

یہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ حضور ﷺ کے وصال کے بعد جب اہل نجران حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو انہوں نے بھی اس معاہدہ کی تجدید کر دی جو حضور ﷺ نے ان کے ساتھ فرمایا تھا، جس میں انہیں سود کھانے سے منع کیا گیا تھا۔ چنانچہ اس معاہدہ کی تجدید کی صورت میں خلیفہ اول نے جو معاہدہ تحریر فرمایا اس میں لکھا گیا:

و فائً لھم بکل ما کتب لھم محمد النبی ﷺ

''(یہ عہد) ان تمام وعدوں کی تکمیل کے طور پر (کیا جا رہا ہے) جو محمد نبی ﷺ نے ان کے لیے تحریر فرمائے ہیں''۔(کتاب الخراج لابی یوسف: ۷۹)

کتاب الخراج ہی میں اس طرح مذکور ہے کہ جب عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو یہ لوگ ان کے پاس آئے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو نجران یمن سے جلا وطن کر کے نجرانِ عراق میں بسا دیا تھا 'کیونکہ آپ کو اندیشہ تھا کہ یہ لوگ مسلمان کو نقصان پہنچائیں گے۔ ان کی جلا وطنی کے بعد حضرت عمر فاروق ؓ نے ان اہل نجران کے لیے معاہدہ لکھا۔

یہاں یہ بات قابل توجہ ہے کہ آخر نجران کے نصاریٰ سے مسلمان کو کیا خطرہ تھا جس کی

بنیاد پر حضرت عمرؓ نے ان کی جلا وطنی کا فیصلہ کیا۔ اس کی وضاحت 'کتاب الاموال' کی درج ذیل عبارت سے بخوبی ہو جاتی ہے:

فلما ولی عمر بن الخطاب اصابوا الربا فی زمانہ فأجلاھم عمر(کتاب الاموال: ۲۰۲)

''جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو اُس وقت ان (اہل نجران) کو سود خوری کا ارتکاب کرتے پایا تو حضرت عمرؓ نے ان کو جلا وطن کر دیا۔''

دراصل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسی خطرہ کا ادراک کرتے ہوئے انہیں جلا وطن کیا تھا کہ وہ سودی لین دین میں مشغول ہو گئے تھے اور خطرہ تھا کہ ان کی اس خرابی کے اثرات مسلمانوں تک پہنچ جائیں اور وہ انہیں بھی سودی لین دین میں ملوث نہ کر لیں۔چنانچہ امام ابوعبید ؒ نے اسلامی ریاست کے غیر مسلموں پر سودی لین دین کی ممانعت کی توجیہہ ''سد ذریعہ'' کے اصول پر کی ہے 'کیونکہ سودی لین دین کے اثرات متعدی ہو سکتے ہیں جو مسلمانوں تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔ لہٰذا نجران کے نصاریٰ پر اس پابندی کو عائد کرنے کا اصل مقصد مسلمانوں کو سودی معاملات سے محفوظ رکھنا تھا۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

غلظ علیھم اکل الربا خاصۃ من بین المعاصی کلھا 'و لم یجعلہ لہ مباحًا و ھو یعلم انھم یرکبون من المعاصی ما ھو اعظم من ذلک: من الشرک 'و شرب الخمر' وغیرہ' الا دفعًا عن المسلمین و أن لا یبایعوھم بہ فیأکل المسلمون الربا (کتاب الاموال: ۲۰۳'۲۰۴)

''سیدنا عمرؓ نے باقی تمام خلافِ شرع امور کو چھوڑ کر خاص طور پر سود کے معاملے میں ان پر سختی کی اور اسے ان کے لیے مباح قرار نہیں دیا۔ حالانکہ وہ جانتے تھے کہ وہ اس سے بھی بڑے گناہوں مثلاً شرک اور شراب نوشی وغیرہ کا ارتکاب کرتے ہیں۔ سیدنا عمرؓ نے ایسا محض مسلمانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کیا تاکہ ان کے ساتھ لین

دین کا معاملہ کرنے کی صورت میں مسلمان بھی سود کھانے میں بتلا نہ ہو جائیں۔ ''

الغرض اگر سابقہ آسمانی شرائع کے لحاظ سے دیکھا جائے تو یہود و نصاریٰ کے لیے نہ صرف اسلامی ریاست میں بلکہ ان کی اپنی ریاستوں میں بھی سودی لین دین جائز نہیں ہے' جبکہ اسلامی ریاست میں تو انہیں ''سد ذریعہ'' کے اصول پر بھی سودی لین دین کی اجازت نہیں دی جا سکتی اور یہ اصول تمام اقلیتوں پر لاگو ہو گا خواہ وہ سابقہ آسمانی شرائع کو ماننے والی ہوں یا نہ ہوں۔

رابعًا: آئین پاکستان اور اس کے تحت قانون کے اطلاق کے دائرہ کے لیے ''پاکستان کے تمام شہری'' کے الفاظ لکھے جاتے ہیں۔ اسی طرح پنجاب کے نجی سود کی ممانعت کے ایکٹ 2007ء کا اطلاق پنجاب میں مقیم تمام شہریوں پر ہوتا ہے خواہ وہ مسلم ہوں یا غیر مسلم۔

غیر مسلم ممالک سے حاصل کیے گئے قرضے

غیر مسلم ممالک سے حاصل کیے گئے قرضوں پر بھی سودی لین دین کی ممانعت کا اطلاق ہوگا 'کیونکہ جو ممانعت مسلمان ریاست کے شہری پر وارد ہے وہ بطریق اولیٰ اسلامی ریاست پر لاگو ہو گی' کیونکہ اسلامی ریاست کا وظیفہ یہ ہے کہ وہ ریاست سے سود کا بالکلیہ استیصال کرے' جیسا کہ حضور ﷺ نے بطور سربراہ مملکت حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا' چہ جائیکہ وہ خود سودی لین دین میں ملوث ہو جائے۔ پھر اسلامی ریاست کی حیثیت مسلمان شہریوں کے نمائندہ اور وکیل کی ہے اور فقہی اصول ہے کہ جو چیز مؤکل کے لیے جائز نہ ہو وہ اس کے وکیل کے لیے بھی جائز نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ فقہ حنفی میں بھی یہی اصول کار فرما ہے۔

یہاں اس بات کی صراحت بھی مفید ہو گی کہ پبلک نوٹس میں مسلم اور غیر مسلم ریاستوں کی طرف سے سرمایہ کاری کے تناظر سے متعلق جو استفسار ہے' اس کے بارے میں بھی ہم سپریم کورٹ آف پاکستان کے شریعت اپیلیٹ بینچ کے 23 دسمبر 1999ء کے فیصلہ میں مذکور گفتگو سے پوری طرح متفق ہیں اور اسی کو اختیار (adopt) کرتے ہیں۔ اس کے متعلق گفتگو اس فیصلہ کے PLD درج ذیل صفحات میں آئی ہے:

1. Judgement of Justice Khalil Ur Rehman PLD page No. 313 to 321 (publisher Shariah Academy International Islamic University, Islamabad.)
2. Judgement of Justice Mufti Muhammad Taqi Usmani Sb PLD page No 725 to 757 (publisher: Malik Muhammad Saeed Pakistan Educational Press Lahhore.)

سوال 8: انڈیکسیشن کے جائز یا ناجائز ہونے کے حوالے سے آپ کی کیا رائے ہے؟ معاصر فقہاء کے قانونی نکات کو

خاص اہمیت دیتے ہوئے قرض کی مدت کے دوران کرنسی کی قیمت میں کمی (ڈی ویلیوایشن) اور افراطِ زر جیسے عوامل کو مدنظر رکھ کر وضاحت کیجیے۔

52

جواب: انڈیکسیشن سے مراد یہ ہے کہ قرض دار کو اس نقصان کی تلافی کرنی چاہیے جو افراطِ زر اور اس کے سبب سے کرنسی کی قوتِ خرید میں پیدا ہونے والی کمی کی صورت میں قرض خواہ کو اٹھانا پڑتا ہے۔ بعض لوگوں نے اس کے جواز کے لیے اُس قانون تضامن وہرجانہ (Indemnity) کا حوالہ دیا ہے جس کی رُو سے جو شخص کسی دوسرے کو تکلیف پہنچاتا ہے اسی پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس کی دادرسی بھی کرے۔ لیکن افراطِ زر اور اس کے زیر اثر جو نقصان قرض خواہ کی دولت کو پہنچتا ہے' اسے کسی طرح بھی قرض دار کا فعل سمجھا نہیں جا سکتا۔ ایسی صورت میں قرض لینے والے کو کیسے ذمہ دار قرار دے کر اس سے تلافی کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے؟ ظاہر ہے' ایسا کوئی بھی نظام قرض دار کے لیے ضرررساں ہو گا۔ پھر یہ کہ شریعت کسی بھی صورت میں اصل زر کے علاوہ کوئی بھی مشروط اضافہ جائز قرار نہیں دیتی۔ قرض خواہ کی جانب سے انڈیکسیشن کی مد میں وصول کی گئی اضافی رقم پر اس حدیث مبارکہ کا اطلاق ہوتا ہے جس کی رُو سے کسی قرض کو مالیاتی فائدے سے مشروط کرنا ایک طرح کا ربا ہے۔

تاہم' دورِ حاضر کے فقہاء قرضوں کی انڈیکسیشن کے جواز پر مختلف آراء رکھتے ہیں۔ علماء کا ایک طبقہ جس میں رفیق المصری' سلطان ابوعلی' ایم اے منان' ضیاء الدین احمد' عمر زبیر اور گل محمد شامل ہیں' انڈیکسیشن کو جائز سمجھتا ہے۔ انہیں اس میں ایسی کوئی بات نظر نہیں آتی جو شرعی قوانین سے متصادم ہو' بلکہ وہ اسے قرآن و سنت میں بیان کردہ انصاف کے اصولوں کے عین مطابق قرار دیتے ہیں۔ اس کے برعکس' بعض علماء ایسے بھی ہیں جو انڈیکسیشن کو اسلامی تعلیمات کے منافی سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ انڈیکسیشن درحقیقت قرض پر معین منافع کا حصول ہے اور یہ شریعت میں مذکور ان اصولوں سے بھی رُوگردانی کرتا ہے جو قرضوں کی ادائیگی سے متعلق ہیں۔ اس نقطۂ نظر کے حامل سکالرز میں محمد عمر چھاپرا' منظر کہف' ایم نجات اللہ صدیقی' محمد حسن الزماں' مولانا تقی عثمانی' علی احمد سلوس اور بعض دوسرے نامور علماء شامل ہیں۔

شریعت اپیلیٹ بینچ 1999ء کے فیصلے میں عدالت عظمیٰ نے یہ کوشش کی ہے کہ دورِ حاضر کے اسلامی فقہ میں مختلف مسائل کے حوالے سے موجود متضاد نقطہ ہائے نظر کے درمیان اعتدال کا راستہ اپنایا جائے۔ افراطِ زر کی صورت میں معزز عدالت قرض کی انڈیکسیشن کو تسلیم نہیں کرتی کیونکہ کسی بھی نظام معیشت میں افراطِ زر ایک معمول کا عمل ہے۔ تاہم' hyper inflation کی صورت میں عدالت قرض دہندہ کے اس حق کو تسلیم کرتی ہے کہ اسے پہنچنے والے بھاری نقصان کی تلافی کی جانی چاہیے۔ اس مقصد کے لیے غبن فاحش کا اصول متعارف

53

کرایا گیا ہے تاکہ قرض خواہ کے اس نقصان کا ازالہ ہو سکے جو hyper inflation کے سبب کرنسی کی قوت خرید میں کمی سے اسے پہنچتا ہے۔hyper inflation کی صورت میں قرض دہندہ کو بہت زیادہ خسارہ ہوتا ہے کیونکہ اسے قرض دار سے جو رقم ملتی ہے اس کی قدر قرض کے طور پر دی گئی اصل رقم سے بہت کم ہوتی ہے۔

غبن فاحش سے مراد کسی معاہدے کے ایک فریق کو پہنچنے والا وہ بڑا خسارہ ہے جس کا اندازہ ماہرین نہیں لگا سکتے۔ بنیادی طور پر غبن فاحش کا تعلق کسی شے کی فروخت کے ایسے معاہدے سے ہے جس میں بیچنے والا شخص خریدار سے غیر معمولی منافع کماتا ہے۔

عدالت نے فروخت کے سودے میں خریدار کو بیچنے والے نقصان کی تعدیل اس گھاٹے کے ساتھ کی ہے جس سے قرض خواہ hyper inflation کے نتیجے میں دوچار ہوتا ہے۔ لہٰذا عدالت کی نظر میں' کرنسی کی قوت خرید میں کمی کے معاملے کو غبن فاحش کے روایتی تصور پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں' عدالت نے یہ قرار دیا ہے کہ hyper inflation کی سطح تک پہنچنے والے افراطِ زر پر غبن فاحش کا اصول لاگو کیا جانا چاہیے اور ایسے اقدامات اٹھانے چاہئیں جن سے قرض خواہوں کے حقوق کا تحفظ ہو سکے۔ یہاں فلوس (تانبے کا سکہ) کے حوالے سے فقہاء نے جو اصول مرتب کیا ہے' اس کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ (تفصیلی فیصلہ از جسٹس خلیل الرحمن' ص366)

اس سے مراد یہ ہے کہ اگر تانبے کے سکے کی گردش رک جائے یا فلوس کی وقعت اس کی قدرِعرفی کے مقابلے میں کافی کم ہو جائے تو پھر وسیلۂ مبادلہ اور store of value کے طور پر ان کی حیثیت ختم ہو جائے گی' اور انہیں ثمن اصطلاحی یا زرِ قانونی تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں' سوداکاری کے وقت رائج فلوس کی اصل قیمت ادا کرنا ہو گی۔ جب تک کرنسی کی قدر افراطِ زر کی معمول کی اُن حدود کے اندر رہے گی جنہیں اس اصول کے تحت طے کیا گیا ہے' اس کی latent value میں کسی قسم کے فرق کو نظرانداز کرتے ہوئے تمام لین دین' ادائیگیاں اور repayments کرنسی کی قدرِعرفی کی بنیاد پر ہوں گی۔ تاہم' جیسے ہی افراطِ زر مقررہ حدود سے تجاوز کرتے ہوئے hyper inflation کے حلقے میں داخل ہو گا' یہ غبن فاحش کا سبب قرار پائے گا۔یہ ایک استثنائی صورتحال ہے جسے عمومی حالات پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

عہدِ حاضر کے مسلم سکالرز کو درپیش افراطِ زر جیسے اہم مسئلے کے سلسلے میں معزز عدالت کی یہ توضیح ایک قابل قدر اجتہاد کا درجہ رکھتی ہے۔ مسئلے کے حل کے لیے یہ ایک معتدل اور متوازن

نقطۂ نظر ہے۔ عدالت نے معمول کے افراطِ زر میں قرض خواہ کے نقصان کی تلافی کا حق تسلیم نہیں کیا جبکہ hyper inflation میں یہ گنجائش رکھی ہے کیونکہ مؤخرالذکر صورت میں افراطِ زر کی شرح منصفانہ حدود سے تجاوز کر جاتی ہے۔

سوال 9: قرآن حکیم میں "رأس المال" کی اصطلاح کن معنوں میں استعمال ہوئی ہے؟ یہ ایک حقیقت ہے کہ افراطِ زر کے ماحول میں کرنسی کی قدر میں کمی کا رجحان ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی سے کرنسی کی صورت میں ایک مخصوص رقم ادھار لے کر کافی عرصے کے بعد اتنی ہی رقم واپس کرتا ہے تو قرض خواہ افراطِ زر کے منفی اثرات سے محفوظ نہیں رہ پائے گا۔ اگر وہ قرض دار سے یہ تقاضا کرے کہ اسے کرنسی کی قدر میں کمی کے سبب پہنچنے والے نقصان کی تلافی کے لیے زیادہ رقم ادا کی جائے تو کیا اس قسم کا مطالبہ ربا کے ذیل میں شمار ہو گا؟

جواب: "رأس المال" ایک مخصوص اصطلاح ہے۔ یہ قرآنی اصطلاح معاملۂ قرض کے اصل زر کو ظاہر کرتی ہے، قطع نظر اس کے کہ قرض کی رقم صرفی مقاصد کے لیے دی گئی ہے یا پیداواری مقاصد کے لیے۔ یہ اصطلاح رقم کی نفسی قدر (intrinsic value) کے لیے کبھی بھی استعمال نہیں ہوتی، کہ اس سے کسی بھی صورت میں قرضوں کی انڈیکسیشن کا جواز نکالا جا سکے۔

قرآن حکیم میں رأس المال سے مراد اصل مال ہے جو قرض خواہ مقروض کو بوقت قرض دیتا ہے۔ اسلام اس میں کسی بھی قسم کے اضافے کو سود قرار دیتا ہے۔ رأس المال کا ذکر اور اس کی تعریف خود قرآن حکیم نے کر دی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

{فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا فَاۡذَنُوۡا بِحَرۡبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوۡلِهٖ ۚ وَ اِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ ۚ لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَ لَا تُظۡلَمُوۡنَ ﴿۲۷۹﴾} (البقرة)

"پھر اگر ایسا نہ کرو تو تو سن لو اللہ اور اُس کے رسول سے لڑائی کا، اور اگر تم توبہ کرو تو اپنا اصل مال لے لو، نہ تو کسی پر ظلم کرو اور نہ تمہارے ساتھ کوئی ظلم کرے۔"

اس آیت کریمہ میں واضح کر دیا گیا ہے کہ اگر تم سود سے توبہ کر لو تو تمہارے رأس المال تمہیں مل جائیں گے، اور تم کسی پر ظلم کرنے پائو گے اور نہ کوئی تم پر ظلم کرنے پائے گا۔

آیت کریمہ کے اس حصے نے واضح کر دیا کہ رأس المال سے زیادہ وصول کرنا سود ہے اور یہ مقروض پر ظلم ہے، اور اس میں کمی کرنا قرض خواہ پر ظلم ہے، لہٰذا "لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَ لَا تُظۡلَمُوۡنَ" کا مطلب یہ ہوا کہ مقروض قرض خواہ کی اصل رقم میں کمی نہ کرے اور قرض خواہ اصل

رقم پر اضافہ نہ لے۔ تمام جید مفسرین کرام نے اس کی وضاحت یوں ہی کی ہے کہ "لَا تَظۡلِمُوۡنَ" سے مراد یہ ہے کہ زیادتی نہ کرو اور "لَا تُظۡلَمُوۡنَ" سے مراد یہ ہے کہ رأس المال میں کمی نہ کی جائے۔ ملاحظہ ہو تفسیر ابن کثیر، تفسیر معالم

التنزیل‘تفسیر روح المعانی‘ تفسیرجامع البیان۔

بلا شبہ یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان میں افراطِ زر کی شرح روز افزوں ہے‘ جس سے قرض خواہ اگر اپنی اصل رقم یعنی رأس المال پر کوئی اضافہ نہ لے تو اس کے رأس المال کی قیمت خرید چند سال بعد کم ہو جائے گی‘ جس کی وجہ سے اسے نقصان ہو گا۔ لہٰذا بعض اہل علم کا خیال ہے کہ اشاریہ بندی یعنی Indexation کے ذریعے اس نقصان کی تلافی ضروری ہے‘ اس لیے اس پر سود کا اطلاق نہیں ہو گا اور یہ قرآنی حکم ’’لَا تَظْلِمُوْنَ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ‘‘ کی تعبیر ہے۔

ان معاصر اہل علم میں رفیق المصری‘سلطان ابو علی‘ایم اے منان‘ضیاء الدین احمد‘عمر زبیر اور گل محمد کے نام شامل ہیں‘جبکہ کئی معاصر علماء قرضوں کی انڈیکسیشن کے حامی نہیں ہیں۔ ان میں محمد عمر چھاپڑہ منظر کیف‘ایم نجات اللہ صدیقی‘محمد حسن الزماں‘مولانا تقی عثمانی اور علی احمد سلوس سمیت دیگر بھی شامل ہیں۔

ہم بھی درج ذیل عقلی و نقلی دلائل کی بنیاد پر مؤخر الذکر نکتہ نظر کے حاملین معاصر علماء سے موافقت اختیار کرتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلے تو یہ تعین کیا جانا ضروری ہے کہ افراطِ زر یا تخفیف قدرِ زر کی صورت میں روپے کی قوت خرید میں جو کمی واقع ہوتی ہے کیا وہ مقروض کی کسی کوتاہی یا غلطی کا نتیجہ ہے‘ جو اسے قرضوں کی انڈیکسیشن کی صورت میں تاوان ادا کرنے پر مجبور کیا جائے؟ ادنیٰ تأمل سے یہ بات آشکار ہو جاتی ہے کہ یہ دونوں صورتیں کسی مقروض کے اختیار میں نہیں اور نہ ہی اس کی کسی غلطی کی وجہ سے ملک میں افراطِ زر میں اضافہ ہو رہا ہے یا ہماری کرنسی کی قدر گھٹتی چلی جا رہی ہے۔ یہ سب کچھ تو ہمارے حکمرانوں کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے جو آئے دن اربوں روپے کے نئے نوٹ چھاپ کر ملک میں مہنگائی اور افراطِ زر کو فروغ دے رہے ہیں۔ آج بھی ترقی یافتہ ممالک میں نہ تو افراطِ زر کی شرح ہمارے جیسی ہے اور نہ ہی ان کی کرنسیاں اس قدر غیر مستحکم ہیں۔ خود پاکستان کی کرنسی ایک خاص وقت تک مستحکم رہی ہے۔ افراطِ زر کی بڑھتی ہوئی شرح اور تخفیف قدر زر کی ذمہ داری مقروض پر ڈالنا قرین انصاف نہیں ہے۔ اصول یہ ہے کہ ہر کوئی اپنا بوجھ اٹھائے گا‘کسی پر کسی کی غلطی یا کوتاہی کا بوجھ نہیں ڈالا جا سکتا ہے۔ لہٰذا افراطِ زر یا تخفیف قدر زر کی صورت میں کرنسی کی قوتِ خرید میں جو کمی واقع ہوتی ہے اس کی تلافی کے لیے

مقروض کو پابند کرنا ہرگز قرین انصاف نہیں ہے۔

(۲) یہ بھی سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر بفرض محال کوئی قرض خواہ اپنی رقم بطور قرض نہیں دیتا تو کیا وہ اپنی اس رقم کو افراطِ زر اور تخفیف قدرِ زر کے اثرات سے بچا سکے گا؟

یقینا اس کا جواب نفی میں ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے پاس کئی اور راستے موجود ہیں جن کے

ذریعے وہ کسی نہ کسی درجے میں اپنی رقم کو ان اثرات سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ مثلاً
ا: وہ اپنی رقم کو شراکت یا مضاربت کی بنیاد پر کسی کاروبار میں لگا سکتا ہے۔
ب: وہ سونا، چاندی یا کوئی اور مستحکم کرنسی خرید کر رکھ سکتا ہے۔
ج: وہ اس مال سے کوئی زمین یا جائیداد خرید کر رکھ سکتا ہے۔
د: وہ اس رقم کو اپنے کاروبار کی توسیع میں استعمال کر سکتا ہے۔

ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ جب اس کے پاس اپنی رقم کو افراطِ زر اور تخفیف قدر زر کے اثرات سے بچانے کے شرعی طور پر جائز راستے موجود ہیں تو اسے یہ راستہ اختیار کرنے کی بھلا کیا ضرورت ہے جس میں واضح طور پر ربا میں ملوث ہونے کا اندیشہ ہے۔

(۳) بینکوں میں قرضوں کی انڈیکسیشن کا معاملہ مروّجہ نظام بینکاری میں سود کی معروف متبادل اساس کے طور پر رائج بھی نہیں ہو سکتا، جس کی کئی وجوہ ہیں:

ا۔ یہ کس طرح تعین کیا جائے گا کہ افراطِ زر اور تخفیف قدرِ زر کی شرح انڈیکسیشن کی شرح کا مساوی ہے، کیونکہ ان کے مابین عدم مساوات کی صورت میں تو صریحاً سود کا قوی اندیشہ ہے، کیونکہ اس کے جواز کے قائلین بھی اسے تلافی قرار دیتے ہیں نہ کہ نفع بصورت سود۔ اگر انڈیکسیشن کی شرح افراطِ زر وغیرہ سے زیادہ ہو تو یہ سیدھا سیدھا سود ہو گا۔

ب۔ اگر یہ دونوں شرحیں برابر ہوں تو کیا بینک جن قرض داروں سے قرض حاصل کرتا ہے ان کو انڈیکسیشن کی صورت میں تلافی نہیں دے گا؟ صاف ظاہر ہے کہ یہ اصول اس کے کھاتہ داروں پر بھی لاگو ہو گا تو اس صورت میں بھلا بینک کے لیے کیا کشش رہ جاتی ہے کہ وہ جس قدر رقم انڈیکسیشن کی صورت میں قرضہ داروں سے وصول کرے اسی قدر رقم اپنے کھاتہ داروں کو ادا کر دے۔ اہم بات یہ ہے کہ وہ اپنے بھاری بھرکم اخراجات کیسے پورے گا؟

(۴) انڈیکسیشن کے جواز کے قائلین کی نظر ''لَا تَظْلِمُوْنَ'' کی طرف تو گئی ہے لیکن ''لَا تُظْلَمُوْنَ'' کی طرف نہیں گئی، کیونکہ اگر بالفرض کوئی ایک لاکھ روپے بطور قرض لیتا ہے اور انڈیکسیشن کی شرح 12% سالانہ مقرر ہو جاتی ہے۔ اس طرح دو سال بعد اسے ایک لاکھ

چوبیس ہزار روپے ادا کرنا ہوں گے جبکہ روپے کی قدر یا قوتِ خرید تو کم ہو کر چھہتر ہزار روپے رہ گئی ہو گی۔ لہٰذا یوں اس انڈیکسیشن کی صورت میں قرض خواہ پر اضافی ادائیگی کا بوجھ ڈالنا ''اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً'' کی ہی صورت بن جائے گا کیونکہ یہ اس کے لیے دوہرا نقصان ہو گا۔ ایک تو وہ بطور مقروض رأس المال میں افراطِ زر وغیرہ کی صورت میں ہونے والی کمی کا نقصان خود برداشت کرے اور دوسرا قرض خواہ کی اصل رقم یعنی رأس المال کی قوتِ خرید میں پیدا ہونے والی کمی کا بھی ازالہ کرے گا جبکہ اصلاً وہ اس کمی یا نقصان کا ذمہ دار نہ ہے۔ تمام فقہاء اس پر متفق ہیں کہ قرض کی

واپسی میں جنس اور مقدار میں برابری ضروری ہوتی ہے کہ جتنا اور جیسا لیا تھا اتنا ہی اور ویسا ہی واپس کرنا ہو گا۔ قیمت اور قوت خرید میں برابری اور تناسب ضروری نہیں۔ لہٰذا قرضوں کی واپسی میں جنس اور مقدار فیصلہ کن عامل ہیں نہ کہ قوت خرید۔ جبکہ قرضوں کی انڈیکسیشن کے تصور کی بنیاد ہی یہی ہے کہ قرض دار جنس اور مقدار میں برابری کی بجائے قوت خرید میں برابری اور مثلیت کی بنیاد پر قرض کی واپسی کرے۔ فقہاء نے قرض کی تعریف یوں کی ہے:

هو عقد مخصوص ‘يرد على دفع مال مثلي لأخر ليرد مثله و صح في مثلي لا في غير ... ما يكال أو يوزن أو يعد متقاربًا فصح استقرض جوز وبيض (الدر المختار‘كتاب البيوع ‘فضل في القرض‘جلد ۷،ص ۴۰۶)

’’قرض ایک معاہدہ ہے جس میں ایک شخص دوسرے کو مال مثلی دیتا ہے اور لینے والا ادائیگی کے وقت اس کی مثل واپس کرتا ہے ۔قرض لین دین مال مثلی میں صحیح ہے اور غیر مثلی میں صحیح نہیں ہے ... (مال مثلی وہ ہے) جسے ماپا اور تولا جا سکتا ہے یا جس کی مقدار گننے سے معلوم کی جا سکتی ہو بشرطیکہ اس کی اکائیاں مقدار میں ایک دوسرے سے زیادہ متفاوت نہ ہوں بلکہ قریب قریب ہوں‘ مثلاً اخروٹ اور انڈے۔‘‘

لہٰذا یہ وہ دلائل ہیں جن کی بنیاد پر ہم قرضوں کی انڈیکسیشن کو نہ تو شرعاً جائز سمجھتے ہیں اور نہ ہی بینکوں کے لیے قابل عمل۔

سوال10: معاصر اسلامی بینک متعین منافع کے مروّجہ طریقے‘جیسے مرابحہ اور مشارکہ متناقصہ وغیرہ کی جو شکلیں استعمال کر رہے ہیں کیا وہ مقاصد شریعت کے مطابق ہیں اور کیا انہیں سود کا صحیح اسلامی متبادل سمجھا جا سکتا ہے؟

جواب:اس سوال کا ایک مختصر اور سادہ سا جواب تو یہ ہے کہ متعین منافع کے مروجہ طریقے

جیسے مرابحہ اور مشارکہ متناقصہ جو عہد حاضر کے اسلامی بینکوں میں رائج اور مستعمل ہیںوہ اپنی حالیہ مروّج شکلوں میں شریعت کے مقاصد سے ہم آہنگ نہیں ہیں اور اسی لیے انہیں سود کا حقیقی متبادل قرار نہیں دیا جاسکتا۔یہی وجہ ہے کہ ان طریقہ ہائے تمویل کے بارے میں وہ علماء جو اسلامی بینکاری کے ماہرین تصور کیے جاتے ہیں‘ بھی اس رائے کے حامل ہیں کہ انہیں شریعت کی طرف سے مقرر کردہ شرائط کا پورا لحاظ رکھتے ہوئے صرف انتہائی ضرورت کے موقع پر استعمال کرنا چاہیے۔چنانچہ مولانا محمد تقی عثمانی اس بارے میں اظہارِرائے کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’اسلامی بینکاری اپنے بنیادی تقاضوں کو پورا نہیں کر رہی‘ نہ ہی مشارکہ کی طرف کسی قسم کی پیش رفت کی قابل ذکر کوششیں موجود ہیں۔ مرابحہ ‘ اجارہ وغیرہ کا استعمال بھی روایتی معیارات LIBORوغیرہ کے ’’فریم ورک‘‘ میں ہوتا ہے جس کا آخری نتیجہ مادی طور پر سودی معاملے سے مختلف نہیں ہوتا۔ بعض اسلامی بینکوں میں یہ بات محسوس کی گئی ہے کہ ان میں مرابحہ و اجارہ کو بھی ان کے شرعاً مطلوب طریق کار کے مطابق اختیار نہیں کیا جاتا‘‘۔

(اسلامی بینکاری کی بنیادیں، حقیقت پسندانہ جائزہ، ص ۴۹۔۲۴۸)

اسی طرح مولانا خود تسلیم کرتے ہیں کہ مرابحہ اور اجارہ کو ایک حیلہ کے طور پر اختیار کیا گیا تھا ،اس لیے اس کو مستقل حیثیت دینا ہرگز ٹھیک نہیں ہے۔ چنانچہ وہ خود فرماتے ہیں:

''یہ ایک حیلہ نکالا گیا ہے اور اس کے حیلہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں، اس لیے میں جہاں بھی دخیل ہوں وہاں اس بات پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں کہ مرابحہ اور اجارہ کے معاملات کم کرو اور رفتہ رفتہ ''شرکت'' اور ''مضاربت'' کی طرف بڑھو اور جہاں ایسا نہیں کرتے وہاں سے میں رفتہ رفتہ الگ بھی ہورہا ہوں، اس واسطے کہ بس ہوگیا، ایک حیلہ کرلیا --- اپنی ساری سرگرمیاں اسی پر رہیں، یہ ٹھیک نہیں۔'' (بحوالہ ماہنامہ ''ندائے شاہی'' مرادآباد فروری ۲۰۰۴ء انٹرویو)

متذکرہ بالا معتدل اندازِ فکر کی بناء پر جمہور علماء کا موقف یہ ہے کہ سود کے متبادل کے طور پر تمویل کے اصل اسلامی متبادلات مشارکہ اور مضاربہ ہیں جن کا مروجہ اسلامی بینکاری میں خاطر خواہ حجم نہیں پایا جاتا بلکہ اس کی جگہ مرابحہ، اجارہ اور مشارکہ متناقصہ کے ذریعے بینکنگ سیکٹر میں جو طریقے اختیار کیے گئے ہیں وہ مقاصد شریعہ اور مثالی تمویلی طریقوں کو غیر مؤثر کرنے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ چنانچہ ضرورت اس امر کی ہے کہ غیر سودی بینکاری کے لیے مشارکہ اور مضاربہ کی طرف انحصار بڑھایا جائے اور مرابحہ، اجارہ اور مشارکہ متناقصہ وغیرہ کو ان

کی اصل شرعی شکلوں پر برقرار رکھتے ہوئے نظام بینکاری میں ان کے استعمال کے حوالے سے غیر مقبول حیلوں سے حتی الوسع بچا جائے۔

تاہم یہ بات اپنی جگہ اہم ہے کہ بینکاری میں اسلامی تمویل کے حقیقی متبادلات کے اختیار کرنے میں موجودہ ''ماحول'' کی اصلاح کے لیے انقلابی اقدامات کی شدید ضرورت ہے۔چنانچہ ایک ایسے ماحول میں جہاں تاجر دوہرے کھاتے رکھتے ہوں، اپنا حقیقی منافع ظاہر کرنے سے گریزاں ہوں، نظامِ ٹیکس میں کرپشن عروج پر ہو، بینکوں میں جمع کرائی گئی رقوم کو بغیر احتیاطی تدابیر اختیار کیے ایسے کاروباری حضرات کے حوالے کرنا ایک ایسا خطرہ مول لینے کے مترادف ہوگا جس سے ادارہ اور کھاتہ دار دونوں متاثر ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ اندریں حالات ایسے معاہدات اور طریقے اختیار کرنا جن سے فکسڈ منافع کی توقع ہو، صرف اس شرط کے ساتھ قابل قبول ہوگا کہ انہیں شرعی طور پر شفاف(in letter & spirit) طریقوں کے مطابق ہی اختیار کیا جائے اور اُن حیلہ سازیوں سے بچا جائے جو اہلِ علم کے لیے سردست تشویش کا باعث ہیں۔

سوال 11: اسلامی تمویل کے مقاصد کیا ہیں؟ کیا اسلامی تمویل کے جدید طریقوں سے یہ مقاصد پورے ہو رہے ہیں؟
جواب: اسلام کے مالی معاملات کے حوالے سے عہدِ حاضر کے ماہرین اور تجزیہ نگاروں نے اپنی تحریروں میں کثرت سے اس بات پر زور دیا ہے کہ اس نظام کی بنیاد اخلاقی اقدار اور حصولِ مقاصدِ شریعت پر قائم ہونی چاہیے۔ ان سکالرز کے نزدیک' اسلام کے مالیاتی نظام کو درج ذیل اقدار اور مقاصد سے ہم آہنگ ہونا چاہیے:

i) سرمایہ داری اور ارتکازِ دولت کی حوصلہ شکنی
ii) سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور سرمایہ کاروں کے لیے منصفانہ منافع
iii) سماجی اور معاشی انصاف کی فراہمی
iv) حقیقی معاشی سرگرمی کا ماحول پیدا کرنے میں معاونت
v) معاشرتی ذمہ داریوں میں شرکت

اگر افادیت اور مقاصد کے اعتبار سے' موجودہ اسلامی بینکنگ اور مالیاتی نظام کا جائزہ لیا جائے تو پتا چلتا ہے کہ یہاں شریعت کے مقاصد جلیلہ اور اقدار کو وہ مقام نہیں دیا گیا جو ان کا حق تھا۔ بینک اپنی تمام تر توجہ کاروباری معاہدے کے فقہی اور قانونی پہلوئوں کے التزام پر

مرکوز رکھتے ہیں' بجائے اس کے کہ افادیت اور مقاصد کو سامنے رکھا جائے۔ عمومی طور پر وہ اپنے لین دین میں مقاصد شریعت کے حصول کی بجائے شریعت کے صرف نواہی کا خیال رکھتے ہیں' جیسے کہ ربا' غرر' یسر' قمار (جوا) وغیرہ۔ یہ طرزِفکر بعض اوقات حقیقی مقاصد کے حصول میں ناکامی کا باعث بنتا ہے۔ اسلامی بینک اپنے کاروبار میں کبھی کبھی حیلوں پر بھی انحصار کرتے ہیں' یعنی ایسے عذر اور حیلے اختیار کرنا جن سے اسلامی قانون کی گرفت سے بچا جا سکے۔ اس قسم کے طریقوں میں تورق' عینہ کی بنیاد پر سکوک اور کئی دوسرے لین دین شامل ہیں' جن کے ذریعے زیادہ سرمایہ جمع کرانے والوں کو منافع کی بلند شرح کے وعدے دلائے جاتے ہیں۔ ایسے سودے بظاہر ایک مؤثر قانونی معاہدے کی ضروریات پوری کرتے ہیں لیکن ان پر عمل درآمد سے اسلامی مالیاتی نظام کے اصل اہداف تک رسائی ممکن نہیں رہتی۔ اس لیے کہ ایسے آلاتِ زر بالبداہت کسی معاشی سرگرمی کا باعث نہیں بنتے۔ ان کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ ایک خاص منافع کے ساتھ سیّالیت کی سہولت بھی فراہم کر دی جائے۔ بھاری رقوم جمع کرانے والوں کو ''ہبہ'' کے نام پر منافع کی تقسیم بھی ایک حیلہ ہی ہے۔

اسلامی بینک عموماً کسی قسم کی معاشرتی فلاح و بہبود میں حصہ نہیں لیتے' حالانکہ وہ آسانی کے ساتھ ایسا کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے وہ کرنٹ کھاتوں میں جمع شدہ بھاری رقوم کے فوائد میں سے کچھ حصہ مختص کر سکتے

ہیں‘ جن پر وہ خود تو کثیر منافع کماتے ہیں لیکن کھاتے داروں کو کچھ ادا نہیں کرتے ‘کیونکہ کرنٹ اکاؤنٹ کی حیثیت ایک طرح کے قرض کی ہوتی ہے جو رقم جمع کرانے والے کی جانب سے بینک کو دیا جاتا ہے۔ لہٰذا قرض دہندہ اس کے عوض کسی قسم کے نفع کا استحقاق نہیں رکھتا۔

اسلام کی روح سے ہم آہنگ اپنی ایک الگ شناخت بنانے کے لیے اسلامی بینکنگ کی زیادہ توجہ کسی معاہدے کے قواعدوضوابط اور قانونی موشگافیوں کے بجائے مقاصد ِشریعہ اور اقدار پر ہونی چاہیے۔ صرف اسی صورت میں ایک ایسا بینکنگ نظام وجود میں آئے گا جس کی بنیاد شریعت پر ہو اور وہ معاشرتی اہداف کے حصول کے اعتبار سے اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں مصروفِ عمل ہو۔ لیکن اس کے لیے لازم ہے سودی بینکوں کے ساتھ ''مقابلہ'' کی کیفیت کا خاتمہ ہو‘ جو سود پر مکمل پابندی کے بغیر ممکن نہیں !

61

سوال12: ہنڈیوں اور ٹریڈ بلز پر مروجہ ڈسکاؤنٹنگ کا اسلام کے مالیاتی نظام میں کیا متبادل ہے؟ اس حوالے سے اسلامی بینکوں کے اختیار کردہ طریقے کیا شریعت کی روح کے مطابق ہیں؟

جواب: بینکنگ کے روایتی (Conventional) نظام میں Discounting of trade bills ایک قدرے سہل اور سادہ نظام ہے ‘لیکن چونکہ یہ نظام متعین شرح سود پر قائم ہے اس لیے اسے من و عن اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ روایتی طریقہ کار کے مطابق کوئی مالیاتی ادارہ کسی تجارتی بل میں کٹوتی کر کے بل کے حامل شخص کو ایک ایسی رقم دیتا ہے جو اس بل کی قدر عرفی سے کم ہوتی ہے۔ اس لیے کہ یہ ادائیگی بل کی مدت مکمل ہونے سے پہلے کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک بل جس کے عوض تین ماہ کے بعد 100,000 روپے ادا کرنا ہیں‘قبل از وقت ادائیگی کی صورت میں بینک اس کے عوض 90,000 روپے دے گا۔ یہ صریحاً ربا ہے‘جسے شریعت نے حرام قرار دیا ہے۔

آج کا اسلامی بینک کٹوتی کے بجائے 100,000 روپے کا تجارتی بل وصول کر کے اس کی مدتِ تکمیل‘مثلاً تین ماہ تک اسے بطور ضمانت اپنے پاس رکھتا ہے۔ گاہک کے ساتھ 90,000 روپے میں مرابحہ کا الگ معاہدہ کیا جاتا ہے‘جس میں خریدار کو اصل لاگت 90,000 روپے کے ساتھ منافع کا حصہ تقریباً10,000 روپے‘ ملا کر مقررہ مدت کی تکمیل پر 100,000 روپے ادا کرنا ہوتے ہیں۔ یہ عرصہ اس تجارتی بل کی مدت سے مطابقت رکھتا ہے جسے بطور ضمانت قبول کیا گیا ہوتا ہے۔ تجارتی بل کی مدت مکمل ہونے پر ‘بینک اجراء کنندہ یعنی خریدار کے مقروض شخص سے بل وصول کرتا ہے۔ یہ رقم اس ادائیگی میں استعمال ہوتی ہے جو مرابحہ کے تحت مقررہ مدت کی تکمیل پر

گاہک کو واجب الادا ہوتی ہے۔

اس ضمن میں ایک اور مروّجہ طریقے کے تحت' اسلامی بینک بل کی کٹوتی کے بجائے خریدار کو اسی مالیت کا قرض حسنہ دیتے ہیں۔ پھر اسی خریدار کے نمائندے کی حیثیت سے اجراء کنندہ یعنی خریدار کے مقروض شخص سے بل وصول کرتے ہیں اور اس خدمت کے عوض محنتانہ طلب کرتے ہیں۔ اگرچہ اسلامی نظریاتی کونسل نے کٹوتی کے متبادل کے طور پر اس طریقہ کار کی توثیق کر دی ہے' تاہم اسلام کے مالی معاملات پر گہری نظر رکھنے والے سکالرز اس ترکیب کے شرعی جواز پر حقیقی نوعیت کے تحفظات رکھتے ہیں۔

کٹوتی کے حوالے سے تیسری صورت یہ رائج ہے کہ اسلامی بینک تجارتی بل کے حامل

شخص کے ساتھ بیع سلم (مستقبل میں حوالگی) کا معاہدہ کر لیتے ہیں۔ بینک اس شخص سے بل کی مالیت' مثلاً ایک لاکھ روپے کے لیے 1000 ڈالر حاصل کر کے انہیں بینک کے حوالے کر دیتا ہے۔ بینک یہ ڈالر مارکیٹ میں موجود قیمت پر بیچ دیتا ہے۔ معاہدہ کرتے وقت اور اس کی تکمیل پر ڈالر کی قدر میں جو فرق ہوتا ہے' وہ منافع کی صورت میں بینک کے پاس آجاتا ہے۔

اس قسم کی سوداکاری کے پیچھے یہ مفروضہ کارفرما ہے کہ موجودہ دَور میں مستعمل کاغذی کرنسی اصل میں کوئی سکہ نہیں ہے' لہٰذا اس پر ربا الفضل کے اصول کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا۔ یوں شرعی طور پر دو کرنسیوں کے تبادلے میں تاخیر کی اجازت مفروض ہوتی ہے۔ یہ دلیل کاغذی کرنسی سے متعلق امت مسلمہ کے مجموعی نقطۂ نظر سے متصادم ہے۔ فقہ کے تمام قابل ذکر ادارے اس بات پر متفق ہیں کہ عملی مقاصد کے لیے کاغذی کرنسی کی حیثیت درہم اور دینار کی طرح ہے۔ لہٰذا رقم کے تبادلے کی مدت میں کسی قسم کی تاخیر یا اضافہ ربا ہی کے ذیل میں شمار ہو گا۔

ہماری رائے میں اسلامی بینکوں کے ٹریڈ بلز کی ڈسکاؤنٹنگ کے مذکورہ بالا طریقے اسی وقت حقیقی ''اسلامی'' بن سکیں گے جب کنوینشنل بینکوں کے سودی طریقے قانوناً ممنوع قرار پا جائیں گے اور بینکوں پر سے وہ پابندی ہٹا دی جائے گی جس کی بنا پر بینک آج صرف ایک financial intermediary ہی بن سکتا ہے اور عملی طور پر تجارت نہیں کر سکتا۔ ایسی صورت میں بینک کسی KIBOR یا LIBOR کا پابند نہیں ہو گا بلکہ مارکیٹ میں مروج تجارتی شرح منافع کے معیارات کا پابند ہو گا۔ اس لیے کہ اسلامی نظام میں بینک عملاً بھی تجارتی سرگرمیوں کا مرکز ہو گا۔

سوال 13: کرنٹ اکاؤنٹ رکھنے والوں کے حق میں بینک اپنی خدمات کی فراہمی کے ضمن میں جو ترجیحی سلوک روا

رکھتا ہے کیا وہ شریعت کے اصولوں کے مطابق ہے؟

جواب: رسول اکرم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ مقروض کوئی ہدیہ یا تحفہ قرض خواہ کو کسی بھی شکل میں پیش کرے۔ شریعت میں قرض کی بنا پر ایسے کسی ترجیحی سلوک کی گنجائش نہیں' یہاں تک فرمایا کہ اگر ایسا کیا جائے گا تو یہ بھی اپنی حقیقت کے اعتبار سے ربا قرار پائے گا' سوائے اس کے کہ مقروض اور قرض خواہ کے مابین ہدیوں اور تحائف کا لین دین معاہدۂ قرض سے پہلے بھی ہوتا ہو! چونکہ کرنٹ اکاؤنٹ کے لیے کیے گئے معاہدے کے تحت رقم جمع کرانے

والے اور بینک کے درمیان تعلق بالترتیب قرض خواہ اور قرض دار کا ہوتا ہے' لہٰذا بینک (جس کی حیثیت قرض لینے والے کی ہے) کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ کرنٹ کھاتے دار کو ایسا کوئی اکاؤنٹ رکھنے کے عوض سامان کی شکل میں تحفے' مالی ترغیبات' خدمات یا ایسے فوائد دے جن کا جمع کرائی گئی/نکلوائی گئی رقم سے کوئی تعلق نہ ہو۔ ان ترغیبات میں مختلف اخراجات سے مکمل یا جزوی استثناء شامل ہے' جیسا کہ کریڈٹ کارڈ چارجز' ڈیپازٹ بکس' رقم کی منتقلی' لیٹر آف گارنٹی' لیٹر آف کریڈٹ۔ البتہ ایسی ترغیبات جو صرف کرنٹ کھاتوں سے متعلق نہیں ہیں' ان پر اس اصول کا اطلاق نہیں ہوتا۔

سوال14: اگر انٹرسٹ پر مبنی معاملات اور قوانین کو غیر اسلامی قرار دے دیا جائے تو ماضی میں بیرونی ممالک سے جو قرضے لیے گئے تھے اور مسلم و غیر مسلم ممالک سے جو مالی معاہدے کیے گئے تھے ان کے بارے میں کیا طریقہ اختیار کیا جانا چاہیے؟

جواب: اصولی اور نظری اعتبار سے ان میں سے جو قرضے اور مالی معاہدات سودی لین دین پر مبنی ہیں وہ حرام ہیں 'کیونکہ قرآن و سنت کے احکام کی خلاف ورزی کر کے 'اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کا عہد توڑ کر کوئی معاہدہ کرنا اور پھر اس معاہدے کو پورا کرنا حرام ہے۔ لہٰذا اس حرام سے بچنے کے لیے ایک مسلمان کے لیے شرعاً ایسے معاہدہ کو توڑ دینا واجب ہے۔ ایسے معاہدات اور بین الاقوامی قرضے جن میں سود کی ادائیگی شرط ہے ان کے باطل اور فاسد ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا' کیونکہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللهِ ' مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللهِ فَلَيْسَ لَهٗ وَاِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ مَرَّةٍ(صحیح البخاری 'کتاب الصلاۃ' رقم: ۴۵۶)

''کیا بری حالت ہے ان لوگوں کی جو ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں جائز نہیں ہیں۔ جس نے بھی کوئی ایسی شرط لگائی جو اللہ کی کتاب میں جائز نہ ہو تو اس کی یہ شرط پوری نہ کی جائے گی اگرچہ اس نے سو مرتبہ لگائی ہو

۔‘‘

حضرت عمر فاروق اور ان کے صاحبزادے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے:

كُلُّ شَرْطٍ خَالَفَ كِتَابَ اللهِ فَهُوَ بَاطِلٌ ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ

حضرت عمر فاروق اور ان کے صاحبزادے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے:

كُلُّ شَرْطٍ خَالَفَ كِتَابَ اللهِ فَهُوَ بَاطِلٌ ، وَإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ (صحیح البخاری ‘کتاب الشروط ‘رقم: ۲۷۳۴)

’’جو شرط اللہ کی کتاب کے خلاف ہو وہ باطل ہو گی ‘اگرچہ سو مرتبہ لگائی گئی ہو۔‘‘

مذکورہ روایات سے یہ بات بے غبار ہو جاتی ہے کہ سودی لین دین کی شرط سے کیے گئے بین الاقوامی معاہداتِ قرض ‘عقودِ فاسدہ اور باطلہ کے زمرے میں آتے ہیں جن کو توڑنا واجب ہے۔

امام بخاریؒ نے کتاب العلم میں ایک باب قائم کیا ہے جس کا عنوان ہے:’’باب اذا اصطلحوا علی جور فھو مردود‘‘یعنی اس بارے میں باب کہ جب فریقین خلافِ شریعت شرائط پر صلح کر لیں تو یہ معاہدہ کالعدم ہو گا۔ انہوں نے ایسے مردود اور باطل معاہدوں کے کالعدم ہونے پر یہ حدیث نقل کی ہے کہ ایک شخص کے ملازم نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا تھا۔ زانی کے والد نے سو بکریوں اور ایک لونڈی کے بدلے میں صلح کروا لی۔ جب رسول اللہ ﷺ کو علم ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

((لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللهِ ، اَمَّا الْوَلِيْدَةُ وَالْغَنَمُ فَرَدٌّ عَلَيْكَ ،وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ ،وَاَمَا اَنْتَ يَا اُنَيْسُ، فَاغْدُ عَلَى امْرَأَةِ هٰذَا فَارْجُمْهَا)) فَغَدَا عَلَيْهَا اُنَيس فَرَجَمَهَا (صحیح البخاری ‘کتاب الصلح: رقم ۲۶۹۵)

’’میں تمہارے درمیان کتاب اللہ کے ذریعے فیصلہ کروں گا ‘ایک لونڈی اور تمہاری بکریاں تمہیں واپس کر دی جائیں گی ‘ اور تمہارے بیٹے کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال ملک بدر کیا جائے گا۔ اور اے انیس تو کل صبح صبح اس عورت کے پاس جاؤ اور اس کو رجم کرو۔ حضرت انیس اس کے پاس گئے اور اسے رجم کر دیا۔ ‘‘

ان ارشاداتِ مبارکہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کتاب و سنت میں جن عقود‘معاہدات اور عہدوں کو پورا کرنے کی تعلیم دی گئی ہے ان میں وہ معاہدات اور عقود شامل نہیں جو فاسد شرائط کی وجہ سے مردود اور باطل قرار پاتے ہیں۔ سودی لین دین پر مبنی معاہدات بھی اسی قبیل سے ہیں۔

وفاقی شرعی عدالت بھی قانون معاہدہ 1972ء کی دفعہ 23 کے بارے میں 20 اکتوبر 1983ء کو فیصلے دے چکی

ہے کہ دفعہ 23میں اس معاہدے کو بھی کالعدم قرار دیا جائے جو قرآن کریم اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کی رو سے ممنوع ہو اور سپریم کورٹ کے شریعت بینچ نے بھی

دفعہ23 کے بارے میں وفاقی شرعی عدالت کے حکم کی توثیق کی ہے۔ یہ فیصلہ زیر بحث مسئلے میں بھی نظیر بن سکتا ہے ‘اس لیے کہ سود دینے یا لینے کا معاہدہ بھی قرآن و سنت کے خلاف ہے‘ لہٰذا کالعدم ہونا چاہیے۔

ان معاہدات کو کیسے ختم کیا جائے؟

جب اصولی اور نظری طور پر یہ طے پا گیا کہ سود یعنی ربا ناجائز اور حرام معاملہ ہے اور کسی مسلمان فرد یا مسلم مملکت کو یہ جائز نہیں کہ وہ ربا کی بنیاد پر کسی مسلمان یا غیر مسلم کے ساتھ کوئی معاہدہ کرے تو اب نجی یا ملکی سطح پر ماضی میں کیے گئے سودی معاہدات کا معاملہ شرعی سے زیادہ سٹریٹیجک اور طریقہ کار کی نوعیت کا ہوگا‘ جو ملکی حالات‘ اندرونی و بیرونی قرض خواہوں کے مسلمان یا غیر مسلم ہونے اور ان کے ساتھ کیے گئے معاہدات کی تفصیلات کے اعتبار سے تقدیم و تاخیر اور جزئیات میں ایک دوسرے سے جزوی طور پر مختلف ہوسکتا ہے۔ البتہ مندرجہ ذیل اقدامات ناگزیر ہوں گے۔

(۱) آئندہ کے لیے طے کردیا جائے کہ نہ اندرونِ ملک اور نہ ہی بیرونِ ملک سے کسی بھی قسم کا سودی معاملہ کیا جائے گا۔

(۲) یہ بھی طے کردیا جائے کہ اندرونِ ملک سے جو سودی معاہدات روبعمل ہیں انہیں اصل زر کی حد تک honour کیا جائے گا اور سود کی clause کو آئندہ سے ختم تصور کیا جائے گا۔

(۳) سرکاری قرضوں کے اوپر نہ سود دیا جائے گا اور نہ ہی لیا جائے گا۔

(۴) بینک اپنے کھاتہ داروں کو شراکت و مضاربت کی بنیاد پر منافع میں سے حصہ ادا کرے گا۔

(۵) حکومت اپنے جاری اخراجات اور developmental projects کے لیے اگر عوام سے مختلف بانڈز اور سیکورٹیز کے نام پر رقم حاصل کرنا چاہے گی تو وہ رقم صرف غیر سودی بنیادوپر حاصل کی جاسکے گی۔

(٦) بیرونی قرضوں کے ضمن میں یہ تدبیر اختیار کی جاسکتی ہے کہ بیرونی قرض خواہوں سے اس بات پر negotiate کیا جائے کہ چونکہ سود قانوناً ممنوع قرار پایا جاچکا ہے اس لیے ہم سود دینے سے معذور ہیں ‘لہٰذا وہ ہمارا سود معاف کردیںاور اصل زر کی واپسی کے لیے ایک ٹائم فریم طے کرلیا جائے۔ اگر وہ اس پر راضی نہ ہوں تو انہیں

debt-for-equity swap کی طرز کی آپشنز دی جائیں جس کے ذریعے وہ اپنے اصل زر اور متوقع اضافے کا مقصد پورا کرسکیں۔ البتہ آئندہ بیرونی ذرائع سے بھی کوئی سودی قرضہ حاصل نہ کیا جائے اور اس کے لیے اپنے وسائل پر ہی

تکیہ کیا جائے اور اخراجات میں drastically کمی کی جائے تاکہ ملک کو قرضوں کے اس چنگل (ٹریپ) سے رفتہ رفتہ نکالنے کا اہتمام ہوسکے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ قرض کی اصل رقوم کی جلد از جلد ادائیگی کا بندوبست کیا جائے اور حتی الوسع کوشش کی جائے کہ سود کی رقم سے چھٹکارا مل جائے۔ تاہم اگر بین الاقوامی مالیاتی قوانین کے تحت سود کی رقم کی ادائیگی ناگزیر ہو اور عدم ادائیگی کی صورت میں کسی بڑے فساد کا اندیشہ ہو تو یہ ادائیگی بھی بکراہت کر دی جائے ‘کیونکہ ایسے عقد مردود سے باہر آنا بے حد ضروری ہے ‘جبکہ آئندہ ایسے عقد سے مجتنب رہنا تو بالکل واضح ہے۔

متعدد عالمی قوانین مثلاً غیر جمہوری حکومتوں کی طرف سے لیے گئے قرضوں سے قوم کی بریت وغیرہ سے فائدہ اٹھا کر بھی سودی رقم معاف کرانے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح لمبی مدت تک قرض کی واپسی کی بجائے دو تین بڑی اقساط کی صورت میں ادائیگی کی کشش پر بھی سودی رقم کو جزوی یا کلی طور پر ختم کروایا جانا بھی ممکنات میں سے ہے۔ یہاں یہ بھی سوال اُٹھایا جا سکتا ہے کہ حکومت آئندہ سودی قرضوں کے حصول سے کیسے رک سکتی ہے جبکہ ملکی معیشت کی حالت دگرگوں ہے ؟ ہماری طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ حکومت کو خود انحصاری کا راستہ اختیار کرنا چاہیے اور اس کے لیے درج ذیل خطوط پر ٹھوس منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔

(a) ملکی وسائل اور ذخائر کا اپنی پالیسیوں کے تحت درست سمت میں بھرپور استعمال۔ مثلاً اگر دیانتداری سے کام لیا جائے تو پاکستان میں ہائیڈرو ‘ونڈ ‘سولر ‘کول ‘ایٹمی جیو تھرمل و دیگر ذرائع سے پانچ سے دس سال کی مدت میں 60 ہزار میگا واٹ بجلی بنائی جا سکتی ہے۔ تھرکول ‘ ریکوڈک ‘سینڈک و دیگر قیمتی ذخائر کو استعمال میں لا کر قوم کی قسمت بدلی جا سکتی ہے۔

(b) شاہانہ اخراجات اور خسارے کی سرمایہ کاری ‘بجٹ کے خسارے اور تجارتی خسارے کا خاتمہ۔

(c) کرپشن پر قابو کیا جائے۔ اس وقت 1000 ارب روپے سے زیادہ کی کرپشن اور ٹیکس چوری ہے۔

(d) حکمرانوں ‘سیاست دانوں اور افسران کے بیرونی ملک اکاؤنٹس کی ملک میں واپسی سے

سرمائے کی قلت پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

(e) لوٹی ہوئی دولت کی بازیابی۔ اب عالمی قوانین معاون بھی ہیں ‘کم از کم 150 ارب ڈالر رقم واپس مل سکتی ہے۔

(f) بیرون ملک پاکستانیوں سے تعمیر وطن کے لیے زر مبادلہ فراہم کرنے کی اپیل۔

(g) زکوٰۃ اور ٹیکسز کی بلا امتیاز مؤثر وصولیوں کا معتدل نظام۔

اگر کوئی یہ کہے کہ حکومت ایسے قرض اضطراری حالت میں لیتی ہے لہٰذا ''الضرورات تبیح المحظورات'' اور ''ما أبیح للضرورة یقدر بقدرها'' کے شرعی قواعد کے تحت بین الاقوامی سودی معاہدوں اور ان کی بنیاد پر سود کی ادائیگی کی

اجازت دی جا سکتی ہے تو ہمیں اس منطق سے اس لیے اتفاق نہیں ہے کہ ان شرعی قواعد کے اطلاق کے لیے جو شرائط شریعت نے مقرر کی ہیں وہ یہاں مفقود ہیں۔

* * *

پاکستان میں انسدادِ سود کی کوششوں کی تاریخ اور مستقبل کے امکانات

حرمت سود

مندرجہ ذیل امور پر اب نہ صرف یہ کہ علماء کے مابین کوئی اختلاف نہیں بلکہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل اور فیڈرل شریعت کورٹ دونوں کا فیصلہ بھی اس کی تائید میں ہے کہ:

1) سود حرامِ مطلق ہے چاہے وہ ''مرکب'' ہو یا ''سادہ''۔

2) سود حرام ہے چاہے قرضہ انفرادی ضرورتوں کے لیے ہو یا تجارتی مقاصد کے لیے۔

3) سود صرف قرض میں ہی نہیں ہوتا بلکہ بیع میں بھی ہوتا ہے۔ قرض کے سود کو(جو کہ عام طور پر روپے پیسے میں ہوتا ہے) ربا النسیئہ اور بیع کے سود کو (جو کہ اشیاء کی خرید و فروخت یا اشیاء کے قرض میں ہوتا ہے) ربا الفضل کہتے ہیں۔

4) اگر کوئی معاملہ سودی ہو تو اسے حرام جاننا چاہیے، چاہے اس میں ''ظلم'' بظاہر نظر آئے یا نہ آئے۔ مثلاً اگر صرف ایک فیصد شرح سود پر قرضہ دیا جا رہا ہو تو بھی یہ حرام ہو گا جبکہ اگر کسی بیع میں سو فیصدی منافع کمایا جا رہا ہو اور اس میں کوئی اور شرعی قباحت نہ ہو تو وہ جائز ہو گی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فتنہ انگیزوں کے اعتراض {اِنَّمَا الْبَیْعُ مِثْلُ

الرِّبٰوا ٗ} کا بس اتنا ہی جواب دیا ہے کہ {وَ اَحَلَّ اللّٰہُ الۡبَیۡعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ}
پاکستان میں انسدادِ سود کی کوششوں کی تاریخ

1)اسلامی آئیڈیالوجی کونسل کا فیصلہ (ruling
) 1969-12-23 : اس فیصلے میں ہر نوع کے ''interest ''کو ''ربا'' قرار دیا گیا ہے چاہے قرض کا مقصد ،شرح اور مدت کچھ بھی ہو اور فریقین کوئی بھی ہوں۔
2)کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کو29-9-77کا صدارتی حکم:
اس میں کونسل کو حکم دیا گیا کہ وہ غیر سودی اسلامی معیشت کے خدوخال پر مبنی رپورٹ تیار کرے۔ کونسل نے اس مقصد کے لیے ماہرین کا ایک پینل تشکیل دیا جنہوں نے اپنی رپورٹ بنائی۔ کونسل نے اس

رپورٹ کا جائزہ لے کر اس میں ضروری ترمیمات کر کے اپنی ایک الگ رپورٹ تیار کی اور12-6-80 کو جاری کر دی۔ یہ ایک بہت اہم اور غیر سودی مالیات پر ابتدائی اعتبار سے نہایت مفید دستاویز ہے۔ یہ رپورٹ غیر سودی مالیات کے ضمن میں ایک مکمل خاکہ (blue print)مہیا کرتی ہے اور اس میں تجارتی اور صنعتی مقاصد کے لیے سرمایہ کی فراہمی کے لیے بارہ متبادل صورتیں (alternative modes of financing)بھی تجویز کی گئیں ہیں۔
(نوٹ: یہ رپورٹ اواخر1980 ءتک وزارت خزانہ کے ''سردخانے'' میں پڑی رہی۔ یہاں تک کہ اس کی اشاعت عام پر بھی پابندی لگی رہی اور اس کی ''رہائی'' اور طباعت و اشاعت کی اجازت کا مرحلہ اس وقت طے ہو سکا جب اس وقت کے آئیڈیالوجی کونسل کے چیئرمین جناب جسٹس (ر)تنزیل الرحمن صاحب نے ڈاکٹر اسرار احمد صاحب سے اس کی شکایت کی ،جو اُس وقت جنرل ضیاء الحق کی نامزد مجلس شوریٰ کے رکن تھے۔ چنانچہ ان کے پُرزور اصرار پر جنرل صاحب موصوف نے اس کی طباعت کی اجازت مرحمت فرمائی !)
(3 سٹیٹ بینک کا حکم نامہ برائے کمرشل بینکس1980ئ
:اس سرکلر میں تمام کمرشل بینکوں کو ہدایت کی گئی کہ یکم جنوری1981ء سے کونسل کی رپورٹ کے مطابق اپنے

آپریشنز کو اسلامی خطوط پر استوار کر لیں۔ یعنی آئندہ سے نہ تو interest-bearing deposits قبول کریں اور نہ ہی interest-bearing lending جاری کریں۔ کھاتہ داروں کے لیے پہلے سے جاری کرنٹ اکاؤنٹ کو برقرار رکھتے ہوئے سیونگ اکاؤنٹ کی بجائے پی ایل ایس اکاؤنٹ شروع کیا گیا اور تجارتی و صنعتی سرمایہ کاری کے لیے بینکوں کو مندرجہ ذیل 12 متبادل صورتوں کا پابند کیا گیا:

* مضاربہ
* مشارکہ
* اجارہ
* اجارہ و اقتنائ
* equity participation
* rent sharing
* اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے بیع مرابحہ کی صورت میں مارک اپ فنانسنگ
* جائیداد کی خرید کے لیے buy back معاہدات
* ٹریڈ بلز
* Participatory Term Certificates
* سروس چارجز کی بنیاد پر غیر سودی قرضے
* قرض حسنہ

ٹیٹ بینک کا سرکلر نمبر 12 برائے کمرشل بینکس 1984ء: اس سرکلر کے مطابق بینکوں کو اجازت دی گئی کہ وہ بیع مرابحہ کی قیود سے آزاد مارک اپ فنانسنگ کی اساس پر عام قرضے بھی جاری کر سکتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بینکوں نے مضاربہ، مشارکہ، اجارہ وغیرہ کی بنیاد پر فنانسنگ ختم کر کے ان میں سے اکثر کے لیے مارک اپ کو اختیار کر لیا اور شرعی طور پر جائز modes of financing میں بھی ایسی تبدیلیاں کر لیں اور ایسی شرائط رکھ لیں کہ ان کی شکل بگڑ کر غیر شرعی یا سودی ہو گئی۔ (5 فیڈرل شریعت کورٹ کا فیصلہ 1991ئ: نومبر 1991ء کے اس فیصلے کے مطابق ملکی مالیاتی نظام کے جملہ معاملات میں اور قوانین میں interest پر ''الربا المحرم'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ مزید برآں ''مارک اپ'' کے نام پر جو نام نہاد غیر سودی فنانسنگ جاری ہے وہ بھی درحقیقت ''سود'' ہی ہے۔ کورٹ نے وفاقی حکومت کو ہدایت دی کہ 30 جون 1992ء تک تمام سودی معاملات سے سود کو ختم کر کے غیر سودی متبادلات کو جاری کیا جائے۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں مذکورہ تاریخ کے بعد سودی لین دین سے متعلق تمام قوانین

غیر مؤثر ہو جائیں گے۔

(6فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلہ کے خلاف حکومتی اپیل

:حکومت نے فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے ماہرین کے ذریعے بینکاری کا متبادل نظام تجویز کرنے کی مساعی شروع کرنے کے بجائے سپریم کورٹ کے اپیلیٹ بینچ میں اس فیصلے کے خلاف اپیل دائر کردی اور تا حال معاملہ سپریم کورٹ کے پاسpending ہے۔ اس دوران سپریم کورٹ نے ایک سوال نامے کے ذریعے ملک کے معروف علمائ، اکانو مسٹس اور قانون دانوں سے مختلف معاملات پر ان کی آراء اور تجاویز مانگی ہیں۔ گویا سپریم کورٹ تمام معاملات کا از سر نو جائزہ لینا چاہتی ہے۔

(7کمیشن فار اسلامائزیشن آف دی اکانومی:

مرکزی حکومت نے فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کے ساتھ ساتھ متذکرہ بالا عنوان سے ایک کمیشن بھی قائم کیا جس کا سربراہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر ہی کو بنایا گیا۔ اس کمیشن نے جون 1992ء میں ماہرین کے ایک ورکنگ گروپ کے کام پر مبنی رپورٹ (جو طبع تو ہو گئی ہے لیکن منظر عام سے غائب کر دی گئی ہے) میں یہ رائے دی کہ مارک اپ سمیت تمام قسم کےinterest اصلاً ربا ہی ہیں۔

گویا اس طرح انسداد سود کی اب تک کی جملہ مساعی کا حاصل صفر ہے۔ اور اس وقت پاکستان میں بینکوں کیFINANCING کی اکثر و بیشتر اور اہم تر مدات میں تو اعلانیہ طور پر مارک اپ کا وہ اصول کار فرما ہے جو کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی، فیڈرل شریعت کورٹ ، اور

کمیشن فار اسلامائزیشن سب کے نزدیک ''ربا'' ہے۔ مزید برآں جن چند غیر سودی مدات کا آغاز کیا گیا تھا ان میں سے بعض اگرچہ بظاہر ابھی جاری ہیں، جیسے اجارہ، مشارکہ، تعمیراتی فنانسنگ اورICP، N.I.T کی سکیمیں، ان سب کے قواعد و ضوابط میں بھی رفتہ رفتہ جو تبدیلیاں کر دی گئی ہیں ان کی بنا پر یہ سب بھی ''ربا'' ہی کی صورت اختیار کر چکی ہیں اور1991ء میں فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے سے جو نئی تاریخ شروع ہوئی تھی اسے اپیل کے ''سردخانے'' میں ''منجمد'' کر دیا گیا ہے!

موجودہ صورتحال

1)بینکنگ

بینکوں کےoperations میں فی الوقت مشکل ہی سے کوئی ایسا عمل ہو گا جس کے بارے میں وثوق سے کہا جا

سکے کہ وہ عین شرعی اصولوں کے مطابق ہے۔ خاص طور پر بینکوں کی آمدنی والا حصہ ! تفصیل درج ذیل ہے:

*آمدنی کے ذرائع:

بینکوں میں جمع شدہ ایک خطیر رقم مندرجہ ذیل مدات میں منقسم ہے جس سے بینکوں کو آمدن حاصل ہوتی ہے۔

1) سرکاری تمسکات(securities)میں سرمایہ کاری سے حاصل شدہ سود۔

2) سٹیٹ بینک کی reserve requirment جس میں بینکوں کو اپنے کھاتوں کا کچھ حصہ لازماً سٹیٹ بینک میں رکھوانا ہوتا ہے' جس پر انہیں ''بینک ریٹ'' پر سود ملتا ہے۔

3) کاروباری قرضوں سے حاصل شدہ سود(جس کے لیے مارک اپ کا نام استعمال ہو رہا ہے۔)

4) Trade Bills (ہنڈیوں) کی خرید و فروخت، جو ''مارک ڈائون'' کی بنیاد پر خریدی بیچی جاتی ہیں۔ نیز قلیل مدت کے Over Draft جاری کیے جاتے ہیں جن پر مارک اپ(سود) وصول کیا جاتا ہے۔

5) طویل اور قلیل مدتوں کی دیگر نجی ضروریات کے لیے قرضوں پر سود !

6) فنانشل لیزنگ سے حاصل شدہ مارک اپ ۔آمدنی کی اس مد میں بینک ، لیزنگ کمپنی یا مضاربہ کمپنی مختلف اداروں یا افراد کو مشینیں، آلات، زمین ، عمارت اور گاڑی وغیرہ کی خرید کے لیے قرضہ فراہم کرتی ہے۔ خرید کردہ شے کو رقم فراہم کنندہ کی ملکیت تصور کیا جاتا ہے، اگرچہ وہ شے کی خرید، اس کی دیکھ بھال اور شکست و ریخت کے اخراجات سے بری ُالذمہ ہوتی ہے۔ لیزنگ کمپنی کو صرف اپنی اصل رقم اورمارک اپ سے دلچسپی ہوتی ہے اور اس کے لیے اس معاہدے میں کوئی کاروباری خطرہ (Business Risk) نہیں ہوتا۔

مندرجہ بالا تمام فنانسنگزمیں مارک اپ کا اصول اپنایا گیا ہے جو اسلامک آئیڈیالوجی کونسل، فیڈرل شریعت کورٹ اور کمیشن فار اسلامائزیشن آف اکانومی سب کے نزدیک سود ہی ہے۔

7) Operating Lease :یہ طریقہ شرعی اصول اجارہ کے قریب ہے۔ فنانسنگ کے اس طریقے میں لیزنگ کمپنی کو شے کی خرید، اس کی دیکھ بھال اور شکست و ریخت کے وہ جملہ خطرات اور اخراجات برداشت کرنا ہوتے ہیں جو شرعی اصول اجارہ کے تحت ضروری ہیں۔ اس کا استعمال اول تو بہت کم ہے، ثانیاً اس کی تفصیلات میں بھی بعض امور شرعی نظر سے قابل اعتراض ہیں۔

8) مشارکہ: اس اصول کے تحت بھی بہت ہی تھوڑی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ لیکن قوانین ایسے بنائے گئے ہیں کہ نہ تو بینک کو نقصان اٹھانا پڑے اور نہ ہی اس کا منافع ایک خاص شرح سے نیچے آئے۔ جس سے یہ بھی سود ہی کے مشابہ ہو جاتا ہے۔

9) P.T.C :(Participatery Term Certificate): یہ سرمایہ کاری طویل میعادی نفع و نقصان کی شراکتی بنیاد

پر ایجاد کی گئی ہے۔ وہ کاروباری ادارے جو طویل مدتی قرضے حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں وہ نفع و نقصان میں شراکت کی بنیاد پرPTC جاری کرتے ہیں۔ مختلف بینک اورDFIs انPTCs کے عوض خواہشمند اداروں کو پہلے سے طے شدہ شرح منافع (profit ratio)پر قرضے جاری کرتے ہیں' جبکہ نقصان کی تقسیم اصل زر کی مقدار کے مطابق ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ اس طریقے میں بینکوں کے لیے بعض اندیشے(risk)تھے' لہٰذا1989ء میں اسے ترک کر دیا گیا۔ P.T.C اگرچہ بعض جزئیات کے اعتبار سے غیر اسلامی معاملہ تھا' تاہم غیر سودی مالیات کے ضمن میں یقیناپیش رفت تھی' جسے بعد ازاں(TFC (Term Finance Certificates سے تبدیل کر دیا گیا' جو صریحاً مارک اپ اور مرکب سود کی ایک شکل ہے۔

10) تعمیراتی فنانسنگ:1979ء میں اس کا آغاز Rent Sharing کی بنیاد پر کیا گیا جو شرعی نقطہ نگاہ سے ایک قابل عمل تجویز تھی 'لیکن اس وقت اس مد سے فنانسنگ اصل زر، مدت، اور افراطِ زر کی شرح دیکھ کر ایسے انداز میں کی جا رہی ہے جو سودی طریق ہی کی مختلف شکل ہے۔

11) NITاورICP کی سکیمیں : ان دو اداروں نے گھریلو بچتوں کو نفع و نقصان میں شراکت کی بنیاد پر جمع کرنے کا آغاز کیا' لیکن بعد ازاں ان کی سرمایہ کاریP.L.S اکاؤنٹ اورT.F.C اور Financial Leasing میں بھی ہونے لگی جس سے ان میں بھی سود کی جزوی آلائش شامل ہو گئی۔

---

* ادائیگیاں :بینکوں کو دو اہم مدوں میں ادائیگیاں کرنی ہوتی ہیں:

(1 کھاتے(Deposits): اس مد میں بینک اپنی مجموعی منافع میں سے، جو اکثر و بیشتر سود پر حاصل کیا جاتا ہے 'کچھ حصہ کھاتہ داروں کو تقسیم کر دیتا ہے اور بڑا حصہ خود اپنے پاس رکھ لیتا ہے۔

(2 قرض (Borrowing of a Commercial bank from other banks) دوسرے بینکوں سے قرض پر سود کی شکل میں ادائیگی ہوتی ہے 'جبکہ سٹیٹ بینک کو نفع و نقصان کی بنیاد پر ادائیگی کی جاتی ہے۔

حکومت کے لین دین

حکومت کے اکثر لین دین قرض پر مبنی ہوتے ہیں، جو کہ سود کے ساتھ لیے دیے جاتے ہیں۔ مثلاً

* سٹیٹ بینک سے قرضہ مارک اپ کی بنیاد پر
* صوبائی حکومتوں کو مرکزی حکومت کا سودی قرضہ
* حکومت کا اپنے ملازمین کو سودی بنیاد پر مکان اور گاڑی وغیرہ کے لیے قرضہ
* سرکاری ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ (provident fund) پر سود کی ادائیگی
* حکومت کی بڑے پیمانے پر مختلف بچتوں کی سکیموں اور مختلف بانڈز کے تحت عوام سے قرضے اور ان پر سود کی

ادائیگی

* بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگی اور وصولی

* مرکزی حکومت کا نیم خود مختار اداروں کو سود پر قرضہ

مستقبل کے امکانات

(ا) مندرجہ ذیل بنیادوں پر غیر سودی بینکاری نظام کو مستقل طور پر استوار کیا جا سکتا ہے:

i) شراکتی سرمایہ کاری، یعنی مضاربہ اور مشارکہ کی بنیاد پر نفع و نقصان میں شراکت۔

ii) بیع موجل، بیع سلم اور اجارہ(Leasing)کی بنیاد پر عقودبیع اور عقود اجارہ۔

iii TMCL (Time Multiple Counter Loan))کی بنیاد پر قلیل اور طویل مدتی قرضے برائے صارفین، تاجرین اور حکومت(تجویز کردہ شیخ محمود احمد مرحوم مصنف''سود کی متبادل اساس'' انگریزی و اردو، اور ایک ضخیم کتاب''MAN AND MONEY''جو ابھی زیر طبع ہے!)

iv) قرض حسنہ برائے صارفین و حکومت

(ب) ان بنیادوں پر بینکنگ کے نظام کا خاکہ کچھ اس طرح ہو گا کہ ایک طرف بینک نجی بچتیں کرنٹ اکاؤنٹ اور پی ایل ایس سیونگ اکاؤنٹ کی بنیاد پر اکٹھی کریں گے۔ اور دوسری طرف اوپر دیے گئےOptionsکے مطابق سرمایہ کاری کی جائے گی۔

1) اس مقصد کے لیے کرنٹ اکاؤنٹ کے علاوہ عام کھاتہ داروں سے نفع و نقصان کی بنیاد پر رقم وصول کی جائے گی' جو کہ مضاربہ اکاؤنٹ ، مشارکہ اکاؤنٹ، اجارہ اکاؤنٹ کے تحت ہوں گے۔ منافع کا تناسب بینک اور کھاتہ داروں کے درمیان پہلے سے طے کیا جائے گا۔ مثلاً [2/3 : 1/3] `[1/4:3/4]` [1/2 : 1/2] وغیرہ ۔متذکرہ بالا تینوں کھاتوں کو الگ الگ ایڈمنسٹر کیا جائے گا۔

2) یہ رقم بینک سرمایہ کاروں کو انہی مدات میں مہیا کریں گے اور ان سے شرح منافع الگ طے کریں گے(شرح منافع سرمائے کی طلب و رسد کے مطابق طے ہوں گے۔)

3) بچتوں کا یہ حساب سالانہ کے علاوہ روزانہ کی بنیاد پر بھی لگایا جائے گا اور ہر سال کے آغاز میں منافع کے تقسیم کی شرح طے کی جائے گی۔

4) بعض تجارتی قرضے، ٹریڈ بلز وغیرہ TMCL کے تحت مہیا کیے جائیں گے۔

5) ہائوس فنانسنگ مشارکہ متناقصہ(شرکت عنان) ٹریڈنگ اجارہ اور اجارہ و اقتناء کی بنیاد پر مہیا کیے جائیں گے۔

6) بینکوں کا سٹیٹ بینک سے مالی تعلق مضاربہ، P.T.C اور قرض حسنہ کی بنیاد پر استوار ہوگا۔

انسدادِ سود کے لیے عملی اقدامات

(ا) اصولی اور عمومی اقدامات

(1 دستور پاکستان میں وہ جملہ ترامیم فوری طور پر کر دی جائیں جن سے پاکستان کو کم ازکم اصولی اور دستوری سطح پر اسلامی ریاست یا نظام خلافت کا درجہ حاصل ہو جائے ! اس سے عوام میں عزم نو بیدار ہو گا اور ایثار، قربانی کا قومی جذبہ پیدا ہو گا۔

(2 حکومت پاکستان سود سے متعلق فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلہ کے خلاف اپیل تو فوراً واپس لے لے ‘البتہ اس کی تنفیذ کے لیے کچھ مہلت حاصل کر لے۔

(3 ربا کی حرمت اور اس کی خباثت کو آیاتِ قرآنیہ اور احادیث نبویہ (ﷺ) کے حوالے سے جملہ ذرائع ابلاغ کے ذریعے عام کیا جائے، تاکہ لوگ فرمان الٰہی : {یٰٓاَیُّہَا الَّذِیۡنَ

اتَّقُوا اللّٰہَ وَ ذَرُوۡا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوۤا اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ﴿۲۷۸﴾} (البقرۃ)کے مطابق سود کو چھوڑنے اور نقصان برداشت کرنے کے لیے ذہنی اور قلبی طور پر آمادہ ہوں۔

(4 ’’کمیشن فار اسلامائزیشن آف اکانومی‘‘ کو مؤثر بنانے کے لیے اس میں نسبتاً بڑے پیمانے پر ماہرین و علماء کو شامل کیا جائے اور انہیں اس کام کے لیے کل وقتی بنیاد پر مصروف کیا جائے۔ مزید برآں، انہیں وسیع تر اختیارات دیئے جائیں تاکہ وہ انسدادِ سود کے عمل کی نگرانی بہتر طریق پر کر سکیں۔

(5 حکومتی قرضوں کو کم کرنے کے لیے بجٹ کے خسارے کو کم کیا جائے اور اس کے لیے اخراجات میں کمی اور ٹیکسوں کے نظام کو مستعد اور حقیقت پسندانہ بنایا جائے۔

(6 عدالتی نظام کو مؤثر اور مستعد بنایا جائے اور عام افراد کو سودی مقدمے ختم کرانے کے لیے عدالتوں میں جانے کی اجازت ہو۔ اس کے لیے سود کو ختم کرنے کی ضروری عدالتی ترمیمات درکار ہوں گی۔ یہ عمل سود کے خاتمے کے لیے built-in mechanism مہیا کرے گا۔

(7 نئے ادارے وجود میں لائے جائیں جن کے تحت شرعی طور پر جائز تجارتی لین دین کیا جا سکے۔

(8 چونکہ سرمایہ یا نقد پر ’’ربا‘‘ کی لعنت کو بالکلیہ اس وقت تک ختم نہیں کیا جا سکتا جب تک زراعت کو بھی ’’ربا‘‘

سے پاک نہ کر دیا جائے، لہٰذا جاگیرداری اور غیر حاضر زمینداری میں سے بھی غیر اسلامی عنصر کو ختم کرنے کے لیے اقدامات کا آغاز کیا جائے۔

(ب) فوری اور لازمی اقدامات

(1 صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے باہمی قرضوں نیز وفاقی حکومت کے سٹیٹ بینک سے قرضے پر سود فوری طور پر ختم کر دیا جائے۔ اس لیے کہ اس سے آمدن اور اخراجات پر منجملہ کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ یہ کام فوری کرنا چاہیے۔

(2 نیم سرکاری اداروں اور کارپوریشنوں جیسے واپڈا، ریلوے اور پی ٹی سی وغیرہ کو جو قرضے حکومت نے دیے ہیں ان کو فوری طور پر ''ایکویٹی'' میں تبدیل کر دیا جائے!

(3 حکومت کی بچت سکیموں کے تحت حکومتی قرضوں پر مشتمل ہر نوع کے بانڈز، سرٹیفیکیٹ اور سیکیوریٹیز وغیرہ پر سود کی ادائیگی فوری طور پر بند کی جائے۔ نیز ان قرضوں کے اصل زر کی ادائیگی کے لیے مناسب لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے۔

(4 سرکاری ملازمین کو مکان، کار یا موٹر سائیکل کی خرید کے لیے دیے جانے والے قرضوں پر سے سود لینے اور GPF پر سود دینے کو فوراً ساقط کر دیا جائے۔

(5 بینک فنانسنگ کو حسب ذیل صورتوں میں از سر نو محدود کر دیا جائے، جیسے یکم جنوری 1981ء سے کیا گیا تھا:

(i شراکتی سرمایہ کاری، یعنی مضاربہ اور مشارکہ کی بنیاد پر نفع و نقصان میں شراکت

(ii بیع مؤجل، بیع سلم، بیع مرابحہ اور اجارہ (leasing) کی بنیاد پر عقود بیع اور عقود اجارہ

(iii ٹائم ملٹی پل کائونٹر لون (TMCL) کی بنیاد پر قلیل اور طویل مدتی قرضے برائے صارفین، تاجرین اور حکومت۔ (تجویز کردہ: شیخ محمود احمد مرحوم، مصنف ''سود کی متبادل اساس'')

(iv قرضِ حسنہ برائے صارفین و حکومت

(6 بین الاقوامی سودی قرضوں کی ایڈجسٹمنٹ کے لیے Debt-Equity Swap کا طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ اس طریقے میں غیر ملکی حکومتوں، اداروں کو اس بات کی اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے واجب الوصول قرضوں کے عوض ملک کے اندر حقیقی سرمایہ کاری کریں جس کے لیے حکومت انہیں لوکل کرنسی میں رقم مہیا کرنے اور ان کے منافع کی ادائیگی زر مبادلہ میں کرنے کی ضمانت دیتی ہے۔ اس کے لیے لاطینی امریکہ کے ممالک کا تجربہ مفید ہو گا۔

(7 تجارتی بینکوں کے لیے اجازت ہو کہ وہ رئیل انوسٹمنٹ اور ٹریڈنگ وغیرہ کے شعبوں میں بھی سرمایہ کاری کر سکیں۔ اس میں نہ کوئی شرعی قباحت آڑے آتی ہے اور نہ ہی کوئی دوسری مشکل ہے۔

(8 سٹاک مارکیٹ میں سٹہ بازی کی صریح ممانعت ہو اور حصص کی صرف حقیقی خرید و فروخت کی اجازت دی جائے۔

(9 بینکوں کے آڈٹ کا شرعی اعتبار سے ایک اضافی محکم نظام قائم کیا جائے۔

(10 ''قرض اتارو اور ملک سنو ارو مہم''میں سے پہلی دو صورتوں کو برقرار رکھتے ہوئے تیسری یعنی ''بچت اکاؤنٹ''کو فوراً ختم کیا جائے' اور اس کی بجائے زکوٰۃ وصول کی جائے' جس کے ضمن میں یہ ضمانت دی جائے کہ یہ صرف اور صرف اور براہ راست ملکی قرضے کی ادائیگی میں صرف ہو گی !

{وَ الَّذِیۡنَ جَاہَدُوۡا فِیۡنَا لَنَہۡدِیَنَّہُمۡ سُبُلَنَا ؕ} (العنکبوت:٦٩)

(شائع شدہ: ہفت روزہ ندائے خلافت ' شمارہ 42' سال 2015ئ)

* * *